فہرست

پیش لفظ

ہم سب نے عملیات کی کتابوں میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں تعویذات و نقوش لکھے دیکھے ہیں۔ صرف دیکھنے کی حد تک سوچا اور متاثر ہوئے ہیں کبھی یہ نہیں سوچا اور نہ ہی سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ کہ تعویزات و نقوش کیا ہیں؟ اور کس طرح بنے ہیں؟ ان تمام تعویزات و نقوش کی حقیقت کیا ہے؟ یہ تو عامل تعویز بھی نہیں بتا سکتا ہو گا۔ تعویزات کی سند و روایت نہ تو قرآن مجید کی روایت ہے اور نہ ہی احادیث نبوی صلعم کی اور نہ ہی کسی بھی اولیاء اللہ کی سوانح عمری سے یہ شے منقول ہے۔ اگر کوئی صاحب تعویز و نقوش کو دین اسلام کا حصہ جانتا ہے۔ تو یہ ان صاحب کی غلطی و جاہلیت ہے۔ یہ دین اسلام سے ہٹ کر فن عملیات ہے۔ اور اس فن کو سیکھنے والے شائق فن کہلاتے ہیں۔ کوئی تعویزات کا عامل بنتا ہے۔ کوئی چلہ کشی کرتا ہے۔ اور کوئی دوسرے عملیات سے متعلق عمل کرتا ہے۔ کچھ حضرات نوری علم سیکھ کر خلق خدا کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو کچھ حضرات نوری علم کی بجائے سفلی و کالے علم کو اپنی زندگی میں زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ اور خلقِ خدا کو زیادہ سے زیادہ نقصان و دوسری اذیتوں کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں اچھائی اور برائی میں کتنا فرق ہوتا ہے۔ یہ ہر کوئی بخوبی جانتا ہے۔ لیکن یہ کتاب نوری اعمال پر مشتمل ہے۔ اور اسکا ہر عمل، تعویز و نقش صحیح و ٹھیک طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ناقص عمل و تعویزات درج نہیں کیے گئے۔ اور نہ ہی کسی دوسری عملیات کتب کی نقل کی گئی ہے۔ ایک عامل و کامل بننے کیلئے جن چیزوں کی بنیادی ضروریات ہیں۔ وہ تمام کی تمام خلق خدا کے واسطے فی سبیل اللہ درج کردی ہیں۔ اب جو حضرات لکھے گئے طریقہ کار و ہدایات کو ملحوظ خاطر رکھیں گے۔ وہ انشاء اللہ تمام اعمال و تعویزات کو بالکل ٹھیک پائیں گے۔ اگر ان اعمال و تعویزات کو ہدایات کی بغیر کیا گیا تو وہ حضرات اپنے نفع و نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے۔ از پیر سیّد علی حُسَین شاہ سجّادہ نشین حضرت پیر سیّد محمّد شاہ

۲۔ غوُر طلب

یاد رہے کہ قُرآن مجید ۔انبیاء و اُولیا اللہ کی تاریخ سے عملیات و تعویزات کی کوئی سند نہیں ہے۔ تمام تعویزات و عملیات دین اسلام کا حصہ نہیں ہیں۔ بلکہ علیحدہ ایک علم ہے۔ جس کو شروع سے لیکر آخر تک سیکھنا پڑتا ہے۔ اگر صحیح طور پر اس علم کو نہ پڑھا جائے۔ صرف دیکھ دیکھ کر ہی کوئی عمل کرے۔ تو وہ ناقص اور بیکار ہے۔ مثلاً حروف ابجد ۲۸ ہیں۔ ان ۲۸ یا کم و بیش حرفوں سے تمام دنیا کی زبانیں اور علوم بنے ہیں۔ دنیا کی کوئی زبان بھی ان حروف سے باہر نہیں ہے۔ ان حروف کا تعلق علماء نے اپنے تجربے سے زیادہ سیارگان' بروج' اور طبائع پر کیا ہے۔ ۷ ستارے ہیں۔ ۱۲ بروج ہیں۔ ۴ طبائع ہیں۔ (آتش' باد' آب' خاک)۔ اسی طرح چاند کی ۲۸ منزلیں ہیں۔ ہر منزل کا حروف ابجد سے تعلق ہے۔ اور عملیات و تعویزات کی بنیاد بھی یہی ہے۔ اب جن حضرات نے عملیاتی دنیا میں اپنا سکہ جمانا ہو تو سب سے پہلے حروف ابجد و منازل قمر کے علم پر عبور پائیگا۔ پھر جو دوسرے واجبات ہونگے۔ ان پر عمل کرے گا تو عامل و کامل بنے گا۔ اگر بغیر ریاضت محنت و مشقت کے ان عملیات پر عبور پانا چاہے گا۔ تو کبھی بھی کامیاب نہیں ہو گا۔ اس لئے عملیات و تعویزات کے علم پر عبور حاصل کرنے کیلئے جن اشیاء کی بنیادی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ تفصیل وار درج کردی ہیں۔ آگے عامل کی ہمت و مشقت پر منحصر ہے۔ اب مثال کے طور پر ایک ڈاکٹر یا حکیم کے پاس جانے والے مریض اس بات کے گواہ ہیں کہ انہوں نے مرگی کے مرض کو دور کرنے کیلئے ان کی حاضری میں کبھی کسی کتاب سے مرض کا علاج نہیں بتایا بلکہ زبانی ہی مرض کو ڈھونڈ کر دوائی بھی تحریر کر دیتے ہیں۔ یہ مثال ڈاکٹر یا حکیم کی مسلسل محنت' ریاضت و جد و جہد کو ظاہر کرتی ہیں۔ یعنی انہوں نے مریض کا علاج کرنے سے پہلے اس پورے علم کو مسلسل محنت کے ساتھ ریاضت کر کے پھر عملیاتی دنیا میں قدم رکھا ہے۔ اور کامیاب ہیں۔ اسی لئے کتاب میں مندرج جو طریقہ کار لکھے گئے ہیں۔ اس پر ہر حال میں عمل کیا جائے۔ انہیں طریقہ کار میں کامیابی و کامرانی ہے۔

۳۔ عامل کا علم

حروج ابجد سے اتنی واقفیت ضرور ہو کہ اسم 'اسماء' آیات' اور عبادات مطلوبہ کے اعداد نکال سکے۔ بلکہ زبانی حفظ ہوں۔ بروج و کواکب کا بھی اتنا علم ضرور آتا ہو۔ جیسے بروج کی خاصیت و طالع' کواکب کے طلوع و غروب' شرف و ہبوط' رجعت و استقامت' عروج و زوال' اور انتقال بروج ان اوامر کیلئے تقویم کو دیکھنے کی پوری صلاحیت رکھتا ہو۔ بلکہ بروج و کواکب کے نام زبانی یاد ہوں۔ ساعات کے علم سے واقفیت ہو۔ تاکہ سعد و نحس ساعتوں کو سمجھ کر عمل شروع کرے۔ اس سے محنت ضائع نہیں جاتی۔ موکلات کو اخذ کر سکتا ہو۔ شرائط اعمال اور تعین اوقات کے طریق کار سے واقفیت ہو۔ ناموں کی خاصیت سعد و نحس دوستی و دشمنی کے جاننے کے طریقوں سے واقف کار ہو۔ آدمیوں کے ناموں کے موافق اسمائے الٰہی اور موکلات اخذ کر سکتا ہو۔ اور سوگند دینے کیلئے عزیمت تیار کر سکتا ہو۔

۴۔ عامل کے واجبات

عامل پر ہر وقت اور ہر حال میں باوضو اور باطہارت اور اکل حلال و صدق مقام رکھنا فرض ہے۔ جس وقت کوئی عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے بیٹھے تو وسواس شیطانی اور غلط خیالات کو قطعاً اپنے دل میں جگہ نہ دے۔ جس مقصد کیلئے بھی عمل کرے۔ مثلاً حُبّ کے عمل میں مطلوب کا تصور اور دشمنی کے اعمال میں دشمن کا کامل تصور رکھے۔ اور جن دنوں میں عمل پڑھنے بیٹھے۔ پرہیز موافق عمل جلالی' جمالی یا مشترک کرے۔ کھانے کی چیزوں میں بہت تاثیر ہوتی ہے جس سے نفع یا نقصان کا احتمال ہوتا ہے۔ نقش یا تعویذ لکھتے وقت کسی قسم کی منہ سے بونہ آتی ہو۔ مثلاً لہسن' پیاز حقہ' سگریٹ وغیرہ' عمل پڑھنے کیلئے جو وقت مقرر کرے اس کی ہر حال میں تا حصول مقصد تک پابندی کرے۔ کیونکہ اختلاف وقت بھی سراسر نقصان ہے۔ تعین مکان و جگہ بھی ضروری ہے اور عمل یا نقش کے ان لوازمات کو جس سے عمل یا نقش تحریر کرے ان اشیاء کا بندوبست پہلے سے ہی کر کے

رکھے۔ اور ان چیزوں کو کسی دوسرے کو استعمال نہ کرنے دے۔ جب عمل یا تعویذ لکھنے بیٹھے تو الحمد شریف' آیت الکرسی' اور چاروں قل شریف کو تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر لے یا اشارہ سے اپنے گرد دائرہ بنا لے اللہ کی پناہ میں رہیگا۔ جب کسی عمل یا نقش کی زکات دے دے تو ہر روز ۳'۵'۷' یا ۱۱ مرتبہ اس نقش کو تحریر کر لیا کرے۔ اور اگر عمل ہو تو طاق مرتبہ اسی عمل کو پڑھ لیا کرے۔ اس طرح کرنے سے عمل یا نقش کی زکات ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ زکات کے بعد روزانہ اسی پر مداومت کرے۔ زکات قائم رہے گی۔ مداومت کو چالیس دن ترک کر دینے سے زکات ختم ہو جاتی ہے۔ اور سارا عمل بھی ختم ہو جاتا ہے۔ عمل کی اجازت صاحب عمل سے لینی ضروری ہے۔ ورنہ اس کے کرنے سے نقصان اور فتور کا احتمال ہے۔ عمل کرنے والا عاشق صادق ہو اور ایسا مضطرب کہ شرع میں بھی اس کا جواز ہو۔ جب تمام کام ختم کرلے۔ تو شکرانہ کے نفل ادا کرے۔ پھر ختم دلوائے اعمال و زکات نقش کا ختم کس طرح دلوایا جاتا ہے۔ وہ طریقہ آگے درج ہو گا۔ باوضو قرآنی آیات کاغذ یا طشتری پر نہ لکھے اور نہ ہی بے وضو رہے اور جس کسی کو نقش یا طشتری پینے کے لئے دے تو پہلے یہ معلوم کر لے کہ سائل بے وضو ہے یا وضو کر کے آیا ہے۔ اگر کسی کو قبرستان میں رکھنے والے نقش دے تو جب کام پورا ہو جائے تو ان کو وہاں نکال کر پانی میں بہا دے اور جب کسی نے گھر یا دکان پر تعویذ کئے ہوں اور وہ بر آمد بھی ہو جائیں۔ خواہ وہ کسی مقصد کیلئے لکھے ہوں۔ تو ان کو فوری طور پر پانی میں بہا دیا جائے اور گھر آ کر نہا لے۔ ہر بندش دور ہو گی۔

۵۔ لوازمات نقوش

قلم' سیاہی' کاغذ' کپڑا' طشتری

جس قلم سے تعویذ و نقش تحریر کرے تو تراشتے وقت تین مرتبہ درود شریف اور پانچ مرتبہ الحمد شریف پڑھے۔ پھر قلم کو تراشے اگر قلم اعمال خیر' حب' و فتوحات کے لئے ہے تو قلم کا رخ اپنی طرف کر کے تراشے۔ اور اگر اعمال غضب' عداوت' دشمنی و ہلاکت کیلئے ہے تو قلم کا رخ اپنی طرف سے ہٹا کر دوسری طرف کر لے۔ جب تک اس قلم سے

تمام کام پورا نہ کرلے تب تک قلم کو زمین پر نہ رکھے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اس قلم سے جو کچھ بھی لکھا جائیگا اس کا نتیجہ لازمی ظاہر ہو گا۔ پھر نئے کام کرنے کیلئے وہی قلم استعمال کرلیا کرے۔ جس کو سب سے پہلے تراشا ہو گا۔ لیکن اعمال خیر والی قلم علیحدہ اور بغض والی قلم علیحدہ رکھے۔

سیاھی = سیاہی دو قسم کی ہوتی ہے۔ جو تعویذ و نقش لکھنے کے کام آتی ہے۔ ایک سرخ، دوسری نیلی یا کالی۔ سرخ یا زرد رنگ والی سیاہی زعفران سے حاصل کرتے ہیں۔ اور یہ تمام مقاصد خیر، حب، کاروبار، شادی و فتح مندی کے کام آتی ہے اور دوسری سیاہی اعمال غضب، بغض، دشمنی، زبان بندی، ہلاکت و جدائی کے کام آتی ہے۔ ہر دو سیاہیوں میں مناسب حال اضافے بھی کیے جاتے ہیں۔ مثلاً زعفران کو عرق گلاب یا کیوڑہ میں گھول لیں تو اس سے خوشبو میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور بغض کیلئے نیلی یا کالی سیاہی میں سرکہ و نوشادر ملانے سے بدبو میں اضافہ ہوتا ہے۔

کاغذ و کپڑا = کاغذ و کپڑا رنگ کے لحاظ سے منتخب کیا جاتا ہے اور یہ رنگ کواکب کے متعلقہ رنگوں سے لئے جاتے ہیں۔ عموماً اعمال خیر کے لئے سفید رنگ کا کپڑا یا کاغذ استعمال کرتے ہیں۔ اعمال شرف کے لئے سنہری کاغذ یا ریشمی کپڑا، اعمال غضب کے لئے سرخ، نیلا یا ملے جلے رنگوں والا کپڑا یا کاغذ حاصل کرکے اس پر عمل کی مناسبت کے نقش یا تعویذ تحریر کرکے استعمال کرتے ہیں۔ کپڑے و کاغذ پر رنگ چاہے ایک طرف ہی ہو۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر ابری کا کاغذ ہو تو مفید رہتا ہو۔ اور نقش جس کپڑے میں لپیٹے جائیں۔ یا تحریر کئے جائیں تو اس بات کا خاص طور سے خیال رکھا جائے۔ کہ وہ کواکب کے رنگ کے موافق ہو اور اگر اعمال حب و بغض میں طالب و مطلوب بصورت عداوت طرفین کے پہنے ہوئے کپڑے حاصل ہو جائیں تو پھر رنگوں و کاغذ سے کوئی تعلق نہیں رہتا پھر اعمال کے حساب سے سیاہی پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔ کہ اعمال خیر میں کونسی سیاہی استعمال ہوتی ہے اور اعمال بغض میں کونسی سیاہی۔ طالب و مطلوب کا کپڑا حاصل ہو جائے تو انسب رہتا ہے۔ خواہ وہ کسی رنگ کا بھی ہو۔

طشتری = طشتری یعنی چینی کی پلیٹ اس پر زعفران سے آیات و اسماء الٰہی تحریر کئے جاتے ہیں۔ جن کا تعلق جن' بھوت' آسیب' چڑیل اور اس قسم کی تمام تکالیف سے نجات حاصل کر کے شفاء حاصل کرنے تک تحریر کر کے پانی سے دھو کر مریض کو پلائی جاتی ہے۔ یا کسی کو بخار نے بہت سخت گھیرا ہوا اور کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوتا ہو۔ تو اس صورت میں بھی طشتری پر موافق اسماء الٰہی و آیات لکھ کر شہد ڈال کر یا تو چٹائی جاتی ہے۔ یا پھر پانی سے دھو کر پلائی جاتی ہے۔ تمام عملیات میں ان چیزوں کا گہرا تعلق ہوتا ہے۔ جس کی ہر بات کو سمجھتے ہوئے۔ عملیات کئے جاتے ہیں۔ پھر وہ ہر میدان میں کامیاب رہتے ہیں اور اگر اصول کے بغیر ہی عمل کئے جائیں تو کسی صورت میں کامیابی نہیں ہوتی۔

۷۔ بخورات

جس ستارہ میں جو عمل کرے۔ اس کے متعلقہ بخور جلانے ضروری ہوتے ہیں۔ طریقہ کار یہ کہ آگ کو کوئلوں کی انگیٹھی میں پاس رکھ لے۔ اور دوران عمل تھوڑا تھوڑا مرکب سفوف او ویہ کا اوپر ڈالتا رہے۔ بخور کا متعلقہ مقصد عمل' ستارہ و کوکب کے حساب سے دھواں ظاہر کرنا ہوتا ہے۔ بخور کئی اقسام کا ہوتا ہے۔ اگر عمل و ستارہ کی مناسبت سے بخور کو روشن کیا جائے گا۔ تو اس بخور سے مانوس ہوتے ہوئے وہ روحانی مخلوق حاضر ہو جائے گی۔ اور اگر بخور بدبودار مثل گوگل و حرمل کے ہو تو جنات متعلقہ عمل کی مناسبت سے حاضر ہوں گے۔ بخورات میں بعض ایسے مخلوط بخورات بھی ہیں۔ جن کو روشن کرنے یا جلانے سے جنات و روحانیات نظر آ جاتے ہیں۔ ان میں بہت زیادہ طاقت و قوت ہوتی ہے۔

جگہ و لباس

اعمال خیر میں جگہ و لباس صاف و معطر ہو۔ جگہ یا کمرہ میں پھلدار یا پھول دار درخت یا پودے کے پاس عمل یا نقش تحریر کرے اور کوئی جائے نماز یا عمدہ قسم کا کپڑا نیچے بچھائے۔ لباس سفید رنگ کا ہی استعمال کرے تو بہتر ہے اور اس لباس میں عطر ضرور لگائے

اور جگہ و کمرہ میں اگر بتی و بخور جلائے۔ جس سے کمرہ خوشبو سے مہکا رہے اور اعمال غضب میں خالی زمین یا پھٹی ہوئی بوری پر بیٹھے اور درخت نیب یا کیکر و دیوار کے سائے میں بیٹھ کر عمل یا نقش تحریر کرکے اور سر ننگا رکھے اعمال ترقی و حصول عزت و جاہ ثمندی کے لئے اونچی جگہ تخت یا چبوترہ پر بیٹھے اور سر کو ڈھانپ کر عمل یا نقش تحریر کرے۔

۸۔ طریق کار

مندرجہ بالا دیگر امورات کا تیاری نقش یا عمل میں لحاظ رکھنا چاہئے۔ وہ اس طرح کہ جگہ مقرر کرکے وہاں تمام لوازمات عمل اکٹھے کرے۔ غسل کا لباس مہیا کرکے عمل میں لائے۔ اور رجال الغیب کے نقشہ کو مد نظر رکھ کر ایسی نشست میں بیٹھے جو لائق و متعلقہ عمل ہو۔ اور جو رنگ متعلقہ عمل ہو یا اس کا لباس ہو یا نیچے ایسا کپڑا بچھائے یا اسی متعلقہ رنگ کا رومال سر پر باندھ لے۔ پھر بخور جلائے۔ حصار کرے اور نیاز کی تمام اشیاء سامنے رکھ کر اور دعوت کو اکب کا سلام پڑھے۔ جو کوکب کا متعلقہ سلام ہو صرف ایک مرتبہ سلام کرے۔ پھر نیت درست کرکے جو عزیمت' یا جو عمل یا نقش ہو وہ موقع کی مناسبت سے عمل میں لائے۔

رجال الغیب

رجال الغیب مردان خدا ہیں۔ جو عامل کی حرکات و سکنات میں خاص عمل دخل رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح فرشتوں کو نظام دنیا پر معمور کر رکھا ہے اور وہ فرشتے بحکم خدا ہر کام دنیا یا کسی بھی مقام کا بجالاتے ہیں۔ اسی طرح رجال الغیب اعمال روحانی خواہ اس کا تعلق ظاہر سے ہو یا باطن سے یہ روحانی دنیا کے حکمران ہیں۔ یہ اللہ کے حکم سے زمین کے گرد چکر لگاتے ہیں۔ ان کی تاریخیں مقرر ہیں۔ کہ آج یہ کس طرف گردش کرتے ہیں۔ اس لئے کوئی ابتداء عمل' وظیفہ' چلہ' مراقبہ یا نقش تحریر کرے۔ تو سب سے پہلے اس بات کا پتہ لگائے۔ کہ آج رجال الغیب کس طرف ہیں۔ اگر یہ روبرو ہوں تو باعث نحوست ہر عمل و نقش میں داخل ہوتی ہے۔ عامل ہرگز ان کی طرف یا ان کے روبرو

منہ کرکے ہرگز کوئی کام نہ کرے۔ کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے رجال الغیب کی سمت معلوم کرے اور ان کی طرف پشت رکھے یا ان کو دست چپ کی طرف کرلے اگر اس طریقہ کے خلاف کام کریگا۔ تو اگر حب کا عمل کریگا۔ تو دشمنی پیدا ہوگی۔ اس لئے جب عمل کے لئے بیٹھے تو جس طرف رجال الغیب ہوں۔ اس طرف منہ کرکے ان کو سلام کرے۔ اور امداد طلب کرے اس امر کے لئے اس عزیمت کو پڑھے اور سلام پڑھنے کے بعد اسی طرف منہ کرے۔ جس طرف بیٹھ کر عمل کرتا ہو۔ تو کھڑے ہو کر باادب واحترام سلام سینے پر ہاتھ رکھ کر پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَیُّھَا الْاَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃُ اَغِیْثُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ اُنْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ اَجِیْبُوْنِیْ بِدَعْوَۃٍ۔ یَا نُقَبَا یَا نُجَبَا یَا رُقَبَا یَا بُدَلَا۔ یَا اَوْتَارُ الْاَرْضِ اَرْبَعَتَہٗ یَا اِمَامَانِ یَا قُطْبُ یَا فَرْدُ یَا اُمَنَاءِ اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَۃٍ وَ انْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ وَ ارْحَمُوْنِیْ وَ حَصِّلُوْا مُرَادِیْ وَ مَقْصُوْدِیْ وَ قُوْمُوا عَلٰی قَضَاءِ حَوَائِجِیْ عِنْدَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْخِضْرِ۔

گردش رجال الغیب

اس گردش کو صحیح و ٹھیک طور پر جاننے کے لئے۔ علماء نے ایک شعر میں اس کو ترتیب دیا ہے۔ اس کو صحیح طور پر مطالعہ کرے پھر عمل کرے۔

کنج بامش　　　کنج مش
کنج بامش　　　کنج امش

ک:۔ سے مراد اگنی یعنی جنوب مشرق　　ب:۔ سے مراد بائب یعنی شمال مغرب
ن:۔ سے مراد نیرت یعنی جنوب مغرب　　الف:۔ سے مراد ایسان یعنی شمال مشرق

ج سے مراد جنوب　　　ش سے مراد شمال

غ سے مراد غرب　　　　م سے مراد مشرق

ہر طرف کا ایک ایک حرف متعلق کیا گیا ہے۔ اور شعر کے پہلے حرف سے یکم تاریخ قمری کو گنا جاتا ہے۔ اور آخر تک ۳۰ تاریخیں ہوتی ہیں۔
مثلاً ک کو پہلی ن کو دوسری ج کو تیسری غ کو چوتھی تاریخ ہوگی۔ اسی طرح قمری تاریخیں چار کو رجال الغیب مغرب کی طرف ہوں گے۔ یہ لفظ تاریخوں کے ساتھ اس طرح ہے۔ کنجغ۔ تمام الفاظ سے تاریخیں متعلق کرے۔

شرائط چلہ

کوئی بھی دعوت ' زکات یا چلہ کرنے سے پہلے کسی کامل استاد یا اپنے پیر و مرشد حقیقی سے اعمال و طریقہ کار کو سیکھے اور باقاعدہ اجازت حاصل کرے اور جس طرح مرشد و استاد فرمائے۔ اسی طریقہ سے عمل سرانجام دے۔ اگر اس کے مخالف کریگا۔ جذبات یا اپنی من مانی کریگا۔ تو اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔ جھوٹ بولنے اور فریب دینے سے پرہیز کرے۔ اس وجہ سے زبان کی تاثیر جاتی رہتی ہے۔ روزہ دار رہے۔ عمل یا چلہ شروع کرنے سے پہلے صدقہ و خیرات کرے۔ اس سے مراد پوری ہوتی ہے اور محتاجوں کو خوش کرنا اللہ کی خوشنودی ہے اور رحمت الٰہی جوش مارتی ہے اور صدقہ دینے والا اللہ کے نزدیک محبوب بن جاتا ہے۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی عمل سے تقریباً پہلے ہی شروع کردے۔ عین عمل کے وقت یا عمل کرنے والے دن سے اس پرہیز کو شروع نہ کرے۔ پرہیز پہلے شروع کرنے سے وہ پرہیز کا عادی بن جاتا ہے۔ اور مشکل نہیں ہوتی۔ نتیجہ پہلے ہی نکل آتا ہے۔ کہ میں اس عمل کو کرنے کے لئے پرہیز موافق عمل جلالی و جمالی کرسکتا ہوں یا نہیں۔ بدبودار اشیاء نہ تو چلہ سے پہلے کھائے اور نہ ہی چلہ کے بعد کیونکہ بدبودار اشیاء استعمال کرنے سے متعلقہ موکل پریشان ہوتے ہیں اور بجائے دعا کرنے کے بددعا کرتے ہیں۔ طہارت بدن و پاکیزگی لباس و مکان کا خاص خیال رکھے۔ غسل اور وضو کو اصول بنالے۔ بغیر غسل کے عمل پڑھنا شروع نہ کرے اور ہمیشہ یہ خیال رکھے۔ کہ کپڑا ناپاک نہ ہو اور جہاں پر بھی عمل یا چلہ کرے۔ وہی پر سوئے عورتوں اور لڑکوں سے مکمل اجتناب کرے۔ کیونکہ صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے اور ان کے میل ملاپ سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے۔ بہتر یہی ہوتا ہے کہ جب تک عمل ختم نہ ہو۔ اپنے حجرے یا کمرے سے باہر نہ آئے۔ اور نہ ہی کسی سے کوئی بات کرے۔ جو بات بھی کہنی ہو۔ وہ خود بولنے کی بجائے لکھ کردے اور جواب بھی لکھ کر حاصل کرے یہ سب سے زوداثر طریقہ ہے اگر کسی وجہ سے اعمال یا چلے سے کسی قسم کی بھی تاخیر واقع ہوجائے۔ تو عمل کو نہ چھوڑے۔ بلکہ مقصد کے حصول تک برابر کرتا رہے۔ اگر پھر بھی کوئی اثر ظاہر نہ ہو۔ تو

صاف سمجھ جائے۔ کہ یہ عمل کرنا اس کے بس کی بات نہیں ہے۔ پھر دوبارہ سے جتنی ہدایات لکھی ہیں۔ غور سے اپنی پیدا کردہ خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کرے۔ تب کامیاب ہو گا۔ عمل کوئی بھی ہو بیکار یا ناقص نہیں ہوتا۔ اپنی ہی وجہ سے کوئی بیکاری پیدا ہو جائے تو یہ علیحدہ بات ہے۔ جس طرح گاڑی کو چلانے کے لئے اس میں پٹرول کی ضرورت پڑتی ہے۔ اگر پٹرول کی بجائے پانی ڈال دیا جائے تو ناقص پانی ہے گاڑی نہیں کیونکہ گاڑی کو چلانے کے لئے جس بنیادی شے کی ضرورت پڑتی ہے۔ وہی حاصل کر کے گاڑی میں ڈال دی جائے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ گاڑی نہ چلے۔ اگر پھر بھی گاڑی نہ چلے تو پٹرول کی ضرورت پوری کرنے کے بعد پھر گاڑی کو اچھی طرح چیک کیا جاتا ہے۔ پھر گاڑی میں کوئی نقص ہوتا ہے جب وہ بھی ٹھیک کیا جائے۔ تو گاڑی بھی ٹھیک چلتی ہے۔ لیکن پٹرول ڈال کر گاڑی کو چیک کرنا ایک بنیادی ضرورت ہے۔ اسی طرح عملیات میں اس مثال کو اچھی طرح سمجھ کر کوئی بھی عمل کریگا۔ تو انشاء اللہ کامیاب و کامران رہے گا۔ بعض اوقات کسی عمل میں لکھا ہوتا ہے کہ ایک چلہ کی تعداد فلاں ہے اور فلاں دن کامیاب ہو جائے گا۔ تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ایک چلہ ہی کرنا ہو گا بعض اوقات ۳، ۵، ۷ مرتبہ بھی ایک چلہ ہی کرنا پڑ جاتا ہے۔ وہ اس لئے کہ پیچھے ایک گاڑی اور پٹرول کی مثال بتاتی ہے۔ دوران چلہ اپنے کھانے، پینے کے برتن علیحدہ رکھے۔ اپنے کپڑے خود دھوئے۔ اپنا کھانا خود پکائے۔ عمل پڑھنے کے لئے جو وقت مقرر کرے۔ اس کی پابندی ضرور کرے۔ چلہ یا عمل کی تکمیل کے لئے ابتدا نوچندی جمعرات کے دن سے کرے۔ نوچندی جمعرات کسے کہتے ہیں۔ یہ اکثر افراد کو پتہ نہیں ہے وہ اکثر غلطی کر جاتے ہیں۔

نوچندی جمعرات

جب نیا چاند نکلتا ہے۔ اس کے پہلے تین دن سو کے ہوتے ہیں۔ ان میں جو جمعرات آئے گی۔ وہ نوچندی جمعرات نہیں ہوگی۔ بلکہ چار تاریخ سے دس تاریخ کے اندر جو جمعرات آئے گی۔ وہ نوچندی ہوگی۔ چاہے وہ چار تاریخ کو آئے یا اس کے بعد جو طریقہ بتایا گیا ہے۔ اس طریقہ کے مطابق خود سمجھ لے کہ نوچندی جمعرات کسے کہتے ہیں۔ اگر کوئی

خاص ورد یا وظیفہ ہو اور عامل مقررہ وقت پر نہ پڑھ سکے۔ تو جس وقت فرصت ملے۔ اس وقت اپنے ورد یا وظیفہ کو اپنی تعداد کے مطابق نوچندی جمعرات سے آغاز کرکے اختتام کرلے۔

۱۳ خواص کواکب

اسی طرح کواکب کی خاصیتوں کو بھی خاص مدنظر رکھا جاتا ہے۔ ان اعمال میں جن میں ستارہ کی پابندی کی جاتی ہے۔ یا کسی ستارے میں عمل شروع کیا جاتا ہے اس جدول کو غور سے پڑھے پھر ہر عمل کے مطابق کرے۔

کوکب	رنگ	طبع	سمت	لذت	جلالی وجمالی	فطرت
شمس	اورنج طلائی	گرم	مشرق	شیریں	جلالی	سعد اکبر
قمر	سفید' ہلکا سبز	سرد	شمال	شیریں	جمالی	سعد اکبر
مریخ	سرخ	گرم	مغرب	نمکین	جلالی	نحس اصغر
عطارد	فیروزی سیاہی مائل	سرد	مغرب	شور	ذوجسدین	ہردو طبع
مشتری	سبز	گرم	مشرق	شیریں	جلالی	سعد اکبر
زہرہ	نیلا و سبز	سرد	مغرب	شیریں	جمالی	سعد اکبر
زحل	سیاہ سرخی مائل	گرم	جنوب	شور	جلالی	نحس اکبر

خواص بروج و کواکب

عملیات میں مزاج پہچان کر عمل یا تعویذ لکھے جاتے ہیں اور زکات میں بھی ان کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ اس جدول سے مراد یہ ہے کہ جس برج کو طالع بنائے اور عمل شروع کرے۔ تو منہ اس طرف کرے۔ جو اس کی متعلقہ سمت ہے۔ کپڑے کا رنگ وہی استعمال کرے جو اس کا ہے۔ منہ میں ویسی ہی چیز رکھے۔ جو اس کا مزہ ہے۔ اگر عامل یا جس کے لئے عمل کرنا ہو۔ تو پہلے معلوم کرے کہ اگر برج آتشی ہو۔ تو آتشی طالع میں کام کرے۔

منہ مشرق کی طرف کرے اور برج کے مطابق چلے۔ کامیابی ضرور بر ضرور ہوگی۔

۱۴۔ خواص بروج

بروج	رنگ	مزہ	طرف
حمل	زرد و سرخ	شیریں	مشرق
ثور	سیاہ و سبز	تلخ و تیز	جنوب
جوزا	سفیدی مائل زرد	تلخ و شور	مغرب
سرطان	سفید	شیریں	شمال
اسد	زرد و سرخ	شیریں	مشرق
سنبلہ	سیاہ و سبز	تلخ و تیز	جنوب
میزان	سفید زردی مائل	شور	مغرب
عقرب	سفید	شیریں	شمال
قوس	زردود سرخ	شیریں	مشرق
جدی	سیاہ و سبز	تلخ	جنوب
دلو	سفید و سبز	تلخ و شور	مغرب
حوت	سفید	شیریں	شمال

ایام نحس طالع

جس شخص کا جو طالع نکلے۔ وہ ان ایام میں اعمال خیر سے باز رہے۔ البتہ اعمال شر میں اسے کامیابی ہوگی۔ ان تاریخوں کے علاوہ باقی تاریخیں سعد ہیں۔

حمل—۶-۱۱-۲۰-۲۹ ثور—۴-۹-۲۴-۲۵-۲۷

جوزا—۳-۱۳-۱۷-۲۸-۳۰ سرطان—۸-۱۳-۱۸-۲۰-۲۸

اسد=۶-۱۳-۱۶-۲۱-۲۵ سنبلہ=۶-۱۷-۲۲

میزان=۲۲-۲۳-۲۸ عقرب-۴-۹-۱۳-۱۵-۲۴-۲۸

قوس-۴-۱۹-۹-۱۳ جدی=۱۷-۲۲-۲۴-۲۵

دلو-۱۲-۱۷-۲۳-۳۰ حوت=۱۳-۲۴-۲۹

اسماءالحسنٰی کے خواص عمل و نقوش استعمال کرنے کے بیان میں

اللہ تبارک و تعالٰی کے تمام اسماء ہی مقدس، محترم و عظیم ہیں۔ صرف ذات باری کا نام (اللہ) اسم اعظم ذات ہے۔ اسکے علاوہ تمام اسماء صفاتی ہیں۔ اللہ تبارک و تعالٰی نے ایک ایک اسم میں لاکھوں تاثیریں دی ہیں۔ یہ دراصل اپنے بندوں پر حصول مطالب کی تدبیریں عطا فرمائی ہیں جن سے حاجات بر آتی ہیں۔ اسماء حسنٰی کی قوت و طاقت سب سے اعلٰی ہے انہی کے ورد سے روحانی مراتب بھی ملتے ہیں اور یہ علم و جملہ علوم سے برتر ہے۔ بزرگان دین نے اسماء کی تاثیریں بیان کی ہیں لیکن اللہ تعالٰی نے جس قدر چاہا اپنے بندوں کو مطلع فرمایا ہے۔ اسماءالحسنٰی کے ورد یا زکات یا کسی حاجت کیلئے ذکر کی ضرورت پڑے تو سب سے پہلے اعتصام پڑھے پھر اختتام پڑھے ان کے بغیر ورد اکثر ناکامیاب ہی نظر آئے ہیں۔ ورد، وظیفہ، یا کسی حاجت سے پہلے اعتصام پڑھے

اعتصام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِيْرُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَقَدْ كَفٰی سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دُعَا لَيْسَ وَرَاءِ اللّٰهِ الْمُنْتَهٰی مَنِ اعْتَصَمَ بِحَبْلِ اللّٰهِ نَجٰی۔

اختتام = سُبْحَانَ اللّٰهِ مَنْ لَمْ يَزَلْ كَرِيْمًا وَّلَا يَزَالُ رَحِيْمًا

یہ اعتصام و اختتام تب پڑھے جب کوئی خاص حاجت ہو یا دعوت' زکات' ورد' یا چلہ کرنا ہو اور اگر اسماء سے متعلق موافق عمل ضرورت نقش ہو تو نقش کو اعتصام پڑھ کر تحریر کرے۔ یہ نقش کو تحریر کرنے میں دوہرا اثر رکھتا ہے نقش کو لکھنے سے پہلے کا اعتصام (سات مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورت اخلاص پڑھے) پھر نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر عمل کے مطابق استعمال کرے۔ اسماء الٰہی کا ورد اگر دن کو کرنا ہو تو (اَل) کے اضافے کے ساتھ پڑھنا زیادہ قبولیت رکھتا ہے جیسے اَلظَّاہِرُ' اَلبَاطِنُ وغیرہ اور اگر رات کو ورد وظیفہ کرنا ہو تو ندا کے ساتھ پڑھے جیسے یَا اَللّٰہُ' یَا غَفُوْرُ' یَا رَحْمٰنُ وغیرہ

اسم جلالی و جمالی کو ایک وقت میں نہ پڑھے اگر اسم مشترک ہو تو کوئی مضائقہ نہیں اگر دوران عمل بیمار ہو جائے تو ہر روز بلاناغہ تا صحت آیت الکرسی' اور سورت فاتحہ ایک ایک مرتبہ پڑھتا رہے۔ یہ قوت نہ ہو تو کسی پاک پرہیزگار آدمی سے ایک ایک مرتبہ سن لیا کرے اور یہی پانی پر دم کرکے پی لیا کرے۔ اسماء الٰہی کے ہر مرتبہ سے واقف ہو اور ان کے موکلات و ماہیات اصل کو خوب جانتا اور پہچانتا ہو اور اصل میں حقائق اشیاء اس پر روشن ہوں اور وہ ان حالات پر مغرور نہ ہو یعنی کشف و کرامات میں مبتلا نہ ہو۔ جو شخص ان صفات کا مالک نہ ہو اسے عماز دعوت کہتے ہیں یعنی اگر کسی کو اجازت دیتے ہیں تو اس میں تاثیر بہت کم ہوتی ہے کیونکہ وہ اسم الٰہی کے کامل نہیں عامل ہوتے ہیں۔ اگر خود سے ورد وظیفہ شروع کردے تو دعوت سے پہلے تین دن روزہ رکھے اگر اسم جلالی ہو تو سوموار کو' اور اگر جمالی ہو تو ہفتہ کو' مشترک ہو تو اتوار کے دن سے روزہ رکھنا شروع کردے۔ روزہ کے ایام کی مشغولیت کا طریقہ کار یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق استغفار پڑھے۔ دوسرے دن روزہ رکھ کر اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورت اخلاص ورد کرے جب تیسری رات آئے تو کھانا نہ کھائے۔ وضو کرکے گوشہ تنہائی میں بیٹھے اور استغفار پڑھنا شروع کردے پھر وہیں پر آرام کرے۔ پچھلی پہر رات کے اٹھے دوگانہ تحیۃ الوضو کرے اور دعا میں مشغول ہو اور اپنے باطن پر توجہ کرے پھر شرینی پر ختم دلوائے جیسا کہ طریقہ لکھا جائیگا۔ پھر اعتصام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر دعوت شروع کرے

خواہ دن کو کرے یا رات کو کرے۔ اسماء الحسنیٰ کے تمام نقوش کو مفرد اعداد میں پوری صحت کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ نقش لکھنے میں بھی نہایت آسان ہے۔ اگر کوئی بھی مقصد و حاجات کیلئے نقش کو تحریر کر کے استعمال کریگا تو فائدہ ہی فائدہ پائیگا۔ عمل و نقش لکھنے سے پہلے اچھی طرح جدول اسماء الحسنیٰ کو غور کے ساتھ پڑھے اور کوشش یہی کرے کہ اس کو زبانی حفظ کرلے۔

جدول اسماء الحسنیٰ

اسماء حسنیٰ	معانی	تعداد ابجد	موکل	فطرت	عنصر	خواص
اَللّٰہُ	اسم اعظم ذات	۶۶	اِسْرَائِیْلُ	جلالی	آتشی	تمام جملہ مقاصد کے لئے
اَلرَّحْمٰنُ	رحمت کرنیوالا	۲۹۸	اَمْوَائِیْلُ	جمالی	خاکی	پروردگار عالم کی رحمت کیلئے
اَلرَّحِیْمُ	رحم کرنیوالا	۲۵۸	اَمْوَائِیْلُ	جمالی	خاکی	فلاح دارین حاصل کرنے کیلئے
اَلْمَلِکُ	بادشاہت والا	۹۰	دَرْدَیَائِیْلُ	مشترک	خاکی	برائے قیام ملک
اَلْقُدُّوْسُ	منزہ و پاک	۱۷۰	عَطْرَائِیْلُ	جمالی	آبی	باطن کو پاک و صاف کرنے کیلئے
اَلسَّلَامُ	سلامتی والا	۱۳۱	حَمْوَائِیْلُ	جمالی	بادی	ہر علاج و مریض کی سلامتی کیلئے
اَلْمُؤْمِنُ	امن دینے والا	۱۳۶	دَرْدَیَائِیْلُ	جمالی	آتشی	نظر بد، جن، آسیب سے حفاظت
اَلْمُهَيْمِنُ	نگہبانی کرنیوالا	۱۴۵	دَرْدَیَائِیْلُ	جمالی	آتشی	علم اسرار و حقائق جاننے کیلئے
اَلْعَزِيْزُ	غلبے والا	۹۴	وَمَائِیْلُ	جمالی	آتشی	غلبہ، عزت و رزق کی وسعت
اَلْجَبَّارُ	جبروت والا	۲۰۶	کَلْکَائِیْلُ	جلالی	آتشی	دشمن کی مغلوبی و امن امان
اَلْمُتَكَبِّرُ	بڑائی والا	۶۶۲	دَرْدَیَائِیْلُ	جلالی	خاکی	بزرگی حاصل اور دشمنوں کو دفع کرنے
اَلْخَالِقُ	پیدا کرنیوالا	۷۳۱	حَمْکَائِیْلُ	جلالی	خاکی	قلب کی اصلاح و حاجت کے حل کیلئے
اَلْبَارِئُ	وجود پیدا کرنیوالا	۲۱۳	جَبْرَائِیْلُ	مشترک	آتشی	حقیقت کی جستجو و قبر میں راحت
اَلْمُصَوِّرُ	صورت بنانیوالا	۳۳۶	دَرْدَیَائِیْلُ	جمالی	آتشی	فرزند نرینہ حاصل کرنے کیلئے
اَلْغَفَّارُ	گناہ معاف کرنیوالا	۱۲۸۱	لُوْغَائِیْلُ	جمالی	آتشی	گناہوں سے توبہ و استغفار کیلئے
اَلْقَهَّارُ	قہر کرنیوالا	۳۰۶	عَطْرَائِیْلُ	جلالی	خاکی	دنیا چھوڑنا و حضوری اعداء
اَلْوَهَّابُ	بہت دینے والا	۱۴	رَحْمَائِیْلُ	جمالی	آتشی	ہر مقصد کے حصول و فراوانی رزق
اَلرَّزَّاقُ	رزق دینے والا	۳۰۸	اَمْوَائِیْلُ	جمالی	آتشی	عزت و غلبہ خاص رزق کے لئے
اَلْفَتَّاحُ	کھولنے والا	۴۸۹	سَرْحَائِیْلُ	جلالی	آتشی	ہر فتح حاصل کرنے اور قلب میں نور
اَلْعَلِيْمُ	علم رکھنے والا	۱۵۰	نُوْمَائِیْلُ	جمالی	خاکی	حضوری عزت و علمی اسرار کا ظاہر
اَلْقَابِضُ	قبض کرنیوالا	۹۰۳	عَطْرَائِیْلُ	جلالی	بادی	دشمنوں پر غلبہ اور دفع اعداء

اَلْبَاسِطُ	کشادہ کرنیوالا	۷۲	جبرائیل	جمالی	بادی	ہر جائز مقصد کو حاصل کرنے پر بچانے کیلئے
اَلرَّافِعُ	درجے بلند کرنیوالا	۳۵۱	اسرافیل	جمالی	بادی	رفعت و نوکری
اَلْخَافِضُ	پست کرنیوالا	۱۴۸۱	مکائیل	جمالی	آتشی	دشمنوں پر غلبہ و دفع اعداء
اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا	۱۱۷	زویائیل	جمالی	خاکی	دشمنوں پر غلبہ، حصول عزت
اَلْمُذِلُّ	ذلت دینے والا	۷۷۰	رویائیل	جمالی	آتشی	دشمن کو ذلیل، حصول غلبہ کیلئے
اَلسَّمِیْعُ	بہت سننے والا	۱۸۰	ممواکیل	جمالی	آتشی	ہر جائز دعا و قبولیت دعا کیلئے
اَلْبَصِیْرُ	بہت دیکھنے والا	۳۰۲	جبرائیل	جمالی	خاکی	آنکھوں کی بیماریوں سے نجات کیلئے
اَلْحَکَمُ	حکم کرنیوالا	۶۸	تحخیل	جلالی	آتشی	قرض، غربت، سفلی عمل ختم کرنے کیلئے
اَلْعَدْلُ	انصاف کرنیوالا	۱۰۴	لومائیل	مشتری	آتشی	برائی چھوڑ کر، بھے انصاف کیلئے
اَللَّطِیْفُ	نرمی کرنیوالا	۱۲۹	کاکائیل	جمالی	آتشی	آزمائش و ظالم حاکم پر غلبہ کیلئے
اَلْخَبِیْرُ	خبر رکھنے والا	۸۱۲	مکائیل	جمالی	آتشی	حل اسرار و رموز جاننے کیلئے
اَلرَّقِیْبُ	نگہبانی کرنیوالا	۳۱۲	اسرافیل	جمالی	آتشی	دنیاوی شر جن و انس کے دفعیہ کیلئے
اَلْحَلِیْمُ	بردبار	۸۸	تحخیل	جمالی	آبی	دشمن پر غلبہ، تمام عالم کو مسخر کرنے کیلئے
اَلْمُجِیْبُ	قبول کرنیوالا	۵۵	دردائیل	جمالی	آتشی	ہر جائز دعا کی قبولیت کے لئے
اَلْوَاسِعُ	وسعت کرنیوالا	۱۳۷	دردائیل	جمالی	خاکی	ہر فتح حاصل کرنے و وسعت رزق
اَلْحَکِیْمُ	حکم کرنیوالا	۷۸	تحخیل	جمالی	خاکی	اپنا حکم جاری اور حکومت حاصل کرنے کیلئے
اَلْوَدُوْدُ	محبت کرنیوالا	۲۰	دردائیل	جمالی	آتشی	ہر عورت و مرد کو تسخیر و مسخر کرنے کیلئے
اَلْعَظِیْمُ	عظمت والا	۱۰۲۰	لومائیل	مشترک	آبی	بزرگی و دوسروں پر عزت و شہرت کے لئے
اَلْغَفُوْرُ	بخشنے والا	۱۲۸۶	نوخائیل	جمالی	خاکی	تمام گناہوں کی بخشش و خلاصی وسوسے
اَلشَّکُوْرُ	قدر کرنیوالا	۵۲۶	عمرائیل	جمالی	خاکی	ہر علاج مرض کی تندرستی کیلئے
اَلْعَلِیُّ	بلند مرتبے والا	۱۱۰	لومائیل	جمالی	خاکی	ہر فتح نصرت و بلند مرتبے کیلئے
اَلْکَبِیْرُ	بزرگی والا	۲۳۲	عزرائیل	جمالی	آتشی	ہر کسی پر غلبہ، رعب و عزت و جاہ
اَلْحَفِیْظُ	حفاظت کرنیوالا	۹۹۸	تحخیل	جمالی	خاکی	ہر حفاظت انس، جن و ہر شیطان
اَلْمُقِیْتُ	قوت و توانائی والا	۵۵۰	رویائیل	جمالی	آتشی	ہر طرح کے نقصان سے بچنے کیلئے

اَلْحَسِیْبُ	حساب کرنیوالا	٨٠	تحفیلُ	مشترک	آتشی	لوگوں میں انصاف و ظالم حاکم کی اصلاح
اَلْجَلِیْلُ	جلال و جمال والا	٧٣	ککائیلُ	جلالی	آتشی	برائے قدر و منزلت بزرگی حرمت و جاہ
اَلْکَرِیْمُ	بے انتہا عطا کرنیوالا	٢٧٠	حرزائیلُ	جمالی	خاکی	ہر طرح سے نجات عقل معاش و قلب
اَلْمَجِیْدُ	بزرگی و بڑائی والا	٥٧	دردیائیلُ	جمالی	آتشی	بزرگی حاصل کرنے اور گناہوں کی بخشش
اَلْبَاعِثُ	مبعوث فرمانے والا	٥٧٣	حجرائیلُ	مشترک	آتشی	قلب کی اصلاح و ہر مقصد کے حصول کے لئے
اَلشَّهِیْدُ	گواہی دینے والا	٣١٩	محرائیلُ	مشترک	بادی	بیوی کو تابعدار و اولاد کو مطیع کرنے کیلئے
اَلْحَقُّ	سچا اور موجود	١٠٨	بحفیفیلُ	مشترک	آتشی	واپسی مفرور اور دشمن کو زیر کرنے کیلئے
اَلْقَوِیُّ	قوت رکھنے والا	١١٦	عطرائیلُ	جلالی	آتشی	ہر طرح کی ظاہری و باطنی قوت کیلئے
اَلْوَکِیْلُ	کارسازی کرنیوالا	٦٦	رقمائیلُ	جمالی	خاکی	دشمنوں پر فتح ہر مقصد و حاجت بر آری کیلئے
اَلْمَتِیْنُ	مضبوط طاقت والا	٥٠٠	دردیائیلُ	جلالی	آتشی	ظالم و جابر حاکم پر غلبہ کیلئے
اَلْوَلِیُّ	دوستی کرنیوالا	٤٦	رقمائیلُ	جمالی	خاکی	ہر طرح کے علم اسرار جاننا و مطیع کرنے
اَلْحَمِیْدُ	حمد والا	٦٢	تکفیلُ	جمالی	خاکی	ہر جائز مقصد اور راہ چھوڑ نیک بننے کیلئے
اَلْمُحْصِیُ	گن کر احاطہ کرنے والا	١٤٨	دردیائیلُ	جمالی	آتشی	ہر علم و تیاری حساب کتاب و فیصلے کیلئے
اَلْمُبْدِیُٔ	اول بار پیدا کرنیوالا	٥٦	دردیائیلُ	جلالی	آتشی	ہر جائز مقصد و خاص اولاد نرینہ کیلئے
اَلْمُعِیْدُ	دوبارہ پیدا کرنیوالا	١٢٤	دردیائیلُ	جلالی	آتشی	واپسی مفرور، چور و گمشدہ کیلئے
اَلْمُحْیِیُ	زندگی دینے والا	٦٨	دردیائیلُ	جمالی	آتشی	ظالم، شریر، جن و انس سے حفاظت کیلئے
اَلْمُمِیْتُ	مارنے والا	٤٩٠	دردیائیلُ	جلالی	آتشی	اپنے نفس کو مطیع و فتح دشمنان کیلئے
اَلْحَیُّ	ہمیشہ زندگی والا	١٨	تحفیفیلُ	جلالی	آتشی	ہر بیماری سے کامل شفا کیلئے
اَلْقَیُّوْمُ	ہمیشہ قائم رہنے والا	١٥٦	عطرائیلُ	جلالی	آتشی	جائز دعائی قبولیت و حصول رحمت
اَلْوَاجِدُ	ہر چیز کو پانے والا	١٤	رقمائیلُ	جمالی	خاکی	نورانی قلب ذکر اور دائمی نعمت
اَلْمَاجِدُ	بزرگی و عزت والا	٤٨	دردیائیلُ	جمالی	خاکی	کشف، عزت و شہرت و بزرگی کیلئے
اَلْوَاحِدُ	اپنی ذات میں یکتا	١٩	رقمائیلُ	مشترک	بادی	ہر بیماری کی کامل شفاء و صحت
اَلْاَحَدُ	یکتا و یگانہ	١٣	اسرائیلُ	جمالی	آتشی	ہر مقصد و ارکان کی مدد حاصل کرنے کیلئے
اَلصَّمَدُ	بے نیازی والا	١٣٤	اہمائیلُ	جمالی	خاکی	ہر جائز ضرورت و وسعت رزق کیلئے

اَلْقَادِرُ	زبردست قدرت والا	۳۰۵	عطرائیل	جلالی	آتشی	ہر طرح کے علم و معرفت و قدرت الٰہی
اَلْمُقْتَدِرُ	اقتدار والا	۷۴۴	رویائیل	جلالی	آتشی	تمام تصرفات کو حاصل و قلب دشمنان
اَلْمُقَدِّمُ	آگے کرنیوالا	۱۷۴	رویائیل	مشترک	آتشی	ہر طرف رسوائی سے بچنے کیلئے
اَلْمُؤَخِّرُ	پیچھے کرنیوالا	۸۴۶	رویائیل	مشترک	خاکی	خاص اللہ کی رحمت و بخشش گناہوں کیلئے
اَلْاَوَّلُ	سب سے پہلا	۳۷	اسرافیل	مشترک	آتشی	اولاد نرینہ و والی کرنے
اَلْاٰخِرُ	سب سے آخر والا	۸۰۱	اسرافیل	مشترک	آتشی	تمام تصرفات و کامل ایمان کیلئے
اَلظَّاہِرُ	ظاہر ہونیوالا	۱۱۰۶	نورائیل	مشترک	خاکی	آنکھوں کی بیماریوں سے شفاء کامل کیلئے
اَلْبَاطِنُ	چھپا ہوا	۶۲	جبرائیل	مشترک	خاکی	حصول کلی علوم و کشف الاسرار کیلئے
اَلْوَالِیُ	کارساز و مالک	۴۷	ذکفائیل	مشترک	بادی	مکان دکان و کاروبار کی حفاظت کرنے کیلئے
اَلْمُتَعَالِیُ	سب سے بلند و برتر	۵۵۱	رویائیل	مشترک	بادی	برائے علو مرتبت و تحفظ شیاطین
اَلْبَرُّ	نیکی کرنیوالا	۲۰۲	جبرائیل	جمالی	خاکی	ہر آفت و بلاء سے محفوظ رہنے کیلئے
اَلتَّوَّابُ	توبہ قبول کرنے والا	۹۰۳	عزرائیل	جمالی	آتشی	عفو گناہان و تحفظ تمام بلیات
اَلْمُنْتَقِمُ	بدلہ لینے والا	۶۳۰	رویائیل	جلالی	آتشی	ظالم و بدکار دشمن پر قہر پانے کیلئے
اَلْمُنْعِمُ	نعمت دینے والا	۲۰۰	رویائیل	مشترک	خاکی	اللہ کی نعمتیں حاصل کرنے کیلئے
اَلْعَفُوُّ	معاف کرنے والا	۱۵۶	لومائیل	جمالی	آتشی	اپنے تمام گناہوں کی بخشش کے لئے
اَلرَّءُوْفُ	شفقت کرنے والا	۲۸۶	اسوائیل	جمالی	آتشی	ہر کسی کا لطف و مہربانی حاصل کرنے کیلئے
مَالِکُ الْمُلْکِ	تمام ملکوں کا مالک	۲۱۲	رویائیل	جلالی	آتشی	دعا کی قبولیت و جائز خواہشات کا حصول
ذُوالْجَلَالِ	جلال و عزت والا	۱۱۰۰	اہرائیل	جلالی	آتشی	برائے قہر و قدرت و عزت و مرتبہ
اَلرَّبُّ	پروردگار	۲۰۲	اسوائیل	جلالی	آتشی	اپنی اولاد کو جمیع آفات سے بچانے کیلئے
اَلْمُقْسِطُ	انصاف کرنیوالا	۲۰۹	رویائیل	جلالی	آتشی	غلط خیالات و شیطانی وسوسوں کو ختم کرنے
اَلْجَامِعُ	جمع کرنیوالا	۱۱۴	کلکائیل	مشترک	خاکی	نیر فکر و فریب و افتراق کیلئے
اَلْغَنِیُّ	بے پرواہ	۱۰۶۰	نوغائیل	مشترک	خاکی	اپنی جائز تمنا و خواہشات کے حصول کیلئے
اَلْمُعْطِیُ	عطا کرنیوالا	۱۲۹	رویائیل	جلالی	آبی	ہر جائز مراد و دعا کے حصول کیلئے
اَلْمَانِعُ	منع کرنیوالا	۲۰۱	رویائیل	جلالی	آبی	دشمنوں کو تمام برے ارادوں سے باز رکھے

اَلضَّارُّ	نقصان پہنچانے والا	۱۰۰۱	خطائیلُ	جلالی	آبی	دشمنوں کے خوف و چور و ڈاکو سے محفوظ رہنے
اَلنَّافِعُ	نفع پہنچانے والا	۱۶۱	حولائیلُ	جمالی	آبی	حصول دعا و مراد و حشمت کیلئے
اَلنُّوْرُ	نور والا	۲۵۶	حوائیلُ	مشترک	آبی	دل کو خراب خیالات و وسوسوں سے پاک کرنے کیلئے
اَلْهَادِیُ	ہدایت پر قائم	۲۰	دودرمائیلُ	جمالی	آبی	حصول نعمت و حکمت اسرار
اَلْبَدِیْعُ	عجب چیز کا پیدا کرنے والا	۸۶	رجرائیلُ	مشترک	خاکی	تمام تصرفات و جواب مرادات کے حصول
اَلْبَاقِیُ	ہمیشہ باقی رہنے والا	۱۱۳	رجرائیلُ	جمالی	آبی	بقائے ملک و محبوبیت مطلق کیلئے
اَلْوَارِثُ	سب کا اکیلا مالک	۷۰۷	رقعائیلُ	جلالی	آبی	اولاد نرینہ پاک و نیک سیرت کیلئے
اَلرَّشِیْدُ	سیدھی راہ دکھانے والا	۵۱۳	اشوائیلُ	مشترک	خاکی	تمام مخفی اسرار و رموز حاصل کرنے کیلئے
اَلصَّبُوْرُ	برداشت کرنے والا	۲۹۸	اکمارئیلُ	جمالی	بادی	دشمن کے ہر شر و آزار سے محفوظ رہنے کیلئے
اَلسَّتَّارُ	چھپانے والا	۱۶۱	حموائیلُ	جلالی	آبی	اپنے گناہوں کی توبہ قبول کروانے کیلئے
اَلنَّعِیْمُ	نعمت دینے والا	۱۷۰	حولائیلُ	جمالی	خاکی	برائے حصول دولت و عطا کیلئے
اَلْوَالِیُ	قدرت میں برتر	۴۷	رقعائیلُ	مشترک	بادی	تمام اختیارات و قبضہ کیلئے

نقوش و خواص اسماء الحسنٰی

اَللّٰہُ

ولی اللہ بننے کے لئے، صاحب کشف و مرادات، عشق الٰہی، دنیاوی فیوض و برکات کندذہنی، جھگڑے یا کسی بھی مقدمہ میں فتح و نصرت حاصل کرنے کیلئے۔ روزانہ تا حصول مقصد تک اعتصام و اختتام کے طریقہ کار کو مد نظر رکھتے ہوئے (۴۴۴۴) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ اور کند ذہنی کیلئے۔ نقش کو دھو کر پلائے۔

اَلرَّحْمٰنُ

مناسب رشتے کا ملنا، حصول رحمت، ہر بیماری سے کامل شفاء حاصل کرنے کیلئے ہر مشکل و ناممکن مقصد کے حل کیلئے۔ پڑھائی سے بھاگنے والے بچوں اور رضائے الٰہی کیلئے۔ تا حصول مقصد تک روزانہ (۱۷۸۸) مرتبہ پڑھے اور ہر عمل موافق نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر استعمال کرے۔

اَلرَّحِیْمُ

غیر مسلم کو عقیدہ اسلامی کے لئے تیار کرنا' ہرانجام کے بخیر ہونے کے لئے' ہردلعزیز بننے کے لئے' دشمن پر غلبہ و نصرت و تمام مشکلات سے چھٹکارے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۵۴۸) مرتبہ پڑھے اور نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمَلِکُ

حصول دولت و غنا' عزت و شہرت' ذاتی مکان' حصول عہدہ' ترقی و ملازمت اور کرایہ پر دی ہوئی دکان یا مکان کو جائز طور پر خالی کروانے کے لئے' تاحصول مقصد تک روزانہ (۵۶۲۵) مرتبہ پڑھے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْقُدُّوْسُ

روحانی امراض کے علاج' بچوں' بڑوں' مردوں و عورتوں کے آپس میں اچھے اخلاق و رویہ پیدا کرنے کے لئے۔ تمام تصرفات باطنی و روحانی علوم کی سربلندی' بواسیر' شوگر' و بلڈ پریشر سے نجات کے لئے' نیک و سعادتمند اولاد کے لئے' ملکیت قائم رکھنے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۵۰۱) مرتبہ پڑھے۔

اَلسَّلَامُ

جسمانی صحت و تندرستی' حصول علم میں آسانی' لڑائی جھگڑے سے نجات' بے خوشی و مرگی سے نجات' جان و مال کی حفاظت و ہر مرض سے چھٹکارا پاکر کامل شفاء حاصل کرنے کے لئے تا حصول مقصد تک روزانہ (۳۱۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمُؤْمِنُ

حق و باطل میں تمیز حاصل کرنے کے لئے' شیطان و انسان کے فتنوں سے امن میں رہنے کے لئے' میاں بیوی میں پیار و محبت قائم کرنے کے لئے۔ وہم و شیطانی وسوسوں سے مکمل نجات کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۸۹۶) مرتبہ ورد کرے اور موافق عمل نقش استعمال کرے۔

اَلْمُھَیْمِنُ

مخفی اسرار الٰہی کے ظہور کے لئے' جان و مال کی حفاظت کے لئے' دنیاوی آفتوں سے بچنے کے لئے' تمام تسخیر مخلوق و دنیا اور ہر کسی نئی آنے والی بات کو پہلے سے جاننے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۹۱۷) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْعَزِیْزُ

دنیاوی محتاجی کے خاتمہ کے لئے' عہدہ و منصب کی بحالی' ہر حال میں تمام دشمنان' و شیطان پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۹۴۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْجَبَّارُ

تمام دشمنوں سے بچاؤ اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے' اولاد نرینہ' کمزور و لاغر بچے کے علاج کے لئے' کالے علم و جادو ٹونہ کے وار سے بچاؤ کے لئے' ظالم انچارج اور افسر کو زیر اور اس پر فتح پانے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۵۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُتَكَبِّرُ

قرب الٰہی و اطاعت خداوندی حاصل کرنے کے لئے ' ہر نیک کام و کاروبار میں برکت ' ہر سرکش کو مطیع و فرمانبردار بنانے ' اچھے رشتے کی انکاری سے بچنے کے لئے اور احتلام کے عارضہ میں مبتلا اشخاص کے علاج کے لئے۔ روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْخَالِقُ

نیک سیرت و صالح اولاد کے حصول کے لئے ' مرض اٹھرا ' دل کا تمام وسوسوں سے نکل کر نور الٰہی سے چمکدار کرنے کے لئے۔ دوزخ کے عذاب سے بچنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْبَارِئُ

ڈاکٹر یا حکیم پیشہ رکھنے والے افراد ضرور اس اسم کا ورد کیا کریں۔ اس اسم کی کاملیت سے ان کے ہاتھوں میں خصوصی شفاء پیدا ہوگی۔ اس کے علاوہ، شوگر، فالج، قبر میں رحمت و آرام اور تمام دنیا کو مسخر و مطیع کرنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور موافق عمل نقش ضرور استعمال کرے۔

اَلْمُصَوِّرُ

بچہ خوبصورت و خوب سیرت پیدا کرنے کے لئے، جس عورت کا حمل ساقط ہو تا ہو۔ اٹھرا، اولاد نرینہ اور نئی چیزوں کو ایجاد کے وقت آسانی حاصل کرنے کے لئے تا حصول مقصد تک روزانہ (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْغَفَّارُ

تمام صغیرہ کبیرہ گناہوں کی بخشش 'مقدمات میں فتح و راضی نامہ کے لئے' برے کام چھوڑنے اور نیک اعمال کی توفیق کے لئے' رزق و تنگی معاش کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۲۸۱) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْقَھَّارُ

اللہ کا قرب و دیدار و محبوبیت الٰہی کے پیدا ہونے کے لئے' ہر قسم کے کالے علم و جادو ٹونہ سے نجات کے لئے' آسیب و جن گرفتہ 'انس' مکان و دکان کو شیطانوں سے خالی کروانے کے لئے' دشمن کو زیر اور اس پر فتح پانے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۴۱۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْوَهَّابُ

غربت و افلاس تنگی رزق سے نجات کے لئے' اضافہ مال و دولت و حصول غناء کے لئے اچھی جگہ شادی کروانے کے لئے' کشادگی رزق و ادائیگی قرض کے لئے اور ہمیشہ دولت مند رہنے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۵۴۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلرَّزَّاقُ

اضافہ رزق و تنگی معاش' دفع غربت' تمام نیک رکے ہوئے کاموں کو کامیابی تک پہنچانے کے لئے' بحالی عہدہ و ملازمت و حصول ترقی' اور کاروبار میں تمام حائل شدہ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلفَتّاحُ

ہر مشکل سے مشکل کام میں آسانی پیدا کرنے کے لئے' رکی ہوئی شادی کے حل کے لئے' قید سے خلاصی پانے کے لئے' فتح و نصرت و کامرانی' اور وہ طالب علم جو اپنے علم کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا چاہتا ہو۔ تا حصول مقصد تک روزانہ (۱۸۴۹) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلعَلِیمُ

تمام بچوں و طالب علموں کا پڑھائی میں دل نہ لگنے کے لئے' علم دین و دنیا سیکھنے کے لئے' ہر نیک و بد انجام پہلے سے معلوم کرنے کے لئے' علم باطن و حصول کشف کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلقَابِضُ

ہر طرح کے نشے میں مبتلا افراد کیلئے آوارہ و بد چلن مرد و عورت کی اصلاح، جادو، کالا علم و جنات سے بچنے کیلئے، دشمن کی دشمنی کو روکنے اور اس پر فتح پانے کیلئے، روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلبَاسِطُ

کشادگی رزق، و تنگی افلاس و فقر، خاوند و بیوی کی بد اخلاقی کیلئے فراخدلی و سخاوت اور ہر طرح سے رزق میں اضافہ و برکت کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

الرافع

عہدہ و ملازمت میں ترقی برقرار رکھنے کیلئے' دنیا میں عزت' شہرت' و ناموری حاصل کرنے کیلئے' تمام حکام کی نظر میں عزت و جاہ غلبہ کیلئے' راہ سلوک میں رفعت' اور ہر مقابلے میں جیت حاصل کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

الخافض

ظالم و شریر دشمن کو رسوا' ذلیل' و برباد کرنے کیلئے' ہر مقابلے میں دشمن کو شکست اور اپنی فتح یابی کیلئے' اور تمام برے انس و جن سے چھٹکارا پا کر کامیابی حاصل کرنے کیلئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۸۸۸۶) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُعِزُّ

ساس و بہو کے جھگڑے کو ختم کرنے اور ہمیشہ باعزت گھر میں اتفاق و سلوک سے رہنے کیلئے' بری عادتوں کو چھوڑنے اور اچھے خصائل پیدا کرنے کیلئے' سفر و بحر میں پریشانی سے بچنے اور حصول عزت و جاہ کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۴۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُذِلُّ

بدکار سے بدکار ظالم دشمن کو رسوا و ذلیل کرنے کیلئے' بدکلام افسر سے نجات کیلئے' تمام وسوسے و نفسانی خواہشات پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۷۷۰) مرتبہ ورد کرے۔ اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلسَّمِیْعُ

ہر جائز مراد، مقصد و دعا کے پورا ہونے کیلئے، بہرہ ہونے سے بچنے، کان درد و بواسیر کو جڑ سے پھینکنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۸۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْبَصِیْرُ

آنکھوں کے تمام امراض سے بچنے کیلئے، صاحب بصیرت بننے، ناگہانی آفتوں سے محفوظ و مکاشفات سے مشرف ہونے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلحَکَمُ

ہر طرح کے حصول و مراد و اقتدار کیلئے' حکومت قائم رہنے و رکھنے کیلئے' سچائی کا ساتھ و فیصلہ کرنے کیلئے' اور روحانی اسرار سے منکشف ہونے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۰۴۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلعَدلُ

اپنی طبیعت میں انصاف پسندی و مثالی جج بننے کیلئے' اپیل و مقدمے میں کامیابی اور دوسروں کو مطیع و فرمانبردار کرنے کیلئے' اور ظالم دشمن یا ظالم حاکم کی بد دعا کرنے کے واسطے روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اللَّطِیفُ

اپنی مرضی و حسب منشا شادی کروانے کیلئے، ہرحاجت و مشکل کشائی کیلئے مفلسی و بیروزگاری کے حل کیلئے، اور تمام لاعلاج بیماریوں سے مکمل نجات کیلئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

الْخَبِیرُ

مخفی و پوشیدہ اسرار کھلنے کیلئے، مریض کا نام پتہ کرکے تمام مرضوں کے متعلق روحانی علاج کرنے اور مرض کی صحیح تشخیص کیلئے، ہر قسم کے غیبی امورات پر فتح، نصرت و کامرانی کیلئے، اچھے و برے رشتے کی مکمل شناخت کیلئے نفس ''شیطان وبدکار دشمن سے بچنے کیلئے، روزانہ تاحصول مقصد (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلرَّقِیْبُ

تمام وہ طالبان جو حق کے متلاشی ہوں اور اللہ تبارک تعالیٰ کے ساتھ بلا ہوس ولالچ تعلقات قائم کرنا چاہتے ہوں۔ اپنے اہل و عیال و مال و دولت کو خاص اللہ کی حفاظت میں رکھنے کیلئے، عورت کے حمل کی حفاظت و ہر جادو ٹونہ، وکالے علم سے نجات کیلئے روزانہ تاحصول مقصد (۱۲۴۸) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْحَلِیْمُ

اچھے اخلاق پیدا کرنے اور برے اخلاق سے بچنے کیلئے ہر قسم کی ندامت سے بچاؤ، ہر مرض کی شدت میں کمی، ہر مرد عورت کو گرویدہ بنانے کیلئے، اور ہر نیک کام میں اللہ کی مدد کے حصول کیلئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اُلمُجِیبُ

شادی نہ ہونے کے سلسلے میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے' قید سے رہائی' ناراض بیوی واپسی گریختہ کیلئے اور حصول مرشد کامل کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اُلوَاسِعُ

فراخیِ رزق' تمام مجموعی فیوض کے حصول' دکان و مکان کی ترقی' حصول علم میں آسانی' اضافہ رزق و تمام مخلوق کو مطیع و فرمانبردار کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلحَکِیمُ

انوار، اسرار، و تجلیات کی کنجی، حکومت و دانائی، میاں بیوی میں باہم اتفاق اور حکمت و دانائی کے حصول کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۷۰۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلوَدُودُ

اللہ و رسول کا محبوب نظر بننے کیلئے، تسخیر القلوب، شریر جنات، انسان و جانوروں کو تابع کرنے کیلئے، تمام رشتہ داروں میں باہمی محبت اور میاں بیوی کی باہمی محبت کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۴۰۰۰) مرتبہ وِرد کرے۔

الحلیم

ہرایک کی نظر میں قابل عزت و تعظیم بننے کیلئے، فضل دارین، ہمیشہ صاحب اقتدار رہنے اور مال و عزت سے متعلق ہر مشکل کے حل کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

الغفور

اپنے تمام گناہوں کی بخشش، بیماری سے نجات، ہر غم و صدمے کا علاج، مال و دولت کی تنگی کا حل اور ہر حاجت کی مشکل کشائی کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۷۷۱۶) مرتبہ ورد کرے۔

اَلشَّكُوْرُ

جزبہ شکر کا پیدا کرنا' اضافہ رزق' وحصول عزت وجاہ آنکھوں کی بحالی قائم اور مستجاب الدعوات ولی اللہ بننے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۸۰۱۶) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلعَلِیُّ

اپنی نافرمان وبدبخت بیوی کو تابع' شادی کا ہاں میں جواب لینے کے لئے' ہراک پر فوقیت حاصل کرنا' درد اور ورم کا علاج' حاکم' ڈاکٹر' وکیل کے پیشہ سے تعلق رکھنے والے افراد روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۰۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْکَبِیْرُ

تمام ناراض شدہ میاں بیوی ورشتے داروں کے اچھے میل جول وملاپ کیلئے، تنگی و ذلت سے چھٹکارا پانے کے لئے، عہدہ پر ہمیشہ قائم رہنے کے لئے، خاوند و ساس کو تابع رکھنے کے لئے اور ہر مشکل و پریشانی سے نجات کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْحَفِیْظُ

خاص اللہ کی پناہ و حفاظت میں رہنے کے لئے، تمام حادثات سے محفوظ، مال و اسباب کبھی گم یا چوری نہ ہوں۔ بچے و بڑوں کی نظر بد کے لئے، روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۹۹۲) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُقِیْتُ

بچوں کی ہٹ دھرمی و ضدی پن کے علاج کیلئے ' جسمانی کمزوری ' ولاغر جسم کے علاج کیلئے ' پیٹ کی گیس کیلئے ' جانوروں کے چارہ نہ کھانے کیلئے اور خود اللہ کی خاطر فقرو غنا کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۸۸۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْحَسِیْبُ

ہمیشہ دین پر استقامت و ایماندار رہنے کیلئے ' قرضہ وصول کرنے اور قرضہ چکانے کیلئے ' چور ' بدباطن ' حاسد ' و بے دینوں سے بچنے کیلئے ' انکوائری میں بچنے کیلئے اور ہر جائز حاجت پوری ہونے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۸۶۰۴) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے

اَلْجَلِیْلُ

تمام مخلوقات کو مسخر کرنے کیلئے ہر جائز مقصد کے حصول، آسیب زدگان کا علاج، تمام بچوں کی سحری و جادوئی طور پر مسلط حاضرات کا علاج، سوداوی امراض کی شفاء کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْکَرِیْمُ

ہمیشہ با عزت رہنے اور دوسروں پر غلبہ اختیار کرنے کیلئے، تنگدستی و افلاس کے خاتمہ کیلئے، ہر جائز حاجت و مستجاب الدعا بننے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمَجِیْدُ

صاحب اقتدار، صاحب عزت، وبزرگ بننے کیلئے، ہر کام آسانی سے سرانجام پانے کیلئے، متقی و پرہیزگار بننے کیلئے، بواسیر کے خاتمے، و پسلی کے درد کے کامل علاج کیلئے، سگریٹ نوشی و تمام نشے کی عادت ترک کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے

اَلْبَاعِثُ

مردہ دل کو زندہ کرنے کیلئے، برائے حصول کشف و مرادات، واپسی گرفتہ و گمشدہ، ہر پریشانی و بے چینی کے حل کے کیلئے، اور پست ہمت کو بلند کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۹۱۶۸) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے

اَلشَّهِیْدُ

مخفر گواہوں کو اپنے حق میں کرنے کیلئے' مقدمہ واپیل میں کامیابی' تہمت و بہتان سے بری ہونے' نافرمان بیوی' میاں اور بچوں کو مطیع و فرمانبردار کرنے کیلئے' مرتبہ شہادت پر فائز ہونے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے

اَلْحَقُّ

مقدمہ واپیل میں کامیابی کیلئے' ناجائز پھنسے ہوئے قیدی کی رہائی کیلئے چوری شدہ مال چور سمیت واپسی کیلئے' اطاعت الٰہی میں ثابت قدمی پیدا کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے

اَلْقَوِیُّ

تمام دشمنوں پر غلبہ، نصرت و فتح پانے کیلئے، اپنی قوت میں اضافہ کیلئے، حاملہ کی کمزوری دور کرنے کیلئے، مردانہ کمزوری کے علاج کیلئے، باطنی قوت کو قائم رکھنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْوَکِیْلُ

ہر خوف سے محفوظ رہنے کیلئے، بگڑے ہوئے کام کو سنبھالنے و درست کرنے کیلئے، وسعت رزق اور ہر متفرق فوائد کے حصول کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمَتِیْنُ

چلنے کی قوت میں اضافے کیلئے ' ہر جائز ارادے میں مضبوطی حاصل کرنے کیلئے ' ہر مشکل میں سہولت کیلئے ' عورت کا دودھ کم ہونے کے علاج میں ' بچے کا دودھ چھڑوانے کیلئے ' ہر کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۴۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْوَلِیُّ

اللہ کے ساتھ دوستی و قرب حاصل کرنے کیلئے ' برائے کشف القلوب ' و تسخیر زنان و مردان ' میاں بیوی میں موافقت کیلئے اور سخت مزاج افسروں کو نرم اور مہربان کرنے کیلئے روزانہ (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْحَمِيْدُ

بری سے بری عادت چھڑوانے کیلئے' اچھے اخلاق کا پیدا ہونے کیلئے' تسخیر خلق و محبت کیلئے' گالی و فحش گوئی کی عادت چھوڑنے و چھڑوانے کیلئے' دولتمند' بزرگ' ولی اللہ بننے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۵۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُحْصِيْ

بچوں و بڑوں کی قوت حافظہ تیز کرنے کیلئے' روحانی امراض کے علاج' عذاب قبر سے نجات کیلئے اور خاص اللہ کی حفاظت و پناہ میں رہنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد (۵۳۲۸) مرتبہ ورد کرے اور نقش موافق عمل استعمال کرے

اَلمُبدِیُ

ہر دنیاوی کام یا تعمیری کام اور ہر رکاوٹ دور کرنے کیلئے، حمل کی حفاظت کیلئے، فرزند صالح پیدا ہونے کیلئے، اٹھرا کا کامل علاج اور روحانی انکشافات کے حصول کیلئے تا حصول مقصد روزانہ (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلمُعِیدُ

گمشدہ چیز و گریختہ کیلئے، رکے ہوئے کام یا ٹھیکہ کو جاری کرنے کیلئے، رنڈوے و بیوہ کی دوبارہ اچھی جگہ شادی کرنے کیلئے، کھوئے ہوئے عزت و مقام کی بحالی کیلئے، پیدائش میں آسانی کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۷۸) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمُحْیِیُ

دل کو خاص اللہ کی طرف مائل کرنا. علاج یرقان، علاج شوگر، دل کی گھبراہٹ کا علاج، واختلاج قلب اور ہر مرض سے شفاء کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۸۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُمِیْتُ

خاص اپنے نفس کو برائی وبدکاری سے روک کر اللہ کی تابعداری و فرمانبرداری کیلئے مختص کرنے کیلئے اور دشمن کے ہر برے ارداے کو واپس دشمن پر پلٹنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْحَیُّ

ہمشہ تندرست رہنے کیلئے' تمام حادثات سے مکمل بچاؤ کیلئے' علاج فالج' ہائی بلڈ پریشر کا علاج' ڈاکٹر و حکیم کامیاب آپریشن و علاج کیلئے کثرت سے ورد کیا کرے۔ ہر مرض کی کامل شفاء کیلئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۳۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْقَیُّوْمُ

تمام مشکلات و مہمات کے حل کیلئے، ہر چیز کی بقاء و قائم رکھنے کیلئے ہر کسی کو اپنی طرف مائل کرنے کیلئے، گمشدہ چیز کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۵۲۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْوَاجِدُ

اضافہ رزق، بلند کاروبار یا دکان کے چلنے کیلئے، حسب منشاء شادی کروانے کیلئے، حصول کشف و غیبی رموز و اسرار کے جاننے کیلئے۔ وروزانہ تا حصول مقصد تک (۱۳۷۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمَاجِدُ

ہر بربادی و ذلت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے' بحالی ملازمت' صاحب اقتدار' کامل مرشد کا حاصل کرنا' اور مریدوں میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کے لئے' قلب کو نورانی شعلوں سے بھرنے کے لئے۔ روزانہ تاحصول مقصد تک (۹۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْوَاجِدُ

بری عادتیں چھوڑ کر اچھی صلاحیتوں کا پیدا کرنے کے لئے' دیدار الٰہی' خوبصورت و خوب سیرت بیٹا حاصل کرنے کے لئے' جس کو چلہ میں رجعت ہو گئی ہو' اور تمام آفات و بلیات سے نجات حاصل کر کے حفاظت میں رہنے کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۲۱۶) مرتبہ ورد کرے۔ اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْاَحَدُ

دنیاداری سے بیزار ہو کر اللہ کا خوف پیدا کرنے اور ولایت کے درجہ تک پہنچنے کے لئے' نفسانی خواہشات کو ترک کر کے قلب کی اصلاح کرنے کے لئے' سخت مہم کا حل اور تمام بیماریوں سے نجات کے لئے' اور خالصتاً قربِ الٰہی کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۳۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلصَّمَدُ

یہ اسم مبارک ہر جائز مقصد کی تکمیل کے لئے جتنا بھی پڑھیں۔ اتنا ہی کم ہے۔ اس کے علاوہ مخفیہ علوم' رموز و اسرار اس اسم کے اندر پوشیدہ ہیں۔ صاحب کشف' سیف زبان' اور دنیا سے بے نیاز ہونے کے لئے۔ روزانہ تا حصول مقصد تک (۷۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اُلقَادِرُ

ہر مشکل سے مشکل کام کی نجات حاصل کر کے بغیر خیل و حجت کے ہونے کے لئے ظالم حاکم و دشمن پر غلبہ کے لئے اور دشمنان کے ہروار کو الٹ کرنے کے لئے' اور اسرار ربوبیت کھلنے کے لئے۔ روزانہ تا حصول مقصد تک (۲۵۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اُلمُقْتَدِرُ

ہر حال' ہر مشکل اور ہر مقصد کے حصول کے لئے' اور ہر حال میں اللہ کی مدد کے حصول کے لئے' دشمن و ظالم حاکم کی زبان بندی' اور خود سیف زبان ہونے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۷۲۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُقَدِّمُ

روحانی و مخفی اسرار کے درجات میں بلندی' ملک کے ہنگامی حالات میں حفاظت' ملازمت میں ترقی و غلو درجات کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔ اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمُؤَخِّرُ

بد سے نیک' ہر مشکل کام میں آسانی' نفس کو راہ راست پر رکھنے کے لئے' مایوس و لاعلاج مریض کے مرضوں کا علاج' گناہوں کی بخشش اور نیک و صالح بننے کے لئے۔ روزانہ تاحصول مقصد (۴۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْاَوَّلُ

تمام خلقت کو مطیع و فرمانبردار اور اپنے اوپر مہربان کرنے کے لئے' اولاد نرینہ نیک و صالح پیدا ہو۔ غریبی سے چھٹکارا اور دولتمند بننے کے لئے' نماز و روزہ میں دل لگنے کے لئے' اللہ کی خاص محبت حاصل کرنے کے لئے' روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْاٰخِرُ

مادی محبت کے خاتمے' عذاب قبر سے چھٹکارا' سفر میں حفاظت و سلامتی کے لئے' دشمن پر ہر طرح کے غلبہ کے لئے' حصول علم و روحانیت کے لئے' خاتمہ بالخیر ایمان کے لئے' روزانہ تا حصول تک (۲۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلظَّاہِرُ

اللہ کی حقیقت و ظاہر شناخت کے لئے' ہمیشہ آنکھوں کا نور قائم رکھنے کے لئے' حفاظت دوکان و مکان' پوشیدہ چیزوں کے ظاہر ہونے کے لئے' اثرات ظاہر اور باطن کو درست کرنے کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد (۴۴۲۴) مرتبہ ورد کرے۔ اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْبَاطِنُ

تمام دنیا کی مخلوق محبت و عزت کرے۔ کسی سے بات کئے بغیر دل کے حالات جان لینا' جھوٹ کی نفی اور سچائی کی عادت اپنانے کے لئے و حصول کشف باطن کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْوَالِیُ

دکانداری' کاروبار' ٹھیکداری میں برکت کے لئے' مکان' دکان' جائداد کی حفاظت کے لئے' ویران جگہ کو آباد کرنے کے لئے' ہرایک کو مطیع و فرمانبردار مسخر کرنے کے لئے' امراض کے علاج اور نوکری کی بحالی کے لئے۔ روزانہ تاحصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُتَعَالِیُ

ہر مشکل کام میں آسانی' مقدمہ میں جیت' فتح' نجات' و قضائے حاجات کے لئے' شادی کا پیغام ہاں میں ملنے کے لئے' صاحب عزت و حصول دولت و غنا کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْبَرُّ

دنیا کے غموں سے چھٹکارا' نعمتوں کی بارش' سفر و بحر میں بحفاظت آنے جانے کے لئے' تمام بری عادتوں کو ترک کرنا' تمام آفات و بلیات سے نجات' نظربد سے حفاظت کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلتَّوَّابُ

جھوٹ سے کنارہ کشی اور سچی توبہ و گناہوں کی بخشش کے لئے' دنیوی خوشحالی قبولیت دعا کے مستجاب ہونے کے لئے' نفس کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے' اور حصول روحانیت و برکات حاصل کرنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۵۴۴) مرتبہ ورد کرے۔

المُنتَقِمُ

جادو ٹونہ سے نجات' اور کالے علم کو روکنے کے لئے' ہر چھوٹی و بڑی جائز مراد پوری ہونے کے لئے' جھوٹی تہمت و بہتان سے بچنے کے لئے' دشمن پر غلبہ اور بحفاظت رہنے کے لئے' روزانہ تاحصول مقصد (۵۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔ اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

المنعم

اللہ تعالیٰ کی زیارت سے مشرف ہونے کے لئے' بچوں کی ہٹ دھرمی' وضدی پن کے علاج کے لئے' حضور نبیؐ کریم کے راستے پر چلنے کے لئے اور ہر جائز و نیک مقصد کے لئے حصول کے لئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْعَفُوُّ

تمام کبیرہ و صغیرہ گناہوں کی معافی، مرد و عورت کے گرم و مزاج کو ہٹا کر ٹھنڈا کرنے کے لئے، ہر مرض کی شدت کم کرنے کے لئے اور ہر قسم کی بلاء و آفات سے نجات و تنگی معاش کے لئے تا حصول مقصد (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلرَّؤُفُ

خاص اللہ کی مہربانی لطف و کرم حاصل کرنے کے لئے، ظالم حاکم و دشمن کو نرم، سب کے مزاج کو درست کرنے کے لئے، دلہن کو اللہ کی حفاظت میں رکھنے کے لئے اور ہر ایک کا امن و امان قائم رکھنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

مَالِکُ الْمُلْکِ

حصول دولت، عزت، شہرت و بلندی منصب کے لئے، قضائے حاجات و مستجاب الدعوات بننے کے لئے، سربراہ مملکت قائم و الیکشن میں یقینی کامیابی کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۱۹۰۸) مرتبہ ورد کرے۔

ذُوالْجَلاَلِ وَالْاِکْرَامْ

تمام تخلی و غیبی اسرار کو جاننے کے لئے، مراقبہ و مشاہدہ میں رب ذوالجلال کا دیدار کرنے کے لئے ہر مرض میں کامل شفاء ہر کام، عزت، کاروبار و شہرت میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے، تمام مخلوقات کو مسخر کرنے کے لئے اور تمام حصول مرادات کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۶۲۵۰) مرتبہ وردٌ کرے۔

اَلرَّبُّ

جھوٹ سے مکمل اجتناب کرکے عادل حکمران بننے، شیطانی وسوسے، رنج و غم، بیماری و ہر نقصان سے محفوظ رہنے اور خاص اللہ کی پناہ میں رہنے کے لئے غیر منصف خاوند و عورت کو درست کرنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۷۰۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمُقْسِطُ

اپنی تمام غلط قسم کی پیدا کردہ برائیوں کو جڑ سے ختم کرنے کے لئے اور اپنے ظاہر و باطن کو خاص اللہ کی راہ میں لگانے کے لئے اور جو عورت و مرد آپس میں موافقت نہ رکھتے ہوں۔ ہر ایک جو جھگڑے سے باز رکھ کر ان کو یکجا و صلح صفائی کروانے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْجَامِعُ

وہ تمام رشتہ دار جو گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے آپس میں منتشر ہو چکے ہوں۔ ان کو یکجا و صلح صفائی کے لئے' ناراض' بیوی' خاوند یا غلام کو دوبارہ گھر میں لانے کے لئے' تاحصول مقصد تک روزانہ (۶۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْغَنِیُّ

ہر جائز مقصد کی کامیابی کے علاوہ' ترقی دکان و مکان' غربت و مفلسی سے نجات' آمدن میں برکت' اور غیب سے مالدار بننے کے لئے' اپنی پسند کی شادی کرنے یا کروانے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمُغْنِیُ

دنیا کے ہر کام میں غنی ہونے کے لئے' معزز و مکرم بننے کے لئے' ضرورت کے مطابق و ضرورت سے زیادہ رزق اور اچھے رشتے کے لئے' اور ہر جائز دعا پوری ہونے کے لئے روزانہ (۱۲۵۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْمُعْطِیُ

مستجاب الدعوات ولی اللہ بننے کے لئے' بچوں کی بدتمیزی و ہٹ دھرمی دور کر کے اپنے مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے' دشمن کے ہر وار کو خطا کر کے الٹا اسی پر ڈالنے کے لئے اور ظالم دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْمَانِعُ

تمام ظالم دشمنان کے اوچھے ہتھکنڈوں سے باز رکھ کر ان پر فتح و نصرت حاصل کرنے کے لئے، تمام نافرمانوں کو اپنے تابع اور ہر بری سے بری عادت چھڑوانے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلضَّارُّ

شیطان، ظالم، شریر، دشمن کے ہر وار سے بچنے اور الٹا اس کا کیا ہوا وار اس پر پڑنے کے لئے اپنے نفس کو مطیع و فرمانبردار بنانے اور ہر ضرر سے حفاظت میں رہنے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلنَّافِعُ

ہر مال و دولت میں برکت، تجارت و رزق میں نفع، دکان کی ترقی و دولت میں اضافہ اور ہر کام میں فائدے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۱۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلنُّوْرُ

اپنے قلب کو نورانی شعلوں میں لپٹانے کے لئے اپنے نفس کو زیر کر کے نورانی کرنے کے لئے تمام تر گناہوں کی بخشش مغفرت کی نیت سے روزانہ تا حصول مقصد تک (۳۱۲۵) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْھَادِیُ

حصول نعمت و اسرار حکمت اور حضور نبی کریم ﷺ کی محفل مقدس میں حاضر ہونے کے لئے اور اسم کی برکت سے ایسا ہادی بنے کہ ہر بھٹکے ہوئے کو راہ راست پر لاکر دکھاوے۔ اور عشق الٰہی کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْبَدِیْعُ

ہر طرح کے حصول و اقتدار، حکومت قائم رہنے اور رکھنے کے لئے، تمام تصرفات کا عامل اور منصب ولایت کے درجے پر پہنچنے کے لئے اور نئی نئی چیزوں کی ایجاد کے متعلق پتہ لگانے کے لئے روزانہ تا حصول مقصد (۱۰۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلْبَاقِیُ

اپنی طبیعت میں انصاف پسندی، اور دوسروں کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے بقائے ملک و محبوبیت عشاق کے لئے اور دشمنان پر غلبہ پانے کے بعد پھر اکیلا رہنے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد تک (۲۰۰۰) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق عمل استعمال کرے۔

اَلْوَارِثُ

ہر طرح کے منصب و بلندی درجات کے لئے، مقدمہ وراثت میں کامیابی، مالی نقصان کی تلافی اور آئندہ کے لئے، حفاظت میں رہنے کے لئے، لمبی عمر پانے کے لئے، مالی پریشانیوں سے نجات کے لئے اور ہر ایک کا محبوب نظر بننے کے لئے، روزانہ تاحصول مقصد تک (۱۱۱۱) مرتبہ ورد کرے۔

اَلرَّشِیْدُ

کامل مرشد کی تلاش و حقیقت مخفی اشیاء جاننے کے لئے' تمام پریشانیوں و مہمات میں کامیاب ہونے کے لئے' راہ ہدایت پانے' اور نئے کام کے بارے میں انجام و معلومات پہلے سے جاننے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد (۱۱۰۰) مرتبہ ورد کرے۔

اَلصَّبُوْرُ

تمام رنج' مصیبت اور پریشانی سے بچنے کے لئے' عورت و مرد کی بدزبانی ختم کرنے کے لئے' حاکم و ظالم دشمن کو نرم کرنے کے لئے' ایسا حادثہ جس کی یاد نہ بھولتی ہو اور بار بار یاد آنے سے دکھ ہو۔ اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد (۳۶۷۴) مرتبہ ورد کرے اور نقش کو موافق استعمال کرے۔

اَلسَّتَّارُ

اللہ تبارک وتعالیٰ سے اپنے تمام گناہوں کی توبہ قبول کروانے کے لئے اور حضور نبی کریمؐ کے راستے پر چلنے کے لئے بزرگان دین کا قرب حاصل کرنے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد تک اس اسم کو کھلا پڑھے۔

اَلنَّعِیْمُ

برائے حصول دولت وغنا اور پریشانیوں ومصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لئے اور سفر کرتے ہوئے بخیر خیریت آنے اور جانے کے لئے اور اللہ سے تعلقات قائم کرنے کے لئے روزانہ تاحصول مقصد (۲۴۱۳) مرتبہ ورد کرے۔

ضرورت خاص نقوش و عملیات

عملیات کے شوقین یا وہ حضرات جو اس فن کو سیکھنا چاہتے ہیں۔ جب تک اس قاعدہ سے آشنا نہ ہوں گے۔ وہ کبھی بھی عملیات و نقش بندی میں مہارت حاصل نہیں کر سکتے اس لئے اس کو سیکھنا اور عمل کرنا عامل کو کامیابی و ترقی پر بہم پہنچا سکتا ہے۔

استخراج شمس

عملیات و نقوش استعمال کرنے سے پہلے اکثر استخراج شمس و قمر لکھا ہوتا ہے۔ یہ آفتاب یعنی سورج کا حساب کہلاتا ہے اور یہ انگریزی مہینوں سے لیا جاتا ہے۔ جس مقررہ تاریخ کا حساب معلوم کرنا ہو۔ تو انگریزی کے پہلے ماہ جنوری سے تاریخ مطلوبہ تک دن شمار کرلے۔ پھر اس میں دس دن کا اضافہ کرے۔ حاصل جمع کو بارہ بروج کے دنوں پر جدی سے تقسیم کرنا شروع کرے۔ جس برج پر جا کر تعداد ختم ہوگی۔ اس برج میں درجہ جاننے کے لئے مذکورہ جدول کو سمجھے اور بوقت ضرورت جدول کو سہارا بنائے۔

ماہ انگریزی	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
تعداد دن	۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۱
بروج	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس
تعداد دن	۲۹	۳۰	۳۰	۳۱	۳۱	۳۲	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۰	۲۹

مثال(1)

اگر کوئی بھی سوال کرے۔ کہ ۲۲ اپریل کو آفتاب کس برج میں کتنے درجے پر ہوگا۔ تو ماہ جنوری سے ۲۲ اپریل تک دن شمار کرے۔ جنوری کے ۳۱' فروری کے ۲۸' مارچ کے ۳۱' اپریل کے ۲۲' کل تعداد (۱۱۲) ۱۰ عدد قانون کے جمع کئے۔ اب کل تعداد (۱۲۲) ہوئی۔ ان اعداد کو برج جدی سے شمار کرنا شروع کرے۔ ۲۹ دن جدی کے' ۳۰ دن دلو کے' ۳۰ دن حوت کے' ۳۱ دن حمل کے کل تعداد (۱۲۰) ہوئی۔ باقی ۲ بچے۔ یہ ۲ عدد

برج ثور کو جائیں گے۔ اب صاف اور واضح ہے۔ کہ ۲۲ اپریل کو آفتاب برج ثور کے ۲ دوسرے درجہ پر ہوگا۔ اب اسی مناسبت سے اپنے متعلقہ عملیات و تعویذات قانون و اصول کے مطابق کریگا۔ تو کبھی بھی ناکامی نہیں ہوگی۔

مثال(2)

۲۰ مارچ کو آفتاب برج حمل کے اول درجہ پر آتا ہے۔ اس میں ۳۱ دن ٹھہرتا ہے۔ پھر ہر برج میں مقررہ دن تک قیام کرتا ہے۔ اور اپنا ایک سال کا دورہ پورا کرتا ہے۔ پہلی مثال کو سمجھتے ہوئے۔ یہ بھی یاد رکھے کہ ۲۰ مارچ کے حساب سے بھی شمار کرکے استخراج شمس کا قیام معلوم کیا جاسکتا ہے۔ عمل و تعویذ بھرنے کے لئے یہ بہت ضروری ہے۔

استخراج قمر

عملیات و تعویذات کا عامل بننے کے لئے۔ اس کو سمجھنا بھی نہایت ضروری ہے استخراج قمر کا حساب عربی مہینوں کے ذریعہ پتہ لگاتے ہیں۔ سب سے پہلے یہ دیکھے کہ آفتاب اس متعلقہ دن کس برج میں ہے۔ یہ معلوم کرلینے کے بعد قمر کا استخراج کرے۔ مثلاً جس تاریخ ہجری کو یہ معلوم کرنا ہو۔ کہ قمر کس برج میں کتنے درجے پر ہے۔ اس کو ۱۳ سے ضرب دے۔ جو اعداد حاصل ہوں۔ ان میں ۲۶ عدد خانوں کے جمع کرے۔ اب جو کچھ حاصل ہو۔ ان سب کو ۳۰ پر تقسیم کر۔ اب جس برج میں آفتاب ہے۔ اس سے اتنے برج گنتے چلے جائیں۔ جہاں پر اصل عدد واقع ہو۔ قمر اسی برج میں ہے۔ اسی طریقہ سے ہر برج کے برابر دن گنے جاتے ہیں۔ مثلاً ہر ایک کے ۳۰ دن

مثال(1)

اگر کوئی یہ سوال کرے۔ کہ ۲۲ اپریل ۱۹۶۵ء مطابق ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۸۴ھ کو قمر کس برج میں ہوگا۔ تو اس سوال کو سمجھنے کے لئے جواب کے طور پر ۱۹ کو ۱۳ سے ضرب دی۔ کل عدد (۲۴۷) حاصل ہوئے۔ اس میں ۲۶ عدد خانوں کے ملائے کل (۲۷۳) ہوئے۔ اب ان سب کو ۳۰ پر تقسیم کیا تو ۹ خارج قسمت باقی ۳ رہے۔ دیکھنے پر یہ معلوم ہوا۔ کہ شمس برج ثور میں ہے۔ اس لئے ثور سے دسواں برج جدی آیا۔ اس کا سارا جواب یہ ہوا کہ قمر برج جدی کے ۳ درجہ پر ہے۔

استخراج منازل قمر

اگر کوئی بھی اس جدول کو زبانی حفظ کرے۔ تو اس سے علم کو سیکھنا نہایت ہی آسان ہوگا۔ عامل یا کوئی بھی شائق فن اتنے قابل بن جائے گا۔ کہ جو عمل یا نقش اس قانون کے مطابق کریگا۔ تو سو فیصدی نتیجہ صحیح پائے گا۔

بروج	حمل			ثور			جوزا			سرطان		
حروف	الف	ب	ج	ج	د	ھ	ھ	و	ز	ح	ط	ی
نمبر	۱	۲	۳	۳	۴	۵	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
منزل	شرطین	بطین	ثریا	ثریا	دیران	ہقعہ	بقعہ	ہنعہ	ذراعہ	نثرہ	طرفہ	جبہ
درجہ	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹	۳	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴
بروج	اسد			سنبلہ			میزان			عقرب		
حروف	ی	ک	ل	ل	م	ن	س	ع	ف	ق	ص	ن
نمبر	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۷	۸	۱۹
منزل	جبہ	زبرہ	صرفہ	صرفہ	عوا	سماک	غفرہ	ذبانہ	اکلیل	اکلیل	قلب	شولہ
درجہ	۹	۱۳	۹	۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹

بروج	قوس			جدی			دلو			حوت		
حروف	ق	ر	ش	ت	ث	خ	خ	ز	ض	ض	ظ	غ
شمار	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۳	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۸
منزل	شولہ	نعائم	بلدہ	ذابح	بلعہ	سعود	سعود	اخبیہ	مقدم	مقدم	موخر	رشا
درجہ	۴	۱۳	۱۳	۱۳	۱۳	۴	۹	۱۳	۹	۴	۱۳	۱۳

استخراج قمر در عقرب

بہت زیادہ اور اہم عملیات و تعویذات کا وقت قمر در عقرب لکھا ہوتا ہے۔ اس کے استخراج کو سمجھنے کے لئے۔ مثال کے طور پر ۱۶ جمادی الثانی کو دیکھا کہ قمر کہاں ہے۔ اب ۱۶ کو دوگنا کیا تو ۳۲ ہوئے۔ ۵ عدد قانون کے ساتھ لگائے کل ۳۷ ہوئے۔ قمر اس وقت برج حمل میں تھا۔ ۵ برج حمل سے تقسیم کئے۔ تو ساتواں برج میزان تک ۳۵ ہوئے۔ باقی ۲ بچے۔ اب معلوم ہوا کہ میزان سے نکل کر قمر عقرب میں آچکا ہے۔ اب ۲ کو ۶ سے ضرب دی۔ تو ۱۲ ہوئے۔ اب بتاریخ مذکورہ بوقت شام قمر برج عقرب میں ۱۳ درجہ قریباً آیا ہے۔

جدول تاثرات منازل قمر

نمبر	منازل	حروف	تاثیرات	بخورات
۱	شرطین	الف	محبت، تسخیر چھوڑ کر اعمال بغض و عداوت کرے۔	فلفل، شونیز
۲	بطین	ب	شفائے امراض، عمل محبت، کے عمل و نقوش کرے۔	عود، زعفران
۳	ثریا	ج	تمام تر تسخیرات جائز امور شادی و شفائے امراض	بزکتان، شونیز
۴	دبران	د	اعمال بغض و جدائی، تفرقہ، و جدائی کے اعمال کرے۔	لوبان تر، انار چھلکا
۵	ہقعۃ	ھ	کسی قسم کا کوئی عمل نہ پڑھے اور نہ ہی کرے۔	عود، لوبان
۶	ہنعۃ	و	ترقی درجات، بلند رزق، فراخی محبت و تسخیرات کے عمل	تخم درمنہ ترکی
۷	ذراعۃ	ز	تمام تر سعد عملیات، نقوش تحریر کرے محبت و طلسم	الچی
۸	نثرہ	ح	بلائی، دشمن، جدائی، بغض و تفرقہ، بربادی اعداد کے عمل	کٹ، انار
۹	طرفۃ	ط	کوئی عمل نہ کرے	عود، زعفران
۱۰	جبہۃ	ی	سعد عملیات محبت، ترقی رزق، بلند درجہ عزت شہرت	زعفران
۱۱	زبرہ	ک	تمام تر سعد عملیات حب و تسخیرات کرے۔	انار کے چھلکے
۱۲	صرفۃ	ل	سعد عملیات چھوڑ کر تمام نحس عملیات کرے	زعفران
۱۳	عوا	م	سعد عملیات نہ کرے۔ بغض و عداوت تفرقہ کرے۔	لوبان تر
۱۴	سماک	ن	جدائی، بربادی و ہلاکی دشمنان کے عمل کرے۔	لوبان تر
۱۵	غفرا	س	عمل تسخیر امورات محبت و فراخی رزق کے اعمال	لوبان تر
۱۶	زبانۃ	ع	سعد عملیات ترقی رزق، جائز محبت و امورات تسخیر	درمنہ ترکی
۱۷	اکلیل	ف	سعد و نحس ہے، لیکن نحس عمل کرے۔ سعد نہ کرے	فلفل زعفران
۱۸	قلب	ص	سعد ہے عمل تسخیر محبت و ترقی رزق بلند درجات	بڑی الچی
۱۹	شولۃ	ق	سعد عملیات کرے جائز امورات شادی خانہ آبادی	انار کے چھلکے
۲۰	نعائم	ر	تمام سعد عملیات کرے محبت و تسخیرات و جائز امورات	لوبان تر
۲۱	بلدہ	ش	نحس اکبر ہے عمل ہلاکی بغض و تفرقہ بربادی اعداد کے عمل کرے۔	سنبل، عود

۲۲	ذابح	ت	نحس اکبر طلاق، دشمن بغض و عداوت تفرقہ بربادی اعداء	سم
۲۳	سعد بلع	ث	نحس اکبر جدائی، دشمن طلاق، دشمن بغض و تفرقہ	بابونہ
۲۴	سعد السعود	خ	سعد عملیات کرے۔ محبت و تسخیرات و جائزا مورات	عود مصطگی
۲۵	سعد الاخبیہ	ذ	عملیات بغض و تفرقہ جدائی بربادی اعداء و طلاق دشمن	لوبان تر
۲۶	فرغ مقدم	ض	تمام تر سعد عملیات کرے۔ جن کا تعلق فتح سے ہو۔	لوبان تر
۲۷	فرغ موخر	ظ	نحس ہے۔ عداوت و بغض، بربادی اعداء، تفرقہ، طلاق	قلفل دار چینی
۲۸	رشا	غ	تمام تر سعد عملیات کرے۔ محبت و تسخیرات و طلسمات وغیرہ	شمع تیز

دنوں کی تاثیر میں قمر کی حرکت ایک خاص اثر ڈالتی ہے۔ اس کی ۲۸ منزلیں ہیں۔ قمر ایک منزل کو ایک دن میں طے کرتا ہے۔ اس طرح ۲۸ منزلوں کو ۲۸ دنوں میں طے کرجاتا ہے اور اپنا ایک دورہ پورا کرلیتا ہے۔ یہی اسکا ایک ماہ قمری کہلاتا ہے۔ جب بھی کوئی عمل یا نقش تحریر کرنا ہو۔ تو جدول میں سے دیکھے کہ آج قمر کس منزل میں ہے اور وہ کیا تاثیر ظاہر کرتا ہے اور اس کی تاثیر مطلوبہ کام میں معاون ہے یا مخالف اگر تاثیر معاون ہوگی تو متعلقہ کام کے نتائج جلد بر آمد ہوں گے۔ اگر منگل والے دن نفاق و بغض کا عمل و نقش تیار کرنا ہے۔ اس دن منزل اول شرطین آگئی ہے جو کہ ہر مقصد کے لحاظ سے پوری پوری موافق الاثر ہوگی۔ چاند جس منزل میں ہوتا ہے۔ اس کے متعلقہ حرف کے اعمال سے مقصود کا کام لیتے ہیں۔ اگر حرف (الف) یا ذ کے حروف قمری منزل کے حساب سے ہوں۔ تو تمام تر بغض و تفرقہ کے عملیات ہی کرنے ہوں گے۔

شرائط تعویذات

آتشی تعویذ

اگر نقوش سے کام لینا ہو اور کامیابی ہونا بھی لازم ہو تو جس کے حق میں یا جس کے خلاف کرنا ہو تو سب سے پہلے اس کا مزاج و عنصر دیکھیے۔ پھر تمام نقش جس پر تحریر کرنا ہو جس سے کامل اثر ہو۔ عموماً طور پر آتشی تعویذ آگ کے نیچے دفن کئے جاتے ہیں اور بعض کوری ٹھیکری کے درمیان نقش رکھ کر اوپر لوہے کی آہنی تار لپیٹ کر آگ کے اوپر رکھتے ہیں تاکہ نقش نہ جلے بلکہ صرف حرارت پہنچے۔ انہی نقوش کی بتیاں و فتیلے تیار ہوتے ہیں اور بعض فتیلوں کو چراغ یا بالکل ہی آگ میں جلا دیا جاتا ہے۔

آتشی سعد تعویذ = جن کا طالع آتشی ہو اور ان کے لئے سعد عملیات کرنے ہوں۔ ان نقوش کو کاغذ سرخ، بکری کا شانہ، ہرن کی کھال، لوح چینی، کوری ٹھیکری، گھوڑے کی چھ سوراخ والی نعل پر درج کر کے آگ کی حرارت پہنچائی جاتی ہے۔ اس کا سارا اثر اس شخص کو پہنچتا ہے جو کسی منزل پر پہنچنا چاہتا ہو۔ سعد عملیات کے لئے مشک و زعفران لکھتے وقت استعمال کرے۔

آتشی نحس تعویذ = جس دشمن یا کسی کے خلاف تعویذ کرنا ہو اور طالع آتشی نکلے تو بغض و تفرقہ، حسد، جدائی وغیرہ کے لئے۔ کتے کی ہڈی۔ گدھے کی کھال۔ رنگ دار کاغذ۔ باہر پڑا ہوا میلا کچیلا کپڑا۔ مینڈک کا چمڑا۔ یا جوتی کے نچلے حصے پر درج کر کے آگ کی حرارت پہنچائے اور نقش تحریر کرنے کے لئے سیم سیتی، کافور، نوشادر۔ ملا کر سیاہی تیار کرے پھر نقش درج کرے۔

بادی تعویذ

ان نقوش کو عملیات کے تناسب و طالع مطلوب کے حساب سے تحریر کر کے ہوا میں لٹکایا جاتا ہے۔

بادی سعد تعویذ= اگر طالع بادی نکلے تو نقوش کو پتوں' پھلوں' یا خوشبودار کاغذ پر درج کرکے پھلدار ور درخت پر لٹکائے لیکن پھلدار درخت اور پودے گلاب یا انار کے ہوں۔ تو تناسب رہتا ہے۔ اسکے علاوہ کسی اور درخت پر نہ لٹکائے۔ بادی سعد تعویذ و اعمال میں بھی مشک و زعفران ہی استعمال ہو گا۔

بادی نحس تعویذ= اگر دشمن و مخالف کا طالع بادی نکلے تو موقع کی مناسبت سے تعویذ کڑوی خوشبو والے کاغذ' و نوشادر کی سیاہی سے تیار کرکے' کیکر کے درخت' نیم کے درخت' کانٹے دار درخت اور جس درخت پر کڑوے پھل لگتے ہوں وھاں پر لٹکائے اسی طرح دشمن و مخالف کی زندگی کا حال ہو جائیگا۔

خاکی تعویذ

ان تعویذات کا اثر و حقیقت زمین میں دفنانے سے متعلق ہے۔

خاکی سعد تعویذ= مطلوب کے سعد عملیات میں سعد اشیاء حاصل کرکے صرف پاک و صاف زمین میں دفنا دے۔ مطلوب کو سعد اعمال کا سعد اثر ہی پہنچے گا۔ جہاں ان نقوش یا عمل کو کرے۔ وہاں خوشبو پہلے سے ڈال دے۔ پھر زمین میں دفن کر دے۔ اس کا پورا پورا اثر ظاہر ہو گا۔

خاکی نحس تعویذ= اگر دشمن یا مخالف کا طالع خاکی نکلے۔ تو تمام عمل کو نحس اعمال و نیت سے درج کرکے۔ چوراہے' قبرستان' یا دشمن کے گھر دفنا دے۔ جس طرح یہ مقامات ویران ہیں۔ اس طرح نحس عمل کا نقش دشمن کی زندگی کو ویران کردیگا۔ نحس اعمال کے طور پر مردار کی ہڈی پر نقش تحریر کرے۔

آبی تعویذ

یہ تعویذ اچھے و نحس دونوں صورتوں میں پلائے جاتے ہیں۔

آبی سعد تعویذ = یہ مطلوب کو باہم فائدہ پہنچانے کے لئے۔ سعد ساعت میں سفید کاغذ پر لکھ کر پلائے جاتے ہیں۔ اگر کسی عمل کے کرنے کا ارادہ ہو۔ تو سعد عمل یا نقوش، چینی کی طشتری، پانی کے پیالہ پر، تحریر کر کے پلائے جاتے ہیں۔ پانی میں بہانے والے عمل میں بانس کی نلکی کے اندر عمل تیار کر کے رکھ کر دونوں طرف موم لگا کر پانی میں بہائے۔ اور ترقی روزگار کی خاطر سعد اعمال تحریر کر کے نہر یا دریا کے کنارے صاف ستھری جگہ پر دفنا دے۔ پورا پورا اثر ظاہر ہو گا۔

آبی نحس تعویذ = اگر دشمن یا مخالف کا طالع آبی نکلے۔ تو نحس اعمال درج کر کے نحس اشیاء پر دریا یا نہر کے کنارے وہ جگہ ڈھونڈے۔ جہاں کتوں و دوسرے جانوروں کی آماجگاہ ہو۔ دشمن ذلیل و رسوا ہو گا۔

خاکی			آبی			بادی			آتشی		
۴	۹	۲	۶	۷	۲	۲	۷	۶	۸	۱	۶
۳	۵	۷	۱	۵	۹	۹	۵	۱	۳	۵	۷
۸	۱	۶	۸	۳	۴	۴	۳	۸	۴	۹	۲

میزان میں ہر طرف سے ۱۵ آئیگا۔

عنصری رفتار کو یاد رکھنے کے لئے۔ اس شکل کو بغور دیکھ کر اپنے ذہن میں نقش کرے۔ جو عنصر کا نقش ہوتا ہے۔ اس عنصر کے مطابق اسے استعمال کرے۔ تو آثار بظاہر تاثیرات دکھاتے ہیں۔ مثلاً آتشی کو آگ میں دفن کرنا، بادی کو ہوا میں لٹکانا آبی کو نمدار جگہ پر دفن کرنا یا پانی میں بہانا، اور خاکی کو زمین میں دفن کرنا وغیرہ۔

مثلث کے خانوں کی تاثیر

۳	۲	۱
٦	۵	۴
۹	۸	۷

خانہ (۱) مراد دلی، صحت تن، حصول عظمت و غنا
خانہ (۲) حصول آمدن، ذریعہ معاش
خانہ (۳) دفع اعداء، حصول مراد، محبت اعزا
خانہ (۴) دوستی و قضائے حاجات
خانہ (۵) زبان بندی، ایمن دشمن، باغ و بستان
خانہ (٦) تمام قسم کے شفائے امراض کے لئے
خانہ (۷) الفت مرد و زن حب و تسخیر
خانہ (۸) تباہی، ہلاکی و مقہوری دشمن
خانہ (۹) کشائش کار، فتح و نصرت کامیابی

طریقہ زکات نقوش

۲۷ نقش روزانہ لکھے۔ نقش لکھنے کے بعد ۲۷ مرتبہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم الٰہی کا ورد کرے۔ اور اس عمل کی حد مدت ۴۱ دن تک رکھے۔ اب جس نقش کی زکات دیگا۔ اس کا عامل بن جائیگا۔

نقش کا متعلقہ عنصر = ۲۷ کو چار پر تقسیم کرے۔ عنصر معلوم ہوگا۔ ایک باقی بچے تو نقش آتشی، دو بچے تو بادی، تین بچے تو آبی، اگر چار یا صفر بچے تو خاکی ہوگا۔

نقش کا متعلقہ کوکب = ۲۷ کو سات پر تقسیم کرنے سے دو بچتے ہیں۔ نقش کا متعلقہ کوکب عطارد ہوگا۔ اب نقش کو عطارد کی ساعت میں عطارد کا متعلقہ بخور جلا کر نقش تحریر کرے۔ ۲۷ کو سات پر تقسیم کرنے سے باقی ایک ہو تو قمر، دو ہو تو عطارد، تین ہو تو زہرہ، چار ہو تو شمس، پانچ ہو تو مریخ چھ ہو تو مشتری، اور سات بچے تو ستارہ زحل ہوگا۔

نقش کی متعلقہ اشیاء = ۲۷ کو تین پر تقسیم کرے۔ اگر ایک باقی بچے تو نقش معدنی ہے' دو باقی بچے تو نباتاتی' تین بچے دھاتی' اور اگر چار یا صفر بچے تو نقش حیوانی ہے۔ نقش حیوانی اگر عمل خیر کے لئے' ہو تو پوست آہو پر لکھے۔ اگر اعمال شر سے ہو۔ تو پوست سگ یعنی کتا' خر' یا انسانی ہڈی پر لکھے۔ اگر نقش معدنی ہو تو لوح دھات کی بنائے۔ دھات موافق کواکب کے ہو۔

زکات اسماءالٰہی

زکات اسم الٰہی کا عام طریقہ یہ ہے۔ کہ سوا لاکھ کی تعداد چالیس یا اکتالیس دنوں میں پوری کرلے۔ تمام شرائط و پرہیز کے ساتھ اس کے علاوہ

طریقہ اول = جس قدر حروف ہوں۔ ہزار مرتبہ شمار کرے مثلاً اللہ میں چار حرف ہیں۔ ا۔ل۔ل۔ہ۔ اگر ایک حرف کو ہزار مرتبہ شمار کیا تو چار ہزار ہوا۔ اب چار ہزار کو چار میں دیا۔ تو سولہ ہزار ہوا۔ یہ نصاب ہوگا۔ اس کا نصف آٹھ ہزار زکات ہوگی۔ اب اس کا نصف چار ہزار عشر ہوگا۔ اصل عدد کا نصف قفل کہلاتا ہے۔ پھر دور بدور نصاب کے برابر ہوگا۔ بذل کے سات ہزار اور ختم کے ۱۲سو مقرر ہیں یہ زکات سات نیتوں سے ادا کرنا ہوگی۔ اس طریقہ سے اللہ کی دعوت و زکات اس طرح بنے گی۔

اللہ	اعداد	نصاب	زکات	عشر	قفل	دوربدور	بذل	ختم
حرف ۴	۴۰۰۰	۱۶۰۰۰	۸۰۰۰	۴۰۰۰	۲۰۰۰	۱۶۰۰۰	۷۰۰۰	۱۲۰۰

طریقہ دوم = ہر اسم کی زکات اس طرح ادا کرے۔ (۱) صغیر (۲) وسیط (۳) کبیر (۴) نصاب (۵) خط (۶) کفو (۷) خاتم طریقہ یہ ہے۔ کہ اسم کے جس قدر حروف ہوں۔ ان کو عدد کہتے ہیں۔ مثلاً حسن کے تین حرف ہیں۔ یہ ۳ عدد صغیر ہوا۔ اسے دس سے ضرب دی تو عدد وسیط حاصل ہوا۔ صغیر کو سو سے ضرب دی تو عدد کبیر حاصل ہوا۔ جب صغیر کو ایک ہزار سے ضرب دی تو عدد نصاب حاصل ہوا۔ جب عدد اسم سے ایک کم کر دیا۔ تو عدد خط حاصل ہوگا۔ جب خط کو اصل میں جمع کیا۔ تو عدد کفو حاصل ہوا۔ جب کفو کو اصل میں

آب	خاک	آتش	باد
باد	آتش	خاک	آب

عنصری خانون کی تقسیم کے لئے مندرجہ ذیل نقش کویاد رکھے۔ یعنی آتش نقش چار خانوں سے بھرے جاسکتے ہیں۔ اسی طرح بادی بھی چار خانوں سے علی ہذالقیاس ہر خانہ کی رفتار ایک علیحدہ اثر رکھتی ہو۔

مربع کی چاروں عنصری چالیس

خاکی				آبی				بادی				آتشی			
۱	۱۴	۱۱	۸	۱۴	۱	۸	۱۱	۱۱	۸	۱	۱۴	۸	۱۱	۱۴	۱
۱۲	۷	۲	۱۳	۷	۱۲	۱۳	۲	۲	۱۳	۱۲	۷	۱۳	۲	۷	۱۲
۶	۹	۱۶	۳	۹	۶	۳	۱۶	۱۶	۳	۶	۹	۳	۱۶	۹	۶
۱۵	۴	۵	۱۰	۴	۱۵	۱۰	۵	۵	۱۰	۱۵	۴	۱۰	۵	۴	۱۵

پہلا خانہ:۔ ترقی، مرتبہ، جاہ، حصول مقاصد، شفائے مرض کے لئے معین ہے۔

دوسرا خانہ:۔ بربادی دشمن، جدائی، کسی دوسرے کا کام بگاڑنے کے لئے ہے۔

تیسرا خانہ:۔ درد اعضا کھولنے کے لئے (جیسے فالج، لقوہ، گنٹھیا) دشمن کو بیمار کرنے کے لئے۔

چوتھا خانہ:۔ دوستی، قضائے حاجات، ہر طرح کی مصیبت سے چھٹکارا پانے کے لئے۔

پانچوں خانہ:۔ درندوں، چرندوں، پرندوں کو تابع، سحر و جادو کا اثر دور کرنے کے لئے۔

چھٹا خانہ:۔ عورت و مرد کی محبت کے لئے مخصوص ہے۔

ساتواں خانہ:۔ دشمن کو ھلاک کرنے، تباہ و برباد کرنے کے لئے۔

آٹھوں خانہ:۔ تسخیر حکام، فتحیابی، مقدمہ، نصرت جنگ کے لئے۔

ناٹواں خانہ:۔ علم، حکمت، علم دین، علم اسرار الہی، کیمیا بنانے کے لئے، علم جفر حاصل کرنے کے لئے۔ زیادتی عقل و درستی دماغ کے لئے۔

دسواں خانہ:۔ زن و شوہر کی محبت کے لئے، عزیزوں و دوستوں کی محبت کے لئے

گیارھوں خانہ:۔ چھپی باتوں کو معلوم کرنے کے لئے جیسے چوری معلوم کرنا، سانپ، چیونٹیاں، مچھر کے دفعیہ کے عمل، سانپ اور کتے کے کاٹنے کا علاج، بھی اس خانہ سے کیا جاتا ہے۔

بارھواں خانہ:۔ اناج، پھل، باغ کی حفاظت، چرند پرند، مور ملخ سے کھیتی اور باغ کو محفوظ رکھنے کے لئے۔

تیرھواں خانہ:۔ عورت، گائے بھینس، بکری کا دودھ بڑھنے کے لئے، باغ میں بکثرت پھل آنے کے لئے، اناج کی زیادتی، گویا افزائش نسل کے اعمال بکثرت پھل آنے کے لئے، اناج کی زیادتی، گویا افزائش نسل کے اعمال کریں۔

چودھوں خانہ:۔ مطلوب کی تسخیر کے لئے، ترقی مال مویشی، تجارت، زراعت کے لئے معین ہے۔

پندرھواں خانہ:۔ ظالموں کو ھلاک کرنے کے لئے، جو عام مخلوق کو ضرر پہنچاتے ہوں مثلا ظالم بادشاہ، جابر حاکم وغیرہ کے لئے۔

سولھواں خانہ:۔ تمام قسم کے زبان بندی و خواب بندی کے اعمال کے لئے۔

متفرقات تعویذات

نقش برائے ہر کارہ

اس نقش کو خواہ کسی بھی مقصد کے لئے تحریر کرے اور استعمال کرے۔ انشاءاللہ فائدہ ہی ہو گا۔ اگر بیمار ہو تو اس کا پانی پیئے۔ حب کے لئے محبوب کو بلائے۔ خواہ کوئی مقصد بھی ہو انشاءاللہ بہت جلد حل ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۱۳۹۵	۴۱۴۰۹	۴۱۴۰۵	۴۱۴۰۲
۴۱۴۰۶	۴۱۴۰۱	۴۱۳۹۶	۴۱۴۰۸
۴۱۴۰۰	۴۱۴۰۳	۴۱۴۱۱	۴۱۳۹۷
۴۱۴۱۰	۴۱۳۹۸	۴۱۳۹۹	۴۱۴۰۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ایضاً

بِسْمِ ۱	اَللّٰہِ ۳	اَلرَّحْمٰنِ ۱۱	اَلرَّحِیْمِ
اَلرَّحِیْمِ ۱۲	اَلرَّحْمٰنِ ۷	اَللّٰہِ ۲	بِسْمِ ۱۳
اَللّٰہِ ۶	بِسْمِ ۹	اَلرَّحِیْمِ ۱۶	اَلرَّحْمٰنِ ۳
اَلرَّحْمٰنِ ۱۵	اَلرَّحِیْمِ ۴	بِسْمِ ۵	اَللّٰہِ ۱۰

ایضاً

۱۶	۱۲۴۸۹۱	۱۸۲۰
۳۶	۱۲۲۴۹۳۰	۱۱۲
۱۱۳	اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ	۴۲۰

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

شرمگاہ میں ورم کے لئے

اگر شرمگاہ میں ورم ہو اور بہت شدید درد رہتا ہو لیکن شرم کے مارے کسی سے بیان نہ کرے تو اس نقش کو عورت اپنے پرانے کپڑے کا ایک ٹکڑا لیکر اس پر بال پین کی سیاہی سے نقش درج کرے اور اپنی ناف کے مقام پر باندھ لے۔ اس عارضے سے ہمیشہ کے لئے نجات ہوگی۔

رحم واندام نہانی میں سوجن کے لئے

اندام نہانی کی سوجن دور کرنے کے لئے۔ اس نقش کو سنہرے کاغذ پر لکھے۔ اور کسی نرم چیز کے اندر رکھ کر عورت اپنی اندام نہانی میں رکھ لے۔ اس عمل سے فوری طور پر اندام نہانی کی سوجن دور ہوگی۔ اگر رعشہ یا کوئی اور رطوبت بھی بہتی ہوگی۔ تو بالکل بند ہوگی۔ نام نہ لکھے۔

عورت کا رحم اپنے مقام سے ھٹنا

اگر کوئی خاتون اس عارضہ میں مبتلا ہو اور کسی وجہ سے بھی آرام نہ ملتا ہو تو اس نقش کو وہ خاتون اپنے کپڑے پر درج کر کے اپنی کمر پر باندھے۔ اس کا رحم اپنی جگہ پر قائم رہیگا۔

ی	ف	ا	ش
ی	ف	ا	ک
ی	ف	ا	ھ

رحم، فرج، یا اندام نہانی میں زخم و پھنسی کے لئے

اگر کوئی خاتون ان عوارض میں بیک وقت مبتلا ہو۔ تو اس نقش کو اپنے کپڑے پر درج کر کے اپنی اندام نہانی میں رکھ لے۔ بعد از نجات اس نقش کو نکال کر جلادے اور اسکی راکھ کبھی کوڑہ کرکٹ کے ڈھیر میں پھینک دے۔

اشیرک	اسیرک	کریشا	کریسا
⊙ سروما	طبرسوما	ابرسوما	⊙
اموسط	اموسب	اموسم	امورس

حیض میں خرابی

عورتوں کے تمام امراض مخصوصہ کے لئے۔ اس نقش کو ہر کھانے و پینے والی شے میں دہ عورت استعمال کرے۔ جو روزبروز امراض مخصوصہ کا شکار رہتی ہو۔

عورتوں کے تمام امراض کے لئے

عورتوں سے متعلقہ جتنی بھی امراض ہیں ہر طرح کے عوارض میں جتلا عمل کتاب سے دیکھ کر قوائد و ضوابط کے مطابق کرے۔ اس نقش کو صرف پیجئے۔ نقش کو مشک و زعفران سے لکھکر استعمال کرے۔ انشاء اللہ تمام مصیبتوں سے مکمل چھٹکارہ ہو گا۔

الرجک ہونا

کسی کو الرجک کا عارضہ ہو۔ تو اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں لکھے۔ ایک اپنی بازو پر باندھے اور ایک کو روزانہ صبح نہار منہ پی لیا کرے۔

ظ	ی	ف	ح	فظ	ح	ا	ح
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ							
ن	ا	ہ	ح	ر	ل	ا	ا

دفع کھجلی و جسم درد

اگر کسی مرد و عورت یا بچے کو ہر وقت جسم پر کھجلی ہوتی رہے یا سر میں کھجلی کرتے کرتے سر میں پھوڑے و پھنسی بننا شروع ہو جائیں تو اس نقش کو زیتون کے تیل میں رکھدے۔ اور جہاں کھجلی ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے۔ اگر کھجلی کے علاوہ جسم میں ہر وقت درد رہتا ہو تو اسی تیل کو جسم پر مالش کرے۔ لیکن اسکا ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرائے۔ کیونکہ حروف مقطعات و کلمہ شریف لکھا ہوا ہے۔

دفع ریشہ و بلغم

اگر مرد و عورت کو ریشہ و بلغم کی شکایت ہو اور کسی بھی طرح سے مرض میں آفاقہ نہ ہو تا ہو۔ تو اس نقش کو تین عدد سعد ساعت میں لکھے ایک نقش کو اپنے کھانے والے نمک میں رکھ دے ایک اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک عدد کو روزانہ ۲۱ دنوں تک پیئے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اس مرض سے مکمل افاقہ ہو گا۔

جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو

اس نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے اور بوقت ضرورت چینی کی پلیٹ میں رکھ کر اوپر زیتون کا تیل ڈال دے۔ اس تیل کو جسم کے متاثرہ حصہ پر مالش کرے۔ انشاء اللہ مکمل علاج ہو گا۔

مرد میں زنانہ پن

اگر کوئی مرد اللہ کی طرف سے مرد ہو۔ لیکن اس کی حرکات و سکنات عورتوں جیسی یا بالشابہ رکھتی ہوں اور کافی سمجھانے کے بعد بھی وہ اپنی حرکات سے منع نہ ہو۔ تو اس کو بتائے بغیر پہلا نقش علیحدہ نمک لاکر نمک میں رکھ دے اور اس کے کھانے میں یہی نمک استعمال کرے اور دوسرا نقش اس کو پینے والی شے میں پلائے۔ یہ اپنی ان حرکات کو چھوڑتے ہوئے شریفانہ زندگی گزارے گا۔

القاہر	القدیر	الجبار	العزیز
المقیت	الحسیب	المذل	القہار
الجابر	العزیز	السلطان	الکبیر

القاہر	تقہرت	بالقہر	والقہر	فی قہر
قہری	القہار	فی القہار	والقہار	القاہر

پیٹ درد اور اس کے تمام جملہ امراض کے لئے

اگر پیٹ میں ہر وقت کسی بھی وجہ سے درد رہتا ہو کبھی درد ہو اور کبھی پیٹ میں گیس کی وجہ سے درد ہو۔ تو اس نقش کو روزانہ نہار منہ پیا کرے۔ اگر زیادہ درد رہتا ہو تو اسی نقش کو پیٹ پر باندھ لے۔ تمام جملہ امراض سے نجات ہوگی۔

گریہ اطفال

اگر بچہ زیادہ روتا ہو اور ہر مرتبہ بد نظری کا شکار ہو جاتا ہو اور خواب میں بھی ڈرتا ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ ان تمام تکالیف سے بچا رہیگا۔

ہول قلب

اگر کوئی اس مرض میں مبتلا ہو۔ تو اس نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروالے اور ہر وقت پانی میں ڈال کر رکھے اور گاہے بگاہے اس کا پانی پیتا رہے اور ایک عدد نقش کو سنہرے یا سبز کپڑے پر لکھکر دل کے مقام پر باندھ لے۔ انشاء اللہ اس مرض سے مکمل نجات ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا قادر	یا قیوم	لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ		

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

احساس کمتری

اگر کوئی بھی احساس کمتری کا شکار ہو اور زندگی کے ہر میدان میں ہار تا رہے۔ ایک نقش کو لکھ کر سعد ساعت میں اپنی بازو یا گلے میں باندھے اور ایک عدد نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر شہد ڈال کر چاٹتا رہے۔ کم از کم اس عمل کو ۲۱ روز کرے۔ انشااللہ پھر کبھی بھی احساس کمتری میں مبتلا نہیں ہوگا۔

ہنر جلدی سیکھ لے

اگر کوئی بچہ یا بڑا ہر وقت بیکار رہتا ہو اور کوئی بھی کام کرنے کو دل نہ کرتا ہو۔ یا کام کرتا ہو۔ لیکن وہ کام اس کی سمجھ میں نہ آتا ہو جس وجہ سے نہ تو کام کر سکے اور نہ ہی اس کام کو سمجھ سکے۔ تو اس صورت میں اس نقش کو ایک عدد لکھ کر اپنے گھر میں ہوا میں لٹکا دے۔ جب تک کام نہ ملے اس کو ہوا میں لٹکا رہنے دے۔ اگر کام مل جائے تو لٹکایا ہوا نقش اپنے سیدھی بازو پر باندھ لے۔ اس سے اچھا کام و روزگار مہیا ہو گا اور جس ہنر کو سیکھنا چاہتا ہو گا وہ دوسروں سے بہت جلد سیکھ جائے گا۔

چہرے کی خوبصورتی و کشش کے لئے

اگر کسی خواتین کے منہ پر دانے نکل آئے ہوں۔ یا چہرہ ویسے ہی بغیر کشش کے ہو۔ اسکو زیادہ خوبصورت و پرکشش بنانے کیلئے۔ اس نقش کو کچے دودھ میں ڈال کر وقفے وقفے سے چہرے پر مل لیا کرے۔ لیکن اس عمل کے متعلق کسی سے بھی ذکر نہ کرے۔ عمل کرنے کے دوران ہی ایک نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ چہرہ بارونق و پرکشش ہو گا۔

جبرئیل	یا نور نورت و النور فی النور یا نور	[illegible]
یا النور	و بحق حضرت سید الانام محمد مصطفےٰ	یا النور
عزرائیل	و بحق حضرت یوسف علیہ السلام	اسرافیل

کھیل میں یقینی جیت ہو

اگر کوئی بھی کھیل کھیلتا ہو تو اس میں مکمل مہارت اور ہر میدان مارنے کی غرض سے اس نقش کو گیارہ دنوں تک روزانہ گیارہ مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر چلتے پانی میں بہادیا کرے۔ اور بارھویں دن نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ ہر میدان میں یقینی کامیابی ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۹۲	هُوَ الْقَائِمُ	۶۶
	هُوَ الْقَائِمُ هُوَ الْقَائِمُ	
۶۶	هُوَ الْقَائِمُ	۱۱۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مال چوروں سے محفوظ رہے

اگر کسی مالدار کو اپنا مال گم ہونے یا چوری ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر مال میں رکھے۔ اور ایک رکھے ہوئے مال کے اوپر لٹکا دے۔ لیکن کسی کو نظر نہ آئے۔ کوئی بھی اس مال کو چرا نہیں سکے گا۔ جس کا مال ہو وہ نقش کے نیچے اپنا مقصد لکھ کر پھر عمل کرے۔

ص	ع	ی	ہ	ک
ی	ہ	ع	ک	ص
ع	ک	ہ	ص	ی
ہ	ص	ک	ی	ع
ک	ی	ص	ع	ہ

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ و ناجائز طور پر قید ہو گیا ہو اور واپس باہر آنے کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہو۔ تو نقش درج کرنے سے پہلے نیاز دلوائے۔ پھر نقش کو لکھے۔ اسے قیدی اپنی بازو کے ساتھ باندھے اور ایک پھلدار درخت پر لٹکا دے۔ تین دنوں کے اندر قید سے رہا ہو گا۔

لا الہ الا اللہ	الٓمٓ	لا الہ الا اللہ
یا فتاح	ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ	یا قیوم
یا حیّ	سُبْحَانَ رَبِّ لَا یَسْھُو	یا فتاح
لا الہ الا اللہ	سُبْحَانَ رَبِّ لَا مَلْھُو	لا الہ الا اللہ

برائے امساک

جائز امساک کے لئے۔ ایک نقش کو اپنی کمر میں باندھے اور ایک نقش کو موم کے اندر گولی بنا اپنی زبان کے نیچے رکھے۔ جب تک گولی منہ میں رہیگی۔ انزال نہ ہو گا۔

د	لی	ط	ص	د
د	چھو	صلھ	ر	ح
لو	اصم	ر	ر	ھ
جھھ	جھ	اط	ط	د

دردناف

اگر مرد و عورت کو ناف ٹل جانے کی شکائت ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھے۔ اور اپنی کمر میں باندھ لے اور ایک عدد نقش کو مشک و زعفراں سے لکھ کر گھول کر پی لے۔ پھر کبھی بھی ناف نہیں ٹلے گی۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ	فُلَانِ بِنْ فُلَانْ	یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا اَلرَّحْمٰنُ

پٹھوں کی خرابی کے لئے

اگر کسی کو پٹھوں کا مرض ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر بازو یا گلے میں باندھ لے۔ اور ایک عدد شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ یا پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔ انشاءاللہ اس مرض سے جان چھوٹ جائیگی۔

[illegible]	۲۷۳	۲۷۳	۲۷۳
[illegible]	۴۷۸۱	۴۸۷۱	[illegible]
یا حی	۶۸۹	۶۸۹	یا قیوم

آدھے سر کا درد کے لئے

جس کو آدھے سر کا مرض ہو تو صرف اس نقش کا پانی پیئے۔ لیکن درد زیادہ ہونے کی وجہ سے لکھ کر بوقت ضرورت باندھ لیا کرے۔

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	فلاں بن فلاں	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

ایضاً۔ اسی مقصد کیلئے اس نقش کو گلے یا بازو پر باندھے۔

درد شقیقہ

درد شقیقہ کے عارضے سے چھٹکارہ پانے کے لئے اس نقش کو دھو کر پیئے اور بوقت ضرورت درد کے مقام پر باندھ لے۔ پھر اتار لیا کرے۔

۷۳۶۱	۵۰۶۱	۷۴۶۱	۴۴۶۱
۸۴۶۱	۳۴۶۱	۸۳۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۵۴۶۱	۲۵۶۱	۹۳۶۱

سفلی علم سے مرد بستہ کیا ہو

اگر کسی نے اپنے سفلی علم و جادو ٹونہ کے ذریعہ کسی مرد کو بستہ کردیا ہو اور وہ اپنی عورت سے جماع کرنے کے قابل نہ رہا ہو۔ تو یہ نقش ۴ عدد تحریر کرے۔ ایک اپنے گلے میں باندھے۔ دو بازوؤں کے ساتھ باندھے۔ باقی ایک کو صبح نہار منہ پیا کرے۔ اور اس میں زیادہ تاثیر پیدا کرنے کے لئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھکر اس پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ تین دنوں کے اندر جماع کرنے کے قابل ہو گا۔

ىٰ ىٰ ىٰ ىٰ ھٰ ھٰ ھٰ ھٰ ىٰ ىٰ ىٰ ىٰ		
یَا مُعَاذُ	یَا حَیُّ	یَا قَیُّوْمُ یَا شَمْسُ
یَا قَائِمُ	یَا قَمَرُ	یَا ذَا الْجَلَالِ
یَا قَیُّوْمُ یَا شَمْسُ	یَا قَیُّوْمُ	وَالْاِکْرَامِ
عٓ عٓ عٓ عٓ عٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ وَحَقِّ خَا خَا		

واپسی گریختہ

اگر کوئی گھر سے بھاگ جائے یا کسی کو بھی بتائے بغیر کہیں چلا گیا ہو اور باعث پریشانی واپسی کی کوئی سبیل بھی نظر نہ آ رہی ہو۔ تو اس نقش کو چار کو چار طرح مثلاً آتشی 'بادی' آبی' خاکی استعمال کرے۔ انشاء اللہ تین دنوں کے اندر گمشدہ واپس آئیگا۔

مال چوروں سے محفوظ رہے

اگر کسی کو اپنے مال و متاع کے چوری ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہو تو اس کی کامل حفاظت کے لئے۔ اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں تحریر کرے۔ ایک نقش کو اپنے مال میں رکھے اور دوسرے کو اسی جگہ اوپر لٹکا دے۔ لیکن کسی کو نظر نہ آئے۔ مال کی ہر طرح سے حفاظت ہو گی۔

یاحافظُ	۳۰۹	۲۵۷	یاحفیظُ
۲۵۸	۳۴۲	۱۹۰	۳۰۵
۳۰۶	۱۶۸	۹۹۱	۳۳۳
یاناصرُ	۲۵۶	۳۴۰	یانصیرُ

تپ ولرزہ

اگر تپ ولرزے کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو روزانہ اس نقش کو جب بھی فرصت ملے۔ تانبے یا چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے۔ اور اس پر گاہے بگاہے شہد ڈال کر چاٹتا رہے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اس مرض سے مکمل طور پر جان چھوٹ جائیگی۔

	فلان بن فلان	

آنکھوں میں نور کی زیادتی

اگر آنکھیں دکھتی ہوں۔ یا ان میں درد رہتا ہو یا پڑبال' موتیا' ہو ان تمام امراض سے چھٹکارہ پانے کے لئے۔ اس نقش کو تازہ پانی میں گھول کر رکھ لے۔ اور آنکھوں میں چھینٹے مارتے وقت کوئی بڑا سا برتن نیچے رکھ لے تا کہ پانی نیچے نہ گرے اور گناہ نہ ہو۔ انشاء اللہ ان تمام امراض سے شفاء ہو گی۔

كٓهٰيٰعٓصٓ	يَا اَلْبَصِيْرُ	حٰمٓعٓسٓقٓ
يَا اَلْبَصِيْرُ	حٰمٓ	يَا اَلْبَصِيْرُ
حٰمٓعٓسٓقٓ	يَا اَلْبَصِيْرُ	كٓهٰيٰعٓصٓ

فلان بن فلان

بچہ ضد کرے یا بہت روئے

اگر بچہ ہر بات میں ناجائز ضد کرتا ہو اور ہر وقت ناجائز روتا ہو تو اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں لکھے۔ ایک بچے کے گلے میں پہنادے اور دوسرا اس کو ہر کھانے پینے والی شے میں پلادیا کرے۔ انشاءاللہ بچہ نہ تو ناجائز ضد کریگا اور نہ ہی بلاوجہ روئے گا۔

۱	ط	حی	ط	۱
ط	۲	ط	حی	ط
حی	ط	۳	ط	حی
ط	حی	ط	۴	ط
۱	ط	حی	ط	۵

بچہ دودھ پیئے

اگر بچہ اپنی ماں کا دودھ نہ پیتا ہو تو اس نقش کو پانی میں گھول کر دودھ میں ملا کر بچے کو پلائے۔ اور ایک عدد نقش کو بچے کے گلے میں ڈال دے۔ بچہ خود بخود ماں کے دودھ کی تمنا کریگا۔ اور ماں کا دودھ ہی پیئے گا اور ہر مرض سے شفاء پائیگا۔

<table dir="rtl">
<tr><td colspan="4">یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم قائم</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td colspan="4">یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم قائم</td></tr>
</table>

زیادتی رزق

کشائش و فراوانی کے لئے اس نقش کو لکھ کر ایک ا-پنے روپے والی جگہ پر رکھے اور ایک مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ زیادتی رزق کے غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

۱۹۳۸۵	۱۹۴۲۰	۱۹۲۰۰	۱۹۳۹۲
۱۹۰۴۰۱	۱۹۳۹۵	۱۹۳۹	۱۹۲۴۲
۱۹۳۹۴	۱۹۳۹۸	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۱
۱۹۴۲	۱۹۳۹۱	۱۹۲۹۳	۱۹۳۹۹

زہر کا اثر دور ہو

اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے اور آہستہ آہستہ یہ زہر جسم میں پھیلنا اور اثر دکھانا شروع کرے۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھکر جہاں کاٹا ہو وہاں باندھ دے اور وقفہ وقفہ سے یہی نقش پیتا رہے۔ انشاءاللہ زہر اثر نہیں کرے گا۔

بسم اللہ	شحۃ	قرینۃ	ملحۃ
عجز تقطل	یامن	نلوی	القبحہ
فالشن	ولنحبش	محمد	بحق
سلام	علی جی	نوح العلمین	فلاں بن فلاں

امتحان میں کامیابی

اگر کوئی باربار امتحان میں ناکامی کا شکار رہتا ہو یا امتحان میں اچھی پوزیشن حاصل کرنا چاہتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے بازو یا گلے میں باندھے۔ اور عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد تین سو مرتبہ الملک القدوس پڑھکر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اور اسی کو اپنی کامیابی تک ورد کرتا رہے۔ انشاء اللہ غیب سے مدد کا وسیلہ پیدا ہو گا۔

اَلمَلِکُ ۱	ذُوالجَلَالِ ۷	اَلقُدُّوسُ ۳
یا رَبِّ جِبرائِیلُ ۴	فلاں بن فلاں امتحان میں کامیاب ہو	یا رَبِّ مِیکائِیلُ ۵
یا رَبِّ عِزرائِیلُ ۲	یا مالِکَ المُلک ۹	یا رَبِّ اِسرافِیلُ ۶

الرجی

اگر کسی وجہ سے الرجی کے عارضے میں مبتلا ہو تو اسکے کامل علاج کے طور پر ان چار موکلات کے نام چار مختلف رنگ دار کاغذ پر تحریر کرے اور خوشبو سے معطر کر کے اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ اس عارضے سے مکمل نجات ہو گی۔ اور ایک عدد نقش اپنے تکیے کے نیچے رکھ لے۔ لیکن یہ تکیہ کوئی اور استعمال نہ کرے۔

یَا جِبرائِیلُ	یَا مِیکائِیلُ
یَا مَهلائِیلُ	یَا شَمنائِیلُ

فلاں بن فلاں

تبادلہ کی منسوخی

اگر ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسرے جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو ہر روز تا حصول مقصد تک بعد نماز عشاء ۱۹ مرتبہ سورت تبت یدا ابی لھب وتب۔ پڑھ کر دعا مانگے اور اس نقش کو اچھی ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے۔ انشاءاللہ جیسا چاہے گا ویسا ہو گا۔

۳۴۱۹	۳۴۳۳	۳۴۳۰	۳۴۲۶
۱۴۳۱	۳۴۷۵	۳۳۳۰	۳۴۳۳
۳۴۲۴	۳۴۲۸	۳۴۳۵	۳۴۲۱
۳۴۳۴	۳۴۲۴	۳۴۳۳	۳۴۲۹

برائے چیچک

جس بچے یا بڑے کو بخار وقفہ وقفہ سے چڑھتا ہو اور چیچک کی وباء کا زور ہو اور یہ ڈر ہو کہ کہیں چیچک نہ ہو جائے۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے اور ردزانہ گیارہ دنوں تک ایک عدد پانی میں ڈال کر نہار منہ اس کا پانی پیا کرے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُاٰنِ مَا ھُوَ
شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

یَا اللّٰہُ شَافِیۡ یَا اللّٰہُ کَافِیۡ یَا اللّٰہُ مُعَافِیۡ

جنسی کشش پیدا کرنے کے لئے

بعض اوقات ایسی صورت پیدا ہو جاتی ہے کہ عورت یا مرد کے اندر جنسی جزبہ یا تو بہت کم ہو جاتا ہے۔ یا کسی نے سفلی علم کے وار سے جنسی کشش کی طرف رغبت باندھ دی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں بالکل توازن پیدا کرنے کے لئے اس نقش کو لکھ کر عورت اپنے سر کی چوٹی میں باندھے اور مرد اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ جنسی کشش متوازن ہو گی۔ اور اسی نقش کو زعفران سے لکھ کر روزانہ نہار منہ پیے۔

اُلْفُیْنُ	اُلْقُیْنُا
اُلْقُیُنُ	اُلْفُیْنُ

تشخیص امراض

اگر کوئی ایسا مرض ہو جس کا نہ تو مرض سمجھ میں آ رہا ہو اور نہ ہی کوئی دوا علاج کے طور پر کارگر ہو تو اس عمل کو فجر کی اذان کے فوراً بعد سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے مراقبہ کی شکل میں مریض کا تصور کرے۔ فوری طور پر مرض کی کیفیت ذھن پر منکشف ہو جائے گی۔ اس کے بعد نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دے۔ انشاء اللہ ہر طرح کے مرض پر قابو رہیگا۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِفْتَحْ اِفْتَحْ اِفْتَحْ اِفْتَحْ**

۱۲۳۳	۱۲۳۷	۱۲۴۰	۱۲۲۶
۱۲۳۹	۱۲۳۷	۱۲۳۲	۱۲۳۸
۱۲۲۸	۱۲۴۲	۱۲۳۵	۱۲۳۱
۱۲۳۶	۱۲۳۰	۱۲۲۹	۱۲۴۱

ایام کی زیادتی

اگر کسی عورت کو ایام کی زیادتی ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر ایک عدد گلے میں ڈال لے اور ایک عدد روزانہ نہار منہ پی لیا کرے۔ انشاء اللہ ایام باقاعدگی سے آئینگے۔

یا عجائب	الخفا	ویا وراء	الخلق

فلان بنت فلان

بد بختی کی وجہ پریشانی

اگر کوئی اپنی ہی کوتاہیوں کی وجہ سے کربناک اذیت میں پھنس گیا ہو اور دن بدن ترقی کی بجائے الٹا پست و نیچے درجے میں پہنچ گیا ہو اور توبہ واستغفار کا طالب ہو اور دوبارہ اپنی اصل جگہ پر پہنچنا چاہتا ہو۔ تو اس نقش کو بروز جمعرات مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ اور یہ ہر فرض نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں بلندی کی طرف ہی جائیگا۔ پڑھنے کے لئے

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ

۱۹۹۵۳۸	۱۹۹۵۲۷	۱۹۹۵۴۱	۱۹۹۵۲۷
۱۹۹۵۴۰	۱۹۹۵۲۸	۱۹۹۵۱۴	۱۹۹۵۳۹
۱۹۹۵۳۷	۱۹۹۵۳۲	۱۹۹۵۳۴	۱۹۹۵۳۳

فلان بن فلان

جدول

نام سورة	ابجد	فطرت	عنصر	موکل	سمت
فاتحہ	۹۴۶۱	جلالی	آتشی	سَرهَماکِیلُ	مشرق
آل عمران	۱۸۴۹۵۶	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
نساء	۱۱۳۸۵۹۳	جمالی	بادی	حَولَائِیلُ	مغرب
مائدہ	۸۴۸۵۴۶	جلالی	آتشی	رُوْیَائِیلُ	مشرق
انعام	۹۳۵۳۱۹	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
اعراف	۲۵۳۵۹۲	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
انفال	۴۱۲۳۷۵	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
توبہ	۵۲۸۶۱۵	مشترک	بادی	عِزْرَائِیلُ	مغرب
یونس	۵۵۰۱۰۸	جمالی	بادی	سَرَاکِیتَائِیلُ	مغرب
ہود	۵۱۴۸۵۱	جلالی	آتشی	دُوْرِیَائِیلُ	مشرق
یوسف	۵۰۳۹۸۰	جمالی	بادی	سَرَاکِیتَائِیلُ	مغرب
رعد	۲۴۴۶۹۲	جمالی	خاکی	اَمْوَاکِیلُ	شمال
ابراہیم	۲۳۵۸۱۸	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
حجر	۱۷۶۷۰۹	جمالی	بادی	تَنْکَفِیلُ	مغرب
نحل	۵۲۰۱۸۸	جمالی	بادی	حَولَائِیلُ	مغرب
بنی اسرائیل	۳۸۶۱۳	جلالی	بادی	رِجْبَرَائِیلُ	مغرب
کہف	۵۰۵۵۱۷	مشترک	آبی	حَرُوزَائِیلُ	جنوب
مریم	۲۸۹۶۴۴	جلالی	آتشی	رُوْیَائِیلُ	مشرق

طٰہٰ	۳۹۹۲۸۳	جلالی	آتشی	اَسْمائیلؑ	مشرق
انبیاء	۳۸۲۲۱۹	جلالی	آتشی	اِسْرافیلؑ	مشرق
حج	۳۸۲۳۴۴	جمالی	بادی	تَنْکَفِیْلؑ	مغرب
مومنون	۳۵۱۷۱۴	جلالی	آتشی	رُوبائیلؑ	مشرق
نور	۴۰۲۴۵۷	جمالی	بادی	حُولائیلؑ	مغرب
فرقان	۱۰۹۵۷۵	جلالی	آتشی	سَرہَماکِیلؑ	مشرق
شعراء	۴۰۳۷۳۷	جلالی	آتشی	عِزْرائیلؑ	مشرق
نمل	۳۴۰۹۶۲	جمالی	بادی	حُولائیلؑ	مغرب
قصص	۳۰۵۱۲۰	مشترک	آبی	عَطْرائیلؑ	جنوب
عنکبوت	۲۷۵۲۹۷	جمالی	خاکی	لُومائیلؑ	شمال
روم	۲۷۰۳۷۷	جمالی	خاکی	اَمْواکِیلؑ	شمال
لقمان	۱۵۹۰۰۰	جمالی	خاکی	طاطائیلؑ	شمال
سجدہ	۱۱۳۳۳۲	مشترک	آبی	ہَمْواکِیلؑ	جنوب
احزاب	۳۵۵۲۵۸	جلالی	آتشی	اِسْرافیلؑ	مشرق
سباء	۲۵۳۴۱۹	مشترک	آبی	ہَمْواکِیلؑ	جنوب
فاطر	۲۳۲۷۷۳	جلالی	آتشی	سَرہَماکِیلؑ	مشرق
یٰسین	۲۵۹۳	جمالی	بادی	سَراکِیتائیلؑ	مغرب
والصفت	۲۶۴۷۵۴	جلالی	بادی	رُفْتَمائیلؑ	مغرب
ص	۲۲۹۳۳۷	مشترک	بادی	اَہْجَمائیلؑ	مغرب
زمر	۶۰۶۵۸۵	مشترک	آبی	شَرْفائیلؑ	جنوب
مومن	۲۶۵۸۳۷	جلالی	آتشی	رُوبائیلؑ	مشرق

حم سجدہ	۲۴۵۸۳۷	جمالی مشترک	بادی	تنکفیل	مغرب
شوری	۲۰۱۳۳۹	جلالی	آتشی	ہمرائیل	مشرق
زخرف	۲۶۰۶۹۷	مشترک	آبی	شرفائیل	جنوب
دخان	۹۷۷۹۳	جمالی	خاکی	دردائیل	شمال
جاثیہ	۱۵۰۱۵۳	مشترک	آبی	کلکائیل	جنوب
احقاف	۷۳۷۷۴	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
محمد	۱۸۰۶۵۵	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
فتح	۱۸۸۸۲۸	جلالی	آتشی	سرھماکیل	مشرق
حجرات	۱۰۲۸۹۲	جمالی	بادی	تنکفیل	مغرب
ق	۱۰۹۷۳۶	مشترک	آبی	عطرائیل	جنوب
ذاریات	۱۹۸۴۴	مشترک	آبی	شرفائیل	جنوب
طور	۹۴۱۸۳	جلالی	آتشی	اسمائیل	مشرق
نجم	۱۱۲۲۷۴	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب
قمر	۱۲۲۴۵۰	مشترک	آبی	عطرائیل	جنوب
الرحمن	۱۲۱۳۱۴	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
واقعہ	۱۰۲۹۶۵	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
حدید	۱۹۸۹۲۴	جمالی	بادی	تنکفیل	مغرب
مجادلہ	۳۴۲۳۷	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
حشر	۱۳۳۴۶۱	جمالی	بادی	تنکفیل	مغرب
ممتحنہ	۱۰۱۳۵۰	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
صف	۵۹۰۶۰	مشترک	بادی	اھمجمائیل	مغرب

جمعہ	۶۱۵۲۵	مشترک	آبی	کُلکائیل	جنوب
منافقون	۵۳۲۵۶	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
تغابن	۷۷۴۱	مشترک	بادی	عِزرائیل	مغرب
طلاق	۸۱۸۰۱۲	جلالی	آتشی	اُسمائیل	مشرق
تحریم	۳۹۲۳۲	مشترک	بادی	عِزرائیل	مغرب
ملک	۹۹۵۹۴	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
ن نون	۹۳۷۰۸	جمالی	بادی	حُولائیل	مغرب
حاقہ	۸۱۷۱۹	جمالی	بادی	تنکفیل	مغرب
معارج	۷۳۵۲۵	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
نوح	۷۴۱۴	جمالی	بادی	حُولائیل	مغرب
جن	۶۰۶۳۳	مشترک	آبی	کُلکائیل	جنوب
مزمل	۶۸۴۶۶	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
مدثر	۹۲۳۵۵	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
قیمہ	۵۴۶۰۷	مشترک	آبی	عُطرائیل	جنوب
دھر	۷۷۵۸۸	جمالی	خاکی	دُردائیل	شمال
مرسلات	۷۰۶۳۴	جلالی	آتشی	رُوبائیل	مشرق
نباء	۵۲۶۵۶	جمالی	بادی	حُولائیل	مغرب
والنازعات	۶۷۲۵۳	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
عبس	۵۱۳۱۸	جمالی	خاکی	لُومائیل	شمال
تکویر	۳۸۲۹۹	مشترک	بادی	عِزرائیل	مغرب
انفطار	۳۶۷۴۵	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق

تطفیف	۴۸۷۰۷	مشترک	بادی	عُزرائیل	مغرب
انشقاق	۲۸۸۴۶	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
بروج	۳۲۱۵۵	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
طارق	۱۷۷۶۵	جلالی	آتشی	اَسمائیل	مشرق
اعلیٰ	۱۷۷۰۴	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
غاشیہ	۳۶۴۵۷	جمالی	خاکی	لُوخائیل	شمال
فجر	۸۹۰۹۲	جلالی	آتشی	سَرہَماکیل	مشرق
بلد	۲۴۲۹۴	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
والشمس	۱۹۴۹۹	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
واللیل	۲۹۶۶۶	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
والضحیٰ	۱۳۴۲۲	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
الم نشرح	۱۲۴۹۱	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
والتین	۱۰۲۴۷	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
علق	۲۲۵۴۱	جمالی	خاکی	لُومائیل	شمال
القدر	۸۴۱۱	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
بینہ	۳۱۲۲۴	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
زلزال	۱۹۹۶۶	مشترک	آبی	شرفائیل	جنوب
والعادیات	۱۳۳۵۴	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب
القارعہ	۱۳۴۶۴	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
الکوثر	۱۰۳۶۷۰	جلالی	آتشی	اِسرافیل	مشرق
والعصر	۴۷۴۰	جلالی	بادی	رُفتمائیل	مغرب

ہمزہ	۸۳۴۱	جلالی	آتشی	دوریائیل	مشرق
فیل	۵۸۵۹	جلالی	آتشی	سرہماکیل	مشرق
قریش	۶۳۰۴	مشترک	آبی	عطرائیل	جنوب
ماعون	۹۲۵۳	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
کوثر	۲۷۵۴	مشترک	آبی	حروذائیل	جنوب
کافرون	۲۸۳۳	مشترک	آبی	حروذائیل	جنوب
نصر	۶۱۲۴	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب
تبت یدا	۵۸۲۶	مشترک	بادی	عزرائیل	مغرب
اخلاص	۱۰۰۲	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
فلق	۸۶۷۷	جلالی	آتشی	سرہماکیل	مشرق
ناس	۵۲۹۶	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب

نقش سورۃ فاتحہ

ہر بیماری میں سورۃ شریف پڑھکر دم کرنے سے فوراً شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے۔

نقش سورۃ آل عمران

قرضداروں و تنگدستوں کے لئے اس سورۃ کا پڑھنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

نقش سورۃ نساءٔ

میاں بیوی کی آپس میں ناچاقی دور کرنے کے لئے۔ پانی پر دم کر کے پیئے۔

نقش سورۃ مائدہ

استسقاء والے مریض اس سورۃ کو بکثرت پڑھ کرپانی پر دم کرکے پئیں۔

نقش سورۃ انعام

ہر جائز مقصد کے حصول اور ہر جائز کام میں مشکل دور کرنے کے لئے بکثرت پڑھے۔

نقش سورۃ اعراف

ظالم حاکم اور بد دیانت افسر کو مطیع کرنے کے لئے سورۃ کو بکثرت پڑھے۔

عملیات از شر جن ' بھوت ' وبلائے آفات

کتاب مذکورہ میں مندرج فتیلے تمام قسم کے آسیب ' جن ' بھوت ' چڑیل اور اس سے تمام متعلقہ امراض سے چھٹکارا پانے کے لئے ہیں۔ اور بالکل صحیح و ٹھیک طور پر اس طریقہ سے درج کیے گئے ہیں۔ جو ان تمام امراض سے مکمل شرائط کے طور پر بجالانے کے بعد شفاء بخشتے ہیں۔ اور مریض مہلک و اذیت ناک مرض سے چھٹکارا پاتے ہیں۔ لیکن ان عملیات کو کرنے سے پہلے کافی حد تک ریاضت و مجاہدہ کرنا پڑتا ہے۔ اور اپنا کافی وقت عبادت و پرہیزگاری میں گذارنا پڑتا ہے۔ اگر کوئی عامل یا کوئی بھی ریاضت و مجاہدے کے علاوہ آسیب و جن گرفتہ میں مبتلا مریض کا علاج کریگا۔ وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کیونکہ مسلط ' آسیب و جن سے بات چیت کرنا یا ان کی حاضری کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ اور بعض اوقات علم نہ رکھنے والے افراد مریض کو ہاتھ ڈال تو دیتے ہیں۔ پھر بعد میں مریض کے ساتھ ساتھ خود بھی الجھنوں و پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ سب سے پہلے کتاب میں درج کسی بھی حصار کا پہلے خود عامل بنے پھر اس طرح کے عملیات کرے۔ ایسا کرنے سے ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑتا۔ فتیلہ بنانے کیلئے۔ کوئی خاص وقت معین نہیں۔ اگر کوئی صاحب خود سے اگر فتیلہ بنا سکے اور اسے کام میں لائے تو میری طرف سے اجازت عام ہے۔ ویسے درج فتیلہ جات بنانے میں بہت مشکل ہیں۔ اگر فوٹو کاپی کروا کر استعمال کرے۔ تو بہت فائدہ کثیر ہوگا۔ اگر مرض پر قابو نہ پڑ رہا ہو۔ تو ایک نمبر فتیلہ سے لیکر آخری فتیلہ تک موقع کی مناسب سے استعمال کرے۔ جو زیادہ اثر کرے۔ وہی مریض کا متعلقہ فتیلہ ہوگا۔ ویسے بھی کامل علاج کے طور پر ایک ہی فتیلہ پر اکتفا نہیں کیا جاتا۔

نوٹ۔ کتاب میں مندرج فتیلہ جات کسی بھی کتب سے نقل مار کر درج نہیں کئے گئے۔ یہ اپنی نوعیت کے منفرد فتیلہ جات ہیں۔

ہندو جادو گر

اگر کسی ھندو عامل جادو گر نے کسی مسلمان مرد' عورت بچے و بوڑھے پر ھنومان یا کوئی دیوی مسلط کردی ہو۔ اور وہ طرح طرح سے اذیت دیتا ہو۔ تو سب سے پہلے کالے رنگ کا ایک مرغ لائے۔ اسے مریض ساری رات اپنی الٹی طرف چارپائی کے ساتھ باندھ دے۔ اور اگلے دن صبح اذان سے پہلے جو راستہ پر کھلا ہی چھوڑ دے۔ اور واپس پلٹ کر نہ دیکھے۔ پھر اس فتیلہ کو ۲۱ عدد فوٹو کاپی کروا کر رکھ لے۔ اور روزانہ ۲۱ دنوں تک فتیلہ کالی ڈوری سے مریض کے الٹے پاؤں پر باندھ دے۔ صبح باندھے اور شام کو کھول کر اس مریض کے سارے بدن سے چھوا کر ڈوری سمیت جلا دیا کرے۔ اور اس کی راکھ کو جمع کرکے ۲۲ ویں دن چلتے پانی میں بہا دے۔ اس ھندو عامل جادو گر کا ھروار خالی جائیگا۔ پھر کبھی بھی مریض پر کوئی شے مسلط نہیں کر سکے گا۔ پھر کتاب کے اندر موقع کی مناسب سے نقش باندھنے اور پینے کیلئے دے۔

کالے و سفلی علم و عمل کی کاٹ

اگر کسی ھندو یا مسلمان عامل نے گھر کو یا تمام گھر میں رہنے والوں کو اذیت ناکی کا نشانہ بنایا ہو۔ اور تمام گھر والے اس وجہ سے پریشان رہتے ہوں۔ کہ گھر پر کسی نے جادو ٹونہ یا کالا علم کیا ہوا ہے۔ اور دن بدن ترقی چھوڑ کر پستی کی طرف مائل ہو جائیں۔ کاروبار میں نقصان یا چلتا ہوا کاروبار بالکل بند ہو جائے۔ اور دن بدن ناگہانی پریشانیوں، دکھوں، و مصیبتوں نے گھر کا منہ دیکھ لیا ہو۔ تو اس فتیلہ کو کافی تعداد میں فوٹو کاپی کروا کر رکھ لے اور اگلے دن صبح فجر کی نماز پڑھ کر گھر میں جتنے کونے ہوں۔ اس فتیلہ کو تعویذ کی شکل میں بند کر کے کونوں کے نیچے رکھ دے پھر اوپر قالین یا چٹائی بچھا دے۔ پھر بقیا فتیلوں کو ایک صبح اور ایک شام کو گھر کے صحن میں جلا کر اس کی راکھ کو اوپر چھت پر جا کر راکھ کو اڑا دیا کرے۔ چند دنوں میں ہی گھر پر ہر وار کیا ہوا خطا ہو گا۔ اور گھر کے حالات دوبارہ اپنے مقام پر آجائیں گے۔

نظر بد

اگر کسی مرد و عورت یا بچہ کو بار بار نظر لگتی ہو۔ اور اس کا صحیح حل نہ مل رہا ہو۔ تو اس فتیلے کو روزانہ مریض کے جسم پر پھیر کر اس کے اندر پہلے سے کالی مرچیں رکھ لے۔ پھر جلالے۔ کالی مرچیں ڈال کر جلانے والا عمل صرف پہلے روز ہی کرے۔ اس کے بعد گیارہ عدد یا ۲۱ عدد فتیلے فوٹو کاپی کروا کر رکھ لے۔ اور روزانہ ہی مریض کے بدن سے چھوا کر سات دن تک ایک کوری ہانڈی میں جمع کرتا رہے۔ پھر اس میں قدرے تھوڑی سی کالی مرچیں ڈال کر اس ہانڈی کا منہ بند کر دے۔ پھر مریض کے سر پر سے سات مرتبہ پھیرے دے کر دریا یا نہر کے چلتے ہوئے پانی میں ہانڈی بہا دے۔ پھر ساری زندگی میں کبھی بھی نظر بد کی شکایت نہیں ہوگی۔ اس نظر بد کا تعلق خواہ جنات' آسیب' یا انسانوں سے متعلق ہو۔ پھر شکایت رد ہو جاتی ہے۔

جادو کی وجہ سے بد بختی

اگر تسخیرات و مسلط سحری جادو کی بناء پر کسی مسلمان عامل نے کسی کو باندھا ہو اور وہ مریض بہ سبب پریشانی و اذیت ناکی کی وجہ سے کبھی آسیب یا جن وغیرہ بتائے۔ یا ایسی کیفیت پیدا ہو چکی ہو۔ کہ مریض بول ہی نہ سکے تو اس فتیلہ کو فوٹو کاپی کروا کر مریض کو روزانہ بعد نماز عشاء صرف کورے فتیلے کا دھواں دے۔ یعنی اس کا دھواں مریض کو سنگھائے۔ چند دنوں کے اس عمل سے جو مرض سمجھ نہ آرہا ہو۔ وہ واضح طور پر پتہ لگے گا۔ اور مریض سکون محسوس کرتے ہوئی اس اذیت ناکی سے فوراً چھٹکارہ پائے گا۔

دفعیہ جنات

جنات کو دفع کرنے کی غرض سے عامل سب سے پہلے حسب توفیق میٹھی چیز پر ختم غوث پاک کا دلوائے۔ خوشبویات سے فضاء کو معطر کرے۔ اس کے بعد چاہے فتیلہ کو لکھے۔ یا فوٹو کاپی کروالے۔ اب مریض کو دکھن کی طرف لٹا کر فتیلہ روئی میں لپیٹ کر سر سے پاؤں تک چالیس مرتبہ اتارے۔ اور نئے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائے۔ پھر مریض اور چراغ کے گرد ایت الکرسی' اور چار قل شریف پڑھ کر حصار کھینچے جہاں پر حصار ختم ہو۔ اور جس چھری پر پڑھ کر حصار کھینچ رہا ہو۔ اس چھری کو حصار ختم ہونے والی جگہ پر گاڑھ دے۔ اب عامل مریض کو ہدایت کرے۔ کہ وہ چراغ کی بائیں طرف دیکھے۔ اب جن گرفتہ کو دو' تین دوسرے آدمیوں کے ساتھ حصار میں بیٹھائے۔ تاکہ جن گرفتہ چراغ پر دست اندازی نہ کرسکے۔ اس عمل سے بحکم خدا جنات خاکستر ہوں گے۔ پھر دوبارہ مسلط ہونے کی کوشش نہیں کریں گے۔

خلل آسیب و دفع بلاء

اگر خلل آسیب و مسلط جنات مریض کی جان نہ چھوڑتے ہوں اور طرح طرح کی اذیت دیتے ہوں۔ تو فتیلہ کو درج کرلے یا فوٹو کاپی کروا کر نیلے رنگ کی گیارہ تاریں سوت کی لیکر فتیلہ کے اوپر لپیٹے۔ پھر ایک مٹی کا گھڑا لیکر اس کو اوندھا کرے۔ گھڑے کی پشت کے اوپر تازہ پھول رکھے۔ اس کے بعد نئے چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر فتیلہ روشن کرے۔ اب آسیب یا جن گرفتہ کو اپنے قریب بٹھائے اور اسے ہدایت کرے۔ کہ وہ اپنی نگاہیں چراغ کی لو کی طرف رکھے اب عامل مریض کے گرد حصار کھینچ دے۔ اب فتیلہ روشن ہی کریگا۔ تو جو چیز بھی ہوگی۔ وہ فوراً حاضر ہو کر گفتگو کریگی۔ اب عامل کے بس میں ہے۔ کہ وہ خاکستر کرتا ہے۔ یا دفع کرتا ہے۔ موقع کی مناسبت سے جو سلوک کرنا ہو وہ کرے۔ پھر علاج کے بعد ختم دلوائے۔

دفع جنات وچڑیل

اگر کسی کو اس مرض میں بہت اذیت کا سامنا ہو۔ تو اس فتیلہ میں فلاں بن فلاں کی جگہ مریض کا نام لکھ کر اجڑے ہوئے درخت پر لٹکا دے۔ لیکن یہ یاد رکھے۔ کہ فتیلہ کس جگہ اور کس اجڑے ہوئے درخت پر لٹکایا ہے اس کے ساتھ ہی گیارہ عدد فتیلے فوٹو کاپی کروالے۔ روزانہ ایک عدد فتیلہ کو مریض کے بدن سے چھوا کر ایک مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال دیا کرے۔ روزانہ گیارہ دنوں تک اسی عمل کو دھرائے۔ گیارہویں دن ان تمام فتیلوں کو دریا یا نہر میں بہادے۔ اور جو فتیلہ درخت پر لٹکایا تھا وہ اتار کر لے آئے۔ اور مریض کے بدن سے چھوا کر وہ مریض کے سامنے جلادے۔ اور اس کا دھواں مریض کا ناک میں پہنچائے۔ اس مرض سے مکمل نجات ہوگی۔ پھر کبھی بھی جنات چڑیل تنگ نہیں کریں گے۔

دفع جنات و آسیب

اس فتیلہ کو برائے دفع جنات و آسیب و دیگر آفات سے متعلق لکھ کر یا فوٹو کاپی کروا کر استعمال کرے۔ مریض کو نہلا کر سب سے پہلے اپنے اوپر اور مریض کے گرد حصار کرے۔ اور چراغ کی روئی میں فتیلہ کو لپیٹ کر چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائے اور مریض کو ہدایت دے کہ صرف چراغ کی لو پر گہری نظر رکھے۔ تھوڑی دیر بعد ہی مریض جس بلاء و آفت کا شکار ہوگا وہ مریض پر حاضر ہو جائے گی۔ عامل اس سے بات چیت کرے اور دفع ہونے کا طریقہ پوچھے۔ اگر وہ نہ بتائے تو اپنے عمل کے ذریعہ اور فتیلہ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے یا اسے قتل کر دے یا جلا کر خاکستر کر دے یہ عامل کی اپنی مرضی ہوگی۔

دفع بلاءو آفات

اس چکری فتیلہ جات کو چار عدد فوٹو کاپی کروا کر مریض کی چارپائی کے نیچے پائے کے وزن کے نیچے دبا کر رکھ دے اور گیارہ روز تک ایک عدد چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کرے اور مریض چراغ کی لو میں بغور دیکھتا رہے اور پاس بیٹھے ہوئے یا عامل آیت الکرسی کا اتنا ورد کرے۔ جتنی دیر پورا فتیلہ جل نہ جائے جب پورا فتیلہ جل جائے۔ تو چراغ کو بحفاظت رکھ دے۔ اور پھر اگلے دن اسی طرح گیارہ دن پورے کرلے اب بارھویں دن جو چارپائی کے نیچے فتیلے رکھے تھے۔ وہ نکال کر مریض کے جسم سے چھوا کر ایک کوری ہانڈی میں ڈال کر اوپر مضبوطی سے ڈھکن بند کر کے دریا یا نہر میں بہادے۔ انشاءاللہ مریض ہر طرح کی بلاءو آفت سے محفوظ رہے گا۔

جادو و مسان دفع از طرف دشمن

اگر کسی دشمن نے کسی سفلی علم یا جادو ٹونہ کے ذریعے کسی انسان کو مغلوب کیا ہو اور وہ طرح طرح کی اذیت ناکیوں میں مبتلا ہو تو اس فتیلے کو فوٹو کاپی کروا کر رکھے۔ اب دو فتیلوں کو مریض کے دونوں بازوؤں، دونوں پیروں کے اوپر باندھے۔ صبح باندھے اور شام کو تمام جسم کے ساتھ پھیر کر ہانڈی میں ڈال دے۔ جب اگلے دن صبح نئے فتیلے باندھے۔ تو علی الصبح ان فتیلوں کو ہانڈی سے نکال کر جلا دے۔ پھر نئے فتیلے باندھے۔ اور جو راکھ ان فتیلوں کی بچے۔ ان کو کوری ہانڈی میں جمع کرتا جائے۔ گیارہ روز تک اس عمل کو دھرائے۔ اب بارہویں دن علی الصبح دریا پر جا کر ہانڈی کو دریا میں پھینک دے۔ دشمن کا ہر وار خالی جائے گا۔ اور دشمن مقہور، ذلیل و خوار ہو گا۔

ابوجهل
ملعون
فلان بن فلان
فرعون
ملعون
فلان بن فلان
ابلیس
هامان
شداد
فرعون
بلبیس
ابوجهل
نمرود
ابلیس
بلبیس
شداد
ملعون

نظر بد اور مکان میں جنات کا رہنا

اگر مکان یا دوکان میں جنات یا آسیب رہتے ہوں۔ اور پکا یقین ہو۔ یا گھر و کاروبار بد نظری کا شکار ہو۔ تو اس آیت کو ۲۵ مرتبہ ایک لوہے کے کیل پر دم کرکے چار کیل پورے کرے اور گھر یا دوکان کے چاروں کونوں میں گاڑھ دے۔ تمام جنات بھاگ جائیں گے۔ اور نظر بد ختم ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا سُلْطَانُ یَا سُبْحَانُ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکَافِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔

حصار آسیب

اگر مریض پر آسیب ہو۔ تو اسے تین مرتبہ پڑھ کر خیال سے حصار لگا دے۔ تاکہ آسیب بھاگ نہ سکے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ گرد بگرد ہزار در ہزار حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ گرد آں بستم قفل لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ لَا یَسْمَعُوْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ

مرض آسیب

اس آیت کو روزانہ نو مرتبہ پڑھ کر بچوں یا جس کو خلل آسیب ہو۔ دم کرے اول و آخر درود شریف کے ساتھ پھر کبھی بھی خلل آسیب نہیں ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. وَاِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

جنات یا غیب چیزیں نظر آئیں

اس مرض سے چھٹکارہ پانے کے لئے کوئی بھی ہو۔ اس کی دونوں آنکھیں ایک ہاتھ سے بند کرکے یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر کوئی غیب چیز یا جنات نظر نہیں آئیں گے۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔

گھر سے بیماری نکلے

حرمل اور گوگل کو کوئلے دہکا کر اس نقش کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر ان کے ساتھ ہی کوئلوں پر رکھ کر سارے گھر میں دھونی دے۔ اور اس عمل کے دوران گھر میں اذانیں بھی دلوائے۔

یاسلح ملو	اطلم ہمنو طللم	طلسمو ملو
یلعو وعسطا		ملودمم ایسمو
طیبوما ابرشا		وصلی وصی

جادو سے مکمل چھٹکارہ

اگر کوئی ہر وقت جادو میں مبتلا رہتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر پیئے۔ اور ایک عدد کو اپنی بازو یا گلے میں باندھ دے۔

بسم
بذکر الله الرحمن
یا نار کونی بردا وسلاما علی
ابراهیم وعلی محمد وال محمد
وعلی فلان بن فلان
باذن الله تعالی ختم

برائے ہر حفاظت جادو و تیر تفنگ

ہر قسم کی بیماریوں سے بچنے کے علاوہ خاص طور پر جادو کے دفعیہ کے لئے اس نقش کو مشک و زعفران گلاب سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ نقش لکھنے کا وقت سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد کا ہے ہر طرح کی ارضی و سماوی آفات و بلیات سے بچاؤ ہو گا۔

۳۲۲۳	۲۴۶۱۱	۳۲۷۳	۳۴۶۱۱
۲۱۱۵	۳۲۷۰	۲۴۶۵	۳۲۷۲
۹۲۲۳	۲۴۱۲	۳۲۷۹	۲۴۴۶

جادو

اگر کسی پر جادو کردیا ہو۔ تو اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے۔ اور گاہے بگاہے اس پر شہد ڈال کر چاٹتا رہے۔ اور اسی کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے چند دنوں میں جادو کا اثر باطل ہو گا۔

۳۴۲۴۰	۳۴۲۳۳	۳۴۲۳۸
۳۴۲۳۵	فلاں بن فلاں	۳۴۲۳۷
۳۴۲۳۹	۳۴۲۳۶	۳۴۲۴۱

تمام جملہ امراض و جمیع حاجات و دفع بلیات

ان تمام قسم کی تکالیف سے مکمل چھٹکارے کے لئے۔ اس نقش کو عنصر کے مطابق کام میں لائے۔ اگر آتشی ہو تو اسے آگ کے قریب دفن کرے۔ اسی طریق سے عمل کرے۔

۶۹۱	۹۹۱	۲۰۲	۹۸۱
۲۰۱	۹۰۱	۵۹۱	۲۰۰
۱۹۱	۴۰۲	۷۹۱	۴۹۱
۸۹۱	۳۹۱	۲۹۱	۳۰۲

اینٹ پتھر پڑتے ہوں

اگر کوئی اپنے سفلی علم کی بنیاد پر مسلمانوں کو تنگ کرتا ہو اور کسی کے بھی گھر میں اینٹ یا پتھر پھینکواتا ہو۔ تو اس نقش کو پانی میں گھول کر چاروں کونوں کی طرف چھڑک دے اور ایک عدد قبلہ رخ لگادے۔ پتھر پڑنے بند ہوں گے۔

دی	ع	الم اع	ف
ے	ک	ل	ف
ق	م	د	ک
بدوح	بدوح	ے	ہحا

جادو کیا ہو

اگر کسی نے سفلی و کالے علم کے زور یا اپنے کسی بھی علم سے مرد و عورت کو باندھ دیا ہو۔ اور وہ طرح طرح کی اذیت ناکیوں میں گرفتار ہو۔ تو اس نقش کو بروز جمعرات سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد مشک و زعفران سے لکھے۔ اور ایک کچے گھڑے میں ڈال دے۔ اور وقفہ وقفہ سے اس کا پانی پیتا رہے۔ تین دنوں کے اندر ہر طرح کے علوم باطل ہوں گے۔

یَااَللّٰہُ	اَلْمَحْمُوْدُ	حَیٌ	کُلّ	فَعَالِہ
حَیٌ اُہٌ	یَااَللّٰہُ بَلَدَہُ	عَلِیٌّ حَیٌ	کُلٌ ع ع	یَااَللّٰہُ اَلْعَجِیْدُ
کُلّ فَعَالِہ	حٓ مٓ عَلِیٌ	یَااَللّٰہُ عَلِیٌ	کُلّ فَعَالِہ	یَااَللّٰہُ

دفع جن وارواح خبیثہ

ہر طرح کے جن 'آسیب' جادو 'ارواح خبیثہ سے محفوظ رہنے کے لئے۔ نقش چہل کاف کو چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر گلے میں پہنے۔ ہمیشہ ان تمام اشیاء سے حفاظت میں رہے گا۔

کَفَاکَ رَبُّکَ	کَمْ یَکْفِیْکَ	وَاکِفَۃٌ کَفْکَا	فَھَا اَلْکَمِیْنَ
کَانَ مِنْ کَلَکَا	تَکْرُ کَرًّا	کَکَرِّ اَکْرَ فِیْ	کَبَدِ تَجَلِّیْ
مُشَکْشَکَۃٌ	کَلْکَلِکَ	کَلْکَا کَفَاکَ	مَافِیْ کَفَاکَ
اَکَاکَ کَرَبَتْہُ	یَاکَوْکَبُ کَانَ	تَحْکِیْ کَوْکَبَ	اَلْفَلَکِ

جادو ٹونہ

اگر کسی گھر میں ہر وقت خلل آسیب و جنات وغیرہ رہتا ہو۔ اور اس کے دفعیہ کے لئے کوئی صحیح حل نہ مل رہا ہو اور گھر کے تمام افراد طرح طرح کی اذیت میں رہتے ہوں۔ تو اس نقش کو کچے گھڑے میں ڈال کر گھر کے چاروں کونوں میں اس کا پانی چھڑکے اور نقش کے اندر لکھی آیات کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھکر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ آئندہ کبھی بھی کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں پیش آئے گا۔

صُمٌّ بُکْمٌ	عُمْیٌ مِّنْھُمْ	لَایَعْقِلُوْنَ
صُمٌّ بُکْمٌ	عُمْیٌ مِّنْھُمْ	لَایَفْقَھُوْنَ
صُمٌّ بُکْمٌ	عُمْیٌ مِّنْھُمْ	لَایُکَمُوْنَ

گھر سے بیماری نکلے

گھر سے تمام افراد کی ہمیشہ شفاء۔ نظربد و آسیب، جن، دیو، چڑیل کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے۔ اس نقش کو اس کپڑے پر درج کرے۔ جو مریض کا ہو۔ اور ٹھیک نہ ہوتا ہو۔ کپڑے پر نقش درج کر کے حرمل و گوگل لا کر اس نقش والے کپڑے کو کالے دھاگے سے اچھی طرح لپیٹ لے۔ اور کوئلوں کو دہکا کر نقش والے کپڑے کو کوئلوں پر رکھے اور مریض کو دھونی دے۔ اگر گھر سے بیماری نکالنی ہو۔ تو صرف نقش کو لکھ کر کوئلوں پر رکھ کر گھر میں دھونی دے۔

اھلے	سلے	سلے	اھلے
سلے	سلے	سلے	سلے
سلے	سلے	سلے	سلے
اھلے	سلے	سلے	اھلے

بیماری ٹھیک واضح ہو

اس نقش کو سعد ساعت میں لکھ کر مریض کے سرہانے بغیر کسی تیل یا گھی کے کوری روئی کے اندر رکھ کر نئے چراغ میں رکھ کر جلائے۔ اور کمرہ کو اچھی طرح بند کرلے۔ اس کی دھونی مریض کو دینی ضروری ہے۔ ہر طرح سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

جادو کا اثر دور ہو

ہر طرح کے جادو کے اثر کو باطل کرنے کے لئے اس نقش کو مریض کی چارپائی کے چاروں کونوں میں وزن تلے دبادے۔ اسی رات جو کچھ ہوگا۔ آہ و پکار کرتا ہوا بھاگ جائے گا۔ اگر پہلے دن ایسا نہ ہو۔ تو چاروں نقوش کو باہر نکال کر باری باری مریض کو دھونی دے دے۔ پھر شروع سے عمل کرے۔

جادو کا اثر و سحرزدہ

اگر کسی مرد و عورت پر کسی جادو ٹونہ، و سفلی علم سے نقصان پہنچا ہو۔ اور وہ ہر وقت سحر میں مبتلا رہے۔ جس سے دن بدن کمزور ولاغر ہو چکا ہو۔ اس نقش کو پانی میں حل کر کے اس پانی سے روزانہ ۲۱ دنوں تک صبح نہار منہ غسل کر لیا کرے۔ اور دوران عمل معوذتین کا ورد رکھے۔ ہر طرح کے نقصان سے تلافی ہو گی۔

جنات و بھوت دفع ہو

اگر کبھی بھی جنات یا بھوت وغیرہ ظاہر ہوں۔ یا نظر آئیں۔ یا کسی بھی طریقہ سے انسان کو ڈرانے کی کوشش کریں۔ یا ڈراتے ہوں۔ تو اسی وقت بلند آواز سے اذان کہنا شروع کر دے۔ پھر کبھی بھی تنگ نہیں کریں گے۔ اس سے بڑا کوئی وظیفہ ہی نہیں ہے۔

ارضی و سماوی آفات سے بچاؤ

اگر کوئی بھی ناانجانے خوف میں مبتلا ہو۔ اور دن بدن یہ مرض شدت پکڑتا جائے اور کسی قسم کا کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ اور اسی نقش کو دھو کر پیا کرے۔

یَا حَفِیْظُ	یَا حَفِیْظُ	یَا حَفِیْظُ
یَا بَدِیْعُ	یَا بَدِیْعُ	یَا بَدِیْعُ
۱ ۲ ۳ فلاں	۴ ۵ ۶ بن	۷ ۸ ۹ فلاں

مسان

جس بچے یا مرد و عورت کو مسان کی شکایت ہو۔ اس تکلیف سے بچہ دن بدن کمزور ولاغر ہوتا جاتا ہے۔ اگر یہی شکایت طول پکڑ جائے۔ اور توجہ نہ کی جائے۔ تو اس سے ہاتھ پاؤں کے ٹھنٹ بندھ جاتے ہیں۔ منہ سے جاگ نکلتی ہے۔ آنکھیں چڑھ جاتی ہیں۔ یہ بہت گھمبیر و پیچیدہ مسئلہ ہے۔ اس تکلیف سے مکمل طور پر چھٹکارا پانے کے لئے۔ اس نقش کو بچے کے گلے میں مشک و زعفران سے لکھ کر ڈال دے۔ مسان کی شکایت سے محفوظ رہے گا۔

۱۰۳۶	۱۰۱۰	۱۰۲۴	۱۰۳۰
۱۰۲۲	۱۰۳۲	۱۰۳۴	۱۰۱۲
۱۰۲۶	۱۰۲۰	۱۰۱۴	۱۰۴۰
۱۰۱۶	۱۰۳۸	۱۰۲۸	۱۰۱۸

فلاں بن فلاں

مسان سے مکمل طور پر محفوظ رہنے کے لئے اس نقش کو سفید رنگ کے مرغ کے خون سے یکشنبہ لکھ کر گلے یا بازو میں باندھے۔ مسان کے علاوہ ہر مرض دور ہو گی۔

۱۴۱	۱۴۴	۱۴۷	۱۳۴
۱۴۶	۱۳۵	۱۴۰	۱۴۵
۱۳۶	۱۴۹	۱۴۲	۱۳۹

ایضاً۔ اس عبارت کو برائے مسان لکھ کر گلے میں باندھے۔
جُلُوسْ مُرْدُوسْ اَرَادُسْ حَلُونْ سَلُونْ وَطُوسْ بَاسْ اِلَیْنَا دَرْیَا دُرْیَابَا اَحْیُونَا کَالُوْا الاَسَالُوْا الاَکَلَبْ وَمَا اَبْرَ مُسُومَا۔

ایضاً۔ اس نقش کو ہر قسم کے آسیب و مسان کے دفعیہ کے لئے بروز جمعرات سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو پر باندھے۔ اس نقش کو پہننے کے بعد لوبان کی دھونی بھی لیتا رہے۔

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

فلاں بن فلاں

کوئی بھی طاقت خائف نہ کرے

اگر کسی کو ہر وقت ناانجانا ساخوف رہتا ہو۔ خوف کی وجہ سے اس پر کپکپی طاری ہو جاتی ہو۔ اس وجہ سے ہاتھ کانپنا شروع ہو جائیں۔ اور ہر وقت ڈرتا رہے۔ تو اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ اس مرض سے مکمل نجات ہوگی اور اسے کوئی بھی طاقت خائف نہیں کر سکے گی۔

ششہا شلہ	اشادشی اوشو	شمیلشاشرو	شمصا شلہ
شما شوہ	ششہ الشاہ	کل اشاشرشما	شوہ شالو
شا الشوش	شوشا شتوا	جا شیاوۃ	شمشہا ئہ

فلاں بن فلاں

سحری و جادوئی اعمال

اگر کسی رشتہ دار دشمن نے سفلی و کالے علم کی بنیاد پر کسی کو بہت زیادہ ستایا ہو اور وہ دن بدن بربادی کے ٹھکانہ پر پہنچ گئے ہوں۔ مصیبتوں، دکھوں، و پریشانیوں نے ان کے گھر کا منہ دیکھ لیا ہو۔ تو اس نقش کو مٹکے میں ڈال دے۔ اور گھر کے چاروں کونوں میں اس پانی کے چھینٹے مارے اور اسی نقش کو گھر کے دروازے کے عین درمیان میں گاڑھ دے۔ تمام سحری و جادوئی اعمال کی پیدا کردہ خرابیوں کا خاتمہ ہو گا۔ دشمن ذلیل و خوار ہو گا۔

کلہطا شیں	سبار شیں	دھیطا شیں	یلہو شیں
قمر عموشیں	ما ملھو یوشیں	تقہطا شیں	ما صوخا شیں
ششطا شیں	شمر سبا شیں	ملہہا شیں	ہشا شوا
ھلما شوط	الا یاقوما تیں	والشیاطین	[illegible]

ذہنی مرض و جادوئی اعمال

اگر کسی کو جادو کا بہت زیادہ جھٹکا لگا ہو اور وہ تمام ذہنی امراض کا شکار بن گیا ہو اور علاج کروا کر تھک گیا ہو لیکن کوئی راستہ بجز نظر نہ آتا ہو۔ تو اس طلسماتی نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا رکھ کر اور پینے والے پانی میں ڈال کر گاہے بگاہے اس کا پانی پیا کرے۔ اور صبح نہار منہ اسی پترے پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ انشاء اللہ ذہنی تمام امراض کا شافی علاج ہو گا۔

لَاامُمُ	اَلَالَکُمُ	لَونُھَالِیُمَّا	لَوھِیَامَلَامُ	لِیَالَھَا
لِیَالَاوَا	اُلِیَاہَا	لَااِلَاَّلَا	اِلَاَّلَاتَا	اِلَاَّھُوُ
اِلَاَّبُوُ	لَامُ بُوُ	ھَاوُنَا	مَالَالَا	اِلَاَّلَامُ

پیٹ درد

اس نقش کو پیٹ کے تمام جملہ امراض کو دور کرنے کے لئے۔ گرم پانی میں گھول کر پیجئے۔ انشاء اللہ پیٹ کی تمام بیماریوں سے شفاء ہو گی۔

یَابُدُّوحُ	یَاحَیُّ	یَاقَدِیُمُ
یَاکَبِیُرُ	یَاقَیُّوُمُ	یَالَطِیُفُ
یَاصَمَدُ	یَاخَلِیُلُ	یَاقِسُمَتُ

فلان بن فلان

نظرِ بد

اگر بار بار نظرِ بد لگتی ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو پر باندھے۔ اور ایک عدد نقش پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ پھر دوبارہ کبھی بھی بد نظری کا شکار نہیں ہو گا۔

قَدْغَدُیَاۃٌ	قُوْرَادُۃٌ	قَدْقِیَاۃٌ	قَدْنَشُھَا
قَدْھِیَاۃٌ	اِیْنُھَا الْعَیْنَ	اَلَّتِیْ اُھُیَا	اُشْرَاھِیَا

ایضاً۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر دھو کر پی لیا کرے

اُلثَاءاِنْ	تَغْغَااَتْ	عَنُوعُشُ اُلثَا	سَارِیْ اُلثَا	قُوْعُ اِیْتُھَا
اُلْعَیْنُ حَقّ	اُلثَا یَا اُعْشَلْ	یَا اُسْرَاھِیَا	وُلَا اَبْلَاعُ	وَلَا اَثْرَاعُ
اِلَّا بِاللّٰہِ	تَغْقَااَتْ	صَنُوعَشْ	اُلثَاسَارِیْ	اِلَّا بِاللّٰہِ

ایضاً: یہ نقش چاندی کے پترے پر کندہ کرواکر پہنے۔

یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ

درد ناف

اگر ہر مرتبہ ناف کے امراض میں پھنسا ہو۔ اس کے کامل علاج کے طور پر نقش کو سعد ساعت میں مشک و زعفران سے لکھ کر بالائے ناف باندھ لے۔ پھر کبھی بھی ناف کا مرض نہیں رہے گا۔

1	2	3	4
بھار	۳	۹	۶
ط	ط	ط	ط
یَاغَفُوْرُ	یَاغَفُوْرُ	یَاغَفُوْرُ	یَاغَفُوْرُ

چیچک

چیچک سے تمام عمر محفوظ رہنے کے لئے۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

1	2	3	4
یوُ	ج	ع	ب
ط	د	بت	وَرَق
و	یہ	ا	بُوْرُ
ھ	ی	مُلوٗ	مُلےٗ

گریہ اطفال

اگر بچہ بار بار بلاوجہ روتا ہو۔ تو اس نقش کو سعد ساعت میں لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ رونا دھونا بند کرے گا۔

۷۸۶	یَابُدُّوحُ	۷۸۶
یَابُدُّوحُ	اَللّٰہُ	یَابُدُّوحُ
۷۸۶	یَابُدُّوحُ	۷۸۶

ڈر سے محفوظ رہے

ہر طرح کے خوف و ڈر سے محفوظ رہنے کے لئے۔ اس نقش کو سعد ساعت میں مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو پر باندھ لے۔

۱ ۱۱	۳ ۳۳	۴ ۴۴
۸ ۸۸	۵ ۵۵	۹ ۹۹
۶ ۶۶	۷ ۷۷	۲ ۲۲

شوہر حقوق پورے کرے

اگر کسی عورت کا خاوند اپنی عورت کے علاوہ کسی اور جگہ خواہشات پوری کرتا ہو۔ اور اپنی عورت کو اچھا نہ سمجھے۔ تو اس کی عادت ہمیشہ ختم کے لئے اور دوبارہ اپنی عورت کا حق دلانے کے لئے۔ اس نقش کو سعد ساعت میں لکھے اور عورت اپنے الٹے بازو کے ساتھ باندھے۔ اور شوہر کو یہ نقش ہر کھانے پینے والی چیز میں گھول کر پلائے۔ اس کا خاوند اپنی بد کاری اور ناجائز خواہشات ترک کردے گا اور ہمیشہ اپنی عورت کی طرف راغب رہے گا۔

اِنَّ اللّٰہَ	لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ	لَہٗ مَا فِی	السَّمٰوٰتِ وَمَا
فِی الْاَرْضِ	وَاِنَّ اللّٰہَ	لَھُوَ الْغَنِیُّ	الْحَمِیْدُ

حاملہ عورت لڑکا جنے

ایسے والدین جن کو اولاد نرینہ کی خواہش ہو۔ اور پہلے بہت زیادہ لڑکیاں ہوں۔ تو اس نقش مبارک کو دونوں میاں بیوی روزانہ نہار منہ پئیں۔ اور عورت ایک عدد نقش اپنی کمر یا گلے میں ڈال لے اور مرد اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ ۲۱ دن عمل کرے۔ بحکم خدا لڑکا پیدا ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ	خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ	بَطْنِ ھٰذَا الْمَرْاَۃِ
فَکَوِّنْہُ ذَکَرًا وَّ	اَسَمِّیْہِ اَحْمَدَ اَوْ	مُحَمَّدٌ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ
حَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ	وَرَسُوْلُ الْکَرِیْمُ	فلانہ بنت فلان کو لڑکا پیدا کر
رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ	فَرْدًا وَّاَنْتَ	خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ

درد شقیقہ

درد شقیقہ سے نجات کے لئے۔ اس نقش کو سعد ساعت میں لکھ کر ایک عدد اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ اور ایک روزانہ نہار منہ پیا کرے۔

یاھو	یاھو	یاھو	یاھو
اَللّٰہُ	اَللّٰہُ	اَللّٰہُ	اَللّٰہُ
اَلْحَیُّ	اَلْحَیُّ	اَلْحَیُّ	اَلْحَیُّ
اَلْقَیُّوْمُ	اَلْقَیُّوْمُ	اَلْقَیُّوْمُ	اَلْقَیُّوْمُ

اَلْحَبِیْبِ	۱۱	اَلْحَبِیْبِ	۱۹
۷۹	اَلْحَبِیْبِ	۹۱	اَلْحَبِیْبِ
اَلْحَبِیْبِ	۱۳	اَلْحَبِیْبِ	۱۱
صلحا	اَلْحَبِیْبِ	ط	اَلْحَبِیْبِ

جو لڑکا خواب میں ڈرتا ہو

اگر کوئی بھی خواب میں ڈرتا یا چونکتا ہو اور اس وجہ سے بہت پریشان ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو میں پہن لے۔ انشاء اللہ پھر کبھی نہیں ڈرے گا۔

۸ و	۱۹ ل	۲۲ ط	۱ ح
۲۱ ی	۲ ط	۷ ا	۲۰ ب
۲۳ جھو	۳ دلا	۱۷ لہ	۶ لو
فلاں بن فلاں	۱۸	۵	۴

یرقان

اگر کوئی یرقان کے عارضے میں مبتلا ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک عدد کو مشک و زعفران سے لکھ کر وقفے وقفے سے یہی پانی پیتا رہے۔ چند دنوں میں بالکل ٹھیک ہو گا۔

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

فلاں بن فلاں

برائے حمل

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا بار بار ساقط ہو جاتا ہو۔ تو وہ اس نقش کو ۱۱ دنوں تک مشک و زعفران سے لکھ کر اس پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے اور تعویذ کو ساتھ ہی نگل لیا کرے۔ اس کے علاوہ پانی بھی پیا کرے۔ اور ایک نقش کو گلے یا بازو کے ساتھ باندھ لے۔ انشاء اللہ کبھی بھی حمل ساقط نہیں ہوگا۔

اَللّٰہُ	ھُوَ	اَلْحَقُّ	اَلْمَوْجُوْدُ
ھُوَ	اَللّٰہُ	اَلْمَوْجُوْدُ	اَلْحَقُّ
اَلْحَقُّ	اَلْمَوْجُوْدُ	اَللّٰہُ	ھُوَ

برائے امساک

جائز مجامعت کرنے سے پہلے موم کے اندر رکھ کر گولی بنا کر اپنی زبان کے نیچے رکھے۔ جب تک نقش رہے گا۔ انزال نہیں ہوگا۔

ہ ع ح	و ح ع	ز م و
ی و ر	فلاں بن فلاں	ح ح ص
و ہ ص	ص و ر	و ح ع

دفع بد نظر

اگر کسی کو بھی ہر مرتبہ نظرِ بد لگنے کی شکایت ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے بازو یا گلے میں ڈالے۔

۱۶۶۳۲	۱۶۶۴۵	۱۶۶۴۲	۱۶۶۳۹
۱۶۶۴۳	۱۶۶۳۸	۱۶۶۳۴	۱۶۶۴۴
۱۶۶۳۷	۱۶۶۴۰	۱۶۶۴۷	۱۶۶۳۳

فلان بن فلان

برائے شفاء امراض

ہر بیماری سے نجات کے لئے۔ اس نقش کو لکھ کر دھو کر پیئے۔

ر ۲	ح ۸	م ۴	ا ۱	ن ۵
لَا اِلٰہَ اِلَّا	اَنْتَ	سُبْحَانَكَ اِنِّیْ	كُنْتُ مِنَ	الظّٰلِمِیْنَ
ح ۸	ف ۸	ی ۱	ظ ۹	و ۶

فلان بن فلان

برائے بواسیر

جس عورت و مرد کو بواسیر کی شکایت ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی کمر میں باندھے اور اسی نقش کو روزانہ نہار منہ پیئے۔ بواسیر کی شکایت جتنی پرانی بھی ہو۔ انشاء اللہ چند دنوں میں مرض سے شفاء ہوگی۔

۱۵۷۱	۱۵۷۴	۱۵۷۷	۱۵۶۴
۱۵۷۶	۱۵۶۵	۱۵۷۰	۱۵۷۵
۱۵۶۶	۱۵۷۹	۱۵۷۲	۱۵۶۹
۱۵۷۳	۱۵۶۸	۱۵۶۷	۱۵۷۸

بخار سے مکمل شفایابی کے لئے

بخار سے مکمل طور پر محفوظ رہنے کے لئے۔ اس نقش کو اپنے تکیے کے نیچے رکھے ایک عدد اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ اور ایک عدد مشک و زعفران سے لکھ کر دھو کر پی لیا کرے۔

۴۱۶۸۲	۴۱۶۸۵	۴۱۶۸۸	۴۱۶۷۵
۴۱۶۸۷	۴۱۶۷۶	۴۱۶۸۱	۴۱۶۸۶
۴۱۶۷۷	۴۱۶۹۰	۴۱۶۸۳	۴۱۶۸۰
۴۱۶۸۴	۴۱۶۷۹	۴۱۶۷۸	۴۱۶۸۹

برائے کامل حفاظت

موقع کی مناسبت سے ہر طرح استعمال کرے۔ انشاءاللہ فائدہ کثیر پائے گا۔

۲۲۹۴۲	۲۲۹۴۵	۲۲۹۴۸	۲۲۹۳۵
۲۲۹۴۷	۲۲۹۳۶	۲۲۹۴۱	۲۲۹۴۶
۲۲۹۳۷	۲۲۹۵۰	۲۲۹۴۳	۲۲۹۴۰
فلان بن فلان	۲۲۹۳۹	۲۲۹۳۸	۲۲۹۴۹

جس مرض کا پتہ نہ چلے

اس نقش کو پانچ عدد لکھے اور سفید کاغذ پر سرخ روشنائی سے تحریر کرے اور مریض اپنے تمام متاثرہ حصوں پر نقش کو اچھی طرح مل کر جلادے۔ انشاء اللہ پانچ دن سے پہلے ہی معلوم ہو جائے گا۔ کہ مریض کو کیا مرض ہے۔ اور اس کا کامل علاج کیا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

خاص کمر درد کے لئے

اس نقش کو تانبے کے پترے پر کھدوا کر اس کو چینی کی طشتری میں رکھے۔ اور سرسوں یا زیتون کا تیل ڈال کر کمر پر مالش کروائے۔ اور ایک عدد تعویذ تحریر کرکے اس طرح باندھے۔ کہ تعویذ کا رخ پشت یعنی کمر کی طرف رہے۔

ترقی دکان

دکان کی ترقی وافر رزق کی فراہمی کی خاطر اس نقش کو لکھ کر دکان پر لگائے اور ایک عدد نقش کو روپے والی جگہ میں رکھ دے۔ ہر طرح کے بداثرات کا خاتمہ ہوگا۔

۱۵۷	۱۶۰	۱۶۳	۱۵۰
۱۶۲	۱۵۱	۱۵۶	۱۶۱
۱۵۲	۱۶۵	۱۵۸	۱۵۵
۱۵۹	۱۶۴	۱۵۳	۱۶۲

ایضاً۔ ترقی دکان کے لئے۔ اس نقش کو شیشے کی بوتل میں ڈال کر دریا یا نہر کا پانی ڈال کر رکھ لے۔ جب صبح دکان کھولے۔ تو اس پانی کو دکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دے۔ انشاءاللہ ہر بندش دور ہوگی۔

۱۷۲	۱۸۳	۱۸۴	۱۶۹
۱۷۸	۱۷۵	۱۷۴	۱۸۱
۱۸۲	۱۸۰	۱۷۹	۱۷۶
۱۸۵	۱۷۰	۱۷۱	۱۸۲

ایضاً اس طلسم کو تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر دکان کے عین درمیان میں گاڑھ دے۔ پھر اس کا فائدہ دیکھیے۔

م ١١١٨ ١١ ١١ ط ١١ ١١ ھ ٢٢ ١١ ١١ ۵

م ١١ ١٣٠ ١ ھ ك ١ ١١ ھ ٨ سح كه ١١ ۵

م ١١٩ ولہ ججج ھھ و ٢ ٩ ١١ ١ ۵

ایضاً۔ اس نقش کو فریم کروا کر لگائیے۔

یارزاق الرزاق یارزاق الرزاق

۱۹۳	۱۹۲	۲۰۴	۱۹۸
۲۰۵	۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱
۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰	۲۰۲
۱۹۹	۲۰۳	۱۸۹	۱۹۶

ایضاً۔ اس نقش کو ترقی دکان و فراخیٔ رزق کی نیت سے مشک و زعفران سے لکھ کر فریم کروا کر دکان پر ایسی جگہ لگائیے۔ جہاں گاہک کی نظر پڑتی ہو۔ انشاء اللہ غیب سے وسائل پیدا ہوں گے۔

اَلْکَافِیُ	اَلْغَنِیُّ	اَلْفَتَّاحُ
اَلرَّزَّاقُ	اَلْوَدُوْدُ	اَللَّطِیْفُ
اَلْوَاسِعُ	اَلشَّہِیْدُ	اَلشَّافِیُ

ایضاً۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر روپوں والی جگہ پر رکھے۔

اَللّٰہُ	اَلرَّحْمٰنُ	اَلرَّحِیْمُ	اَلصَّمَدُ
اَلْمَلِکُ	اَلْوَہَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ
اَلْبَاسِطُ	اَلْوَاسِعُ	اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ
اَلْمُغْنِیُّ	اَلْمُعْطِیُّ	اَلنُّوْرُ	اَلْوَارِثُ

ترقی دکان

دولت کی فراوانی کی خاطر اس نقش کو چار عدد نقش مشک و زعفران سے لکھ کر دکان کی چھت پر چاروں کونوں میں لگادے۔ پھر دیکھے کہ غیب سے کیسے وسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ہر بندش دور ہوگی۔

درد زہ

بچے کی ولادت کے وقت اگر عورت درد زہ میں مبتلا ہو۔ تو عورت و بچہ کی سلامتی کے لئے۔ یہ نقش عورت اپنے گلے میں باندھے۔ اور اسی کا پانی بھی پیئے۔ انشاء اللہ ہر مصیبت سے چھٹکارا ہوگا۔

ماھو الا محمد الا	ماھو الا محمد الا
ماھو الا محمد الا	ماھو الا محمد الا
ماھو الا محمد الا	ماھو الا محمد الا
ماھو الا محمد الا	ماھو الا محمد الا

محبت زن و شوہر

جو عورت اپنے خاوند کی محبوبہ بیوی بننا چاہے۔ تو وہ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی چوٹی میں باندھ لیا کرے اور یا ودود کھلا پڑھا کرے۔ اس کا خاوند اپنی عورت کا عاشق و دیوانہ ہو گا۔

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۱۲	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷

دشمن سے حفاظت ہو

دشمن کے ہر وار سے بچنے کے لئے اور اس کا کیا ہوا وار الٹا اس پر پلٹنے کے لئے۔ اس نقش کو سعد ساعت میں لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ دشمن سے مکمل حفاظت ہو گی۔

ی	ہ	ھ	ح	ک
ک	ص	ص	ع	ع
ع	ھ	ہ	ک	ح
ص	ک	ع	ص	ی
ص	ع	ی	ھ	ک

ام الصبیان سے حفاظت

اگر عورت حاملہ ہو تو اسی دوران دونوں نقوش کو چاندی کی تختی پر ایک آگے ایک پیچھے کندہ کروالے۔ پھر چمڑے میں محفوظ کر کے اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ جب پیدائش ہو۔ تو اسے اپنے گلے سے اتار کر بچے کے گلے میں پہنا دے۔ بچہ عورت دونوں صحیح و سلامت رہیں گے۔

نقش (1)

خ۷	و۲	عص۹	عص۲
عص۸	عص۶	عہ۳	ح۶
ام	ل۸	عص۳	عص۸
۷عص	۳عص	۱۵	عصہ

نقش (۲)

۷حس	۵عصص	۶ولہ	۲عص
۳عصص	۹عے	۳عص	۹عصص
۴۴	۸عص	۲۴ و	۵عص
۷عے	۹۱	۳۸	عص۴عص

دفع دمہ

دمہ کا مرض دور کرنے کے لئے اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کروا رکھ لے اور ہر وقت اس کا پانی پیتا رہے اور ایک عدد نقش کو اپنی بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ اس مرض سے نجات ہوگی۔

۸ ع	۵۷۹ ع	۵۸۲ ع	۱ ب ا
۵۸۱ محمد	۲ اللہ	۷ لا الہ الا	۵۸۰ بحجۃ
۳ تعالیٰ علیہ	۵۷۴ اللہ	۵۷۷ صلی	۶ رسول اللہ

بچوں کی پسلی کے درد کے لئے

اس نقش کو بروز جمعرات صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر لکھ کر چمڑے میں بند کروالے۔ پھر جہاں درد ہو۔ وہاں نقش کو باندھ دے۔ دوبارہ پھر کبھی بھی درد نہیں ہوگی۔

۳۱۰۲	۱۱۴۷	۱۰۰۹	۱۴۲
۱۰۰۸	۱۱۴۳	۳۱۰۱	۱۴۸
۱۰۱۱	۱۱۴۵	۱۱۴۵	۳۱۰۰
۱۱۴۶	۳۰۹۹	۱۱۴۶	۱۰۰۱

فلاں بن فلاں

بڑھاپے میں کم سنائی دینا

بڑھاپے کی وجہ سے کم سنائی دیتا ہو۔ یا نظر بہت کمزور ہو گئی ہو۔ تو عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ چہرے پر پھیرے۔ اکتالیس دن پورے کرنا ضروری نہیں ہیں۔ اگر خود نہ پڑھا ہو۔ تو کسی سے پڑھوا کر اپنے چہرے پر دم کروالیا کرے۔ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّالْاَرْضَ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ

بہرا یا گونگا پن

اگر بچہ پیدائشی طور پر گونگا یا بہرا ہو۔ یا کسی بیماری کی وجہ سے یہ مرض لاحق ہو گیا ہو تو جب بچہ یا بڑا رات کو گہری نیند سو جائے۔ تو اس کے قریب سرہانے کے رخ سیدھی جانب کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۃ مریم کی پہلی آیت کٓھٰیٰعٓصٓ پڑھے۔ پڑھنے میں ہر حرف الگ الگ پڑھے۔ یہ عمل مسلسل چھ ماہ تک کرے۔ بہ امر مجبوری اگر درمیان میں ناغہ ہو جائے۔ تو اس کا کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن کوشش یہی کرے۔ کہ ناغہ نہ ہو۔ اگر یہ عمل کسی خاتون نے کرنا ہو۔ تو وہ ناغہ کے دن بھی عمل کر سکتی ہیں۔

کان سے پیپ آنا

اگر کسی کو کان کے ذریعے پیپ آنے کی شکایت ہو۔ تو اس آیت کو رات کو سوتے وقت نئی اور صاف روئی کے پھوئے پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور متاثرہ کان میں رات کو سونے سے پہلے رکھ دے۔ صبح نئی روئی کے پھوئے پر دم کر کے کان میں رکھے۔ ۲۴ گھنٹے میں دو مرتبہ یہ عمل کرے۔ جب کان سے پیپ آنا بند ہو جائے۔ تو عمل ترک کر دے۔

اَلَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ۝ وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی

آنتوں میں زخم

اگر کوئی مرد و عورت یا کوئی بچہ آنتوں کے امراض میں مبتلا ہو۔ اور کوئی دوا کارگر

نہ ہوتی ہو۔ تو اس آیت کو صبح دوپہر و شام چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر چاٹ لیا کرے۔ بحکم خدا اس مرض سے نجات ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلسَّلَامُ سِلٌ فِی مُرْجِعِ الْبَحْرَیْنِ بِاللّٰہِ

پیٹ میں کیڑے

اگر پیٹ میں کیڑے، کدو دانے، کیچوے یا چھوٹے چھوٹے چنے ہوں۔ تو ان سب سے نجات کی خاطر سورۃ شریف اِنَّا اَعْطَیْنَا اَلْکَوْثَر۔ تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے نہار منہ پیئے۔ اور دن میں کسی وقت وقفہ وقفہ سے تین مرتبہ ایک ایک دفعہ یہی سورت پڑھ کر پیٹ پر پھونک مار دے۔ گیارہ روز کے اس عمل سے پیٹ میں کسی قسم کے بھی کیڑے ہوں یا کوئی اور مرض ہو۔ وہ بحکم خدا ختم ہوگی۔

دانت نکلنا

نئے دانت نکلتے ہوئے۔ اگر بچہ تکلیف میں مبتلا ہو۔ تو اس آیت کو مشک و زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں پہنا دے۔ انشاء اللہ ہر تکلیف دفع ہوگی۔

الٓرٰ تِلْکَ اٰیَاتُ الْکِتَابِ الْمُبِیْنِ ○

فقر، تنگی و معاش

جو کوئی شخص فقر و تنگی میں مبتلا ہو۔ تو وہ شخص اس ملائکہ کی تسبیح کو فجر کی نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ ہر طرح سے چھٹکارا ملے گا۔ اور روزی و رزق وافر مقدار میں غیب سے مہیا ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ کُنْ لِی جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِکَ کُلِّھِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنْھُمْ اَوْ یَبْغِی عَلَیَّ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَالَا اِلٰہَ

غَفُوْرٌ۔

سر درد سے چھٹکارا

اگر سر میں ایسا درد رہتا ہو۔ جو دن بدن بڑھتا ہی جارہا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو تو اس آیت کو درد والی جگہ پر باندھے۔ اور روزانہ دحو کر پیجئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ النَّارِ۔

بلاء و مصیبت

اگر کسی پر بھی کوئی بلا یا خوفناک شے مسلط ہو گئی ہو۔ اور اس سے نجات پانے کے لئے ہر کوشش بیکار ہو جاتی ہو۔ تو اس آیت کو بکثرت پڑھے۔ یا مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر یا ویسے ہی مریض پر دم کر دیا کرے۔ اگر مریض کے ہوش و حواس قائم ہوں۔ تو وہ مریض بکثرت ان کلمات کو پڑھے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا

مال دار بننے کے لئے

دولت مندی و تونگری کے لئے۔ صبح کی فرض نماز کے بعد روزانہ پچیس مرتبہ سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ بحضور قلب پڑھے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی ہر طرح کے فقر و فاقہ سے محفوظ ہو گا۔

نیک و فرزند صالح

اگر کسی مرد و عورت کو نیک و صالح فرزند حاصل کرنے کی خواہش ہو۔ تو روزانہ ۲۱ دنوں تک عشاء نماز کے بعد اس آیت کو پڑھے اور پانی پر دم کر کے رکھ دے۔ پھر فجر کی نماز کے بعد یہی آیت پڑھے۔ پھر عورت پی لیا کرے اور آدھا پانی مرد پی لیا کرے۔ انشاء

اللہ نیک وصالح فرزند پیدا ہوگا۔ آیت کو ابجد کے موافق پڑھے۔

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

دفع افلاس

دفع افلاس و فقر تنگی معاش کو دور کرنے کے لئے۔ کثرت سے اس آیت کا ورد کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی فقر و تنگی معاش سے نجات ہوگی اور خدا کے حکم سے دنوں میں دولت مند ہوگا اور دنیا میں کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْمُلْكِ وَالْبَقَاءِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْجُودِ وَالْفَضْلِ وَالْعَطَايَا وَدُودٌ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيدُ يَا فَعَّالَ لِمَا يُرِيدُ

بچہ کا زندہ رہنا

جس عورت کو سایہ یا بانجھ پن کی شکایت ہو اور اس کی وجہ سے بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ تو ۱۶۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ نقش رکھے۔ بحکم خدا اس کا بچہ صحیح و سلامت رہے گا۔ اگر چاہے تو ایک سو ساٹھ مرتبہ ۷۸۶ مرتبہ لکھ لیا کرے۔

حفاظت حمل

اگر حمل کو صحیح و سلامت رکھنا ہو اور اپنے بچے کی فلاحی عمر کے لئے حاملہ اس آیت کو پڑھ کر موافق ابجد اپنے پیٹ پر دم کر لیا کرے۔ اور اسی آیت کو لکھ کر دھو کر پی لیا کرے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ

شکم میں بچے کا خشک ہونا

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ خشک ہو جاتا ہو۔ تو اس تعویذ کو پانی میں گھول کر

چیئے۔ انشاءاللہ بچہ زندہ اور تندرست پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَلٰی عَلٰی عَلٰی عَلٰی عَلٰی لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ ھہ ھہ ھہ ھہ ھہ ھو ھو ھو ھو ھو

تپ و لرزہ

اگر کسی کو تپ و لرزہ کی شکایت ہو۔ اور کسی دوا سے آرام نہ ملتا ہو۔ تو پیپل کے سات پتے لیکر ان پر یہ تعویذ لکھے اور ان پتوں کو ایک ایک گھنٹہ کے بعد مریض شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ انشاءاللہ تپ و لرزہ سے ہمیشہ حفاظت میں رہے گا۔

یَا مُحْیِیَا یَا شَعُوْنَا وَیَا شَعِیْثَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

برائے ہر دعا

ہر دعا کے پورا کرنے ' وسعت رزق ' اجتماع خاطر جمعیت اور عزم راسخ کے لئے۔ لاالہ الاالله علیحدہ کسی خوشبودار کمرے میں پڑھے۔ اس کی ہر جائز دعا و حاجت غیب سے پوری ہوگی۔

برائے اولاد

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو وہ مرد اپنی عورت کے پستانوں پر تین تین مرتبہ یہ عبارت شہادت کی انگلی سے لکھے۔ پھر اس امر کی نیت کرے۔ کہ ہمارے گھر جو لڑکا پیدا ہوگا۔ ہم اس کا نام محمد احمد رکھیں گے۔ پھر بعد میں اس آیت کو عورت کی ناف پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے اور دم کرے۔ یہ عمل منگل کے دن سے شروع کرکے اگلے منگل کو ختم کردے۔ انشاءاللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ یُسَمِّیْتُ مَافِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْأَۃِ الْحَامِلَتِہٖ مُحَمَّدًا اَحْمَدًا ط

ہر بیماری دور کرنے کے لئے

بڑی سی بڑی بیماری کو دفع کرنے کے لئے اور صحت کامل حاصل کرنے کے لئے معوذ تین پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ اگر خود نہ پڑھ سکے۔ تو کسی سے پانی پر دم کروا کر پی لیا کرے۔

ایضاً:۔ اگر کوئی بھی ہر وقت ناگہانی مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہو اور کوئی حل بھی سمجھ نہ آ رہا ہو۔ تو اس مصیبت و آفت سے ہمیشہ کے لئے۔ چھٹکارا پا کر کامیابی حاصل کرنے کے لئے۔ قل ھو اللہ احد و معوذ تین کا صبح و شام تین تین مرتبہ ورد کر لیا کرے۔

حصول عزت و جاہ

اگر کوئی بھی عوام الناس کے علاوہ اپنے عزیز و اقارب میں اپنی بزرگی و بڑائی کو منوانا چاہئے۔ تو بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ۶۲۵ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔ تو دنیا کا ہر انسان اس کی قدر و عزت کریگا۔

دعا وباء

اگر کسی بھی گھر یا دوکان میں مسلسل نقصان، مصیبت و آفت آتی ہو۔ جس وجہ سے تمام گھر والے پریشان اور دکان والے کا کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہو۔ تو اس آیت کو کاغذ کے پرزوں پر لکھ کر دیوار کے چاروں کونوں پر چسپاں کر دے۔

اَللّٰھُمَّ یَا دَافِعَ الْبَلَاءِ وَالْوَبَآءِ اِدْفَعْ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ عَنَّا وَعَنْ مَوَاشِینَا اَنْتَ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

برائے چندری

سورۃ لایلاف سات مرتبہ کالی مرچ سیاہ پر دم کر کے مریض کو ایک دانہ مرچ کا چالیس روز تک کھلائے۔ اور دھاگہ لیکر اس آیت کو سات مرتبہ دم کر کے مریض کے

گلے میں پہنا دے۔ انشاء اللہ مرض چندری سے مکمل نجات ہوگی۔

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ

سینہ کا سپاٹ ہونا

سینہ کا صحیح ابھار، خواتین کے حسن کا ایک لازمی حصّہ ہے۔ غذا اور بچوں کی نشوونما کا فطری عمل بھی اسی پر قائم ہے۔ سینہ کا گداز پن، مرد و زن میں امتیاز کا سبب ہے۔ جو عورتیں اس حسن سے محروم ہوتی ہیں۔ وہ مردوں کے لئے جاذب نظر نہیں رہتیں۔ اس کمی کو دور کرنے کے لئے۔ والتین والزیتون ہ رات کو سونے سے پہلے سو مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ اور بات کئے بغیر سو جائے۔ ۲۱ دن کے عمل سے سینہ گداز اور خوبصورت ہو جائے گا۔ عمل کے ساتھ ساتھ ۲۱ دن ہی روزانہ ایک چھٹانک پنیر بھی استعمال کرے۔

چہرہ اور جسم پر زائد بال

اگر عورتوں کے چہرے اور جسم میں زائد بال پیدا ہو جائیں۔ اس کے علاج کے لئے ایک پاؤ کلونجی پانی سے دھو کر دھوپ میں سکھالے۔ اور کھلے منہ کی صاف شفاف نیلے رنگ کی شیشی میں بھر لے۔ پھر عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ مد پڑھ کر کلونجی پر دم کر لے۔ پھر شیشی کا ڈھکنا بند کر دے۔ اس طرح ۲۱ دن صبح نہار منہ چوتھائی چائے کا چمچہ کلونجی منہ میں ڈال کر دو تین گھونٹ پانی کے ساتھ نگل لے۔ کلونجی کھانے کے آدھے گھنٹے بعد بھی چیز نہ کھائے۔ ایک پاؤ کلونجی ختم ہونے تک عمل جاری رکھے۔

کھیتی باڑی میں برکت

ایک کھلے منہ والے برتن یا پاک ٹب میں دس کلو پانی لیکر اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مد مشک و زعفران سے لکھ کر اس برتن میں ڈال دے۔ جب اچھی طرح یہ پانی

دھل جائے۔ تو وہ پانی کھیت میں پودوں کو دے۔ یہ عمل موقع کی مناسبت سے کرے۔ اگر کھیت بڑا ہو۔ تو زیادہ پانی استعمال کرے۔

کام میں دل نہ لگنا

غیر مستقل مزاجی اور معاشی کاموں میں عدم دلچسپی ختم کرنے کے لئے۔ ہر فرض نماز کے بعد بسم اللہ شریف کے ساتھ سو مرتبہ بِحَوْلِ وَقُوَّتِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ اگر کوئی صاحب نہ پڑھ سکے۔ تو کوئی بھی قریبی رشتہ دار پڑھ کر پانی پر یا ویسے ہی دم کر دیا کرے اور اسی کو زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ وظیفہ کی مدت کل ۲۱ یوم ہے۔

حروف ابجد و بروج کی مدد سے انسان کی زندگی کے حالات جاننا

اس جدول ابجد کی مدد سے نام سائل مع والدہ حاصل کر کے بارہ پر تقسیم کرے۔ تقسیم کرنے کے بعد جو کچھ بھی بچے وہی اس کا برج ہو گا۔ مثلاً اگر ایک بچے تو برج حمل ہو گا۔ ۲ بچیں تو ثور اسی طریقہ سے حساب نکال کر برج کا معلوم کرے۔ اور اگر بارہ پر تقسیم کرنے کے بعد صفر بچے تو برج حوت جانیں۔ اسی برج کا دارومدار پڑھ کر سنایا جائے گا۔ یہ فالنامہ بروج ایسے انسانوں کی فطرت سے روشناس کرواتا ہے۔ جو بظاہر دیکھنے میں کچھ اور اندر سے کچھ ہوتے ہیں۔ کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں۔ اس لئے اگر کہیں رشتہ کرنا ہو، کسی آدمی سے مل کر کاروبار کرنا ہو، لڑکی و لڑکے کی غیر جگہ شادی کرنی ہو۔ اس کے علاوہ فالنامہ ایسے تمام امورات میں کامیابی دلواتا ہے۔ جن کے متعلق کوئی صحیح و ٹھیک طور پر آگاہ نہیں ہوتا۔ مثلاً کسی نے غیر جگہ شادی کرلی ہے۔ شادی سے پہلے وہ کچھ تھے۔ شادی کے بعد وہ کچھ نظر آتے ہیں۔ کسی ایسے آدمی کو کاروبار کرنے کے لئے رقم دی جو رقم لینے سے پہلے سنہرے خواب دکھاتا تھا۔ اب رقم کھا کر آگے سے دھمکیاں دیتا ہے۔ اس لئے ایسے حضرات سے کوئی بھی رشتہ جوڑنے کے لئے۔ اگر پہلے سے فالنامہ دیکھ کر اس کی فطرت پڑھ لی جائے۔ تو کوئی بھی (اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیا چگ گئی کھیت) والی مثال نہیں بنے گا۔ اس کے علاوہ عامل حضرات کے لئے یہ فالنامہ بہت زود اثر ہے۔

جدول بروج

فالنامہ نکالنے ودیکھنے کا قاعدہ واصول

جس مرد و عورت کی فال دیکھی جائے گی۔ اگر بتائے ہوئے اصول کے مطابق عمل کیا جائے گا تو بالکل صحیح و ٹھیک طور پر پائیگا فال مخفی اشیاء ظاہر کریگی۔ یہ اصول صحیح طور پر نام کا مکمل پتہ اور صحیح اعداد نکالنے پر منحصر ہے۔ اکثر نام مثلاً (عطاء) میں ہمزہ بجائے الف کے ہے۔ اس کا ایک عدد لیں گے۔ (نساء) میں ہمزہ ساکن ہے۔ اس کا کوئی عدد نہیں ہے۔ (رؤف) میں ہمزہ ایک واؤ کی بجائے ہے۔ کوئی عدد تصور نہیں ہو گا۔ (رئیس) میں ہمزہ یائے مکرر ہے۔ چونکہ کسرہ ماقبل میں یا اشباع ہے۔ (الرحمن) میں الف لام بولنے میں نہیں آتا مگر لکھنے میں آتا ہے۔ اس کا عدد لیں گے۔ (سموت) (اسحق (رحمن) کے الف پڑھنے میں آتے ہیں۔ لکھنے میں نہیں آتے۔ اس لئے ان کے عدد نہیں لئے جائیں گے۔ زیر' زبر' پیش' مدات' اور کھڑی زبر یا زیر کا کوئی عدد نہیں لیا جائے گا۔ اس فالنامہ کو غور سے پہلے ان دی ہوئی مثالوں سے سمجھے پھر فال نکالئے۔ انشاء اللہ کوئی بات بھی جھوٹ نہیں نکلے گی۔

فالنامہ مرد حضرات

(ا) برج حمل

ستارہ مریخ' مزاج آتشی' رنگ سرخ' دن منگل' اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد' مخلص' خوش طبع' اور مہذب ہوتے ہیں۔ عملی نقطہ نظر کے حامل' چاق و چوبند' اور محبت کے جذبات سے مالا مال ہونے کے ساتھ حقیقت پسند' محنتی' اور مستعد ہوتے ہیں۔ یہ افراد اپنی طبیعت و مزاج میں عجلت پسندی رکھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ایسے امور میں دلچسپی لینے لگتے ہیں۔ جس کے بارے میں نہ تو کچھ معلوم ہوتا ہے اور نہ ہی پہلے سے سوچا ہوتا ہے۔ یہ تحائف کے تبادلہ میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ دوسروں کے تحفوں کو دل سے قبول کرتے ہیں اور دوسرے کو دل سے تحائف بھیجتے ہیں۔ ان میں بعض افراد حاکمیت پسند بھی ہوتے ہیں۔ اس نقطہ نظر کے تحت یہ افراد ہر ذی روح کو اپنی خواہش کے مطیع و تابع دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایسا کرنا یا ایسی سوچ رکھنا ان حضرات کے لئے ٹھیک نہیں' ویسے یہ دوسروں کے لئے مخلص' ایثار' و قربانی کا جذبہ رکھتے ہیں اور دوسروں کو خوشی فراہم کرنے کی خاطر کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔ ان کی قرابت داری اس قسم کی ہوتی ہے۔ کہ جس کو چاہنے لگتے ہیں۔ آسمان پر بٹھا دیتے ہیں اور جب نہیں چاہتے یا دل بھر جاتا ہے تو اسی شخص کو اپنی نظروں کے تحت دل و دماغ سے زمین پر بٹھانے یا زمین پر دیکھنے کے خواہشمند رہتے ہیں۔ میانہ روی والی کوئی بھی چیز ان میں نہیں ہوتی۔ ان کی زندگی میں تعلقات کا مثبت و منفی اتار چڑھاؤ رہتا ہے۔ امید کی خوشیوں میں مگن اور کاروباری لحاظ سے کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ یہ دنیا کے ہر معاملے کے دونوں پہلوؤں مثبت و منفی اثرات پر کافی اچھی طرح غور و فکر کرنے کے بعد ہی اپنی کوئی رائے دیتے ہیں۔ سچائی پسندی کے تحت اکثر لوگوں کی خامیوں پر نشاندہی بھی کیا کرتے ہیں۔ جو شخص چاہے مرد ہو یا عورت ان کے معیار پر پورا اترتا ہے۔ تو یہ اس کی تہہ دل سے عزت کرتے ہیں اور ان لوگوں کی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کرتے ہیں۔

(۲) برج ثور

ستارہ زہرہ' مزاج خاکی' رنگ سفید' دن جمعرات۔ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد' عمل پسند' سمجھدار' محتاط طرز عمل اور ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانے والے ہوتے ہیں۔ یہ متوازن پر سکون اور پروقار شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ قابل بھروسہ و متوازی الذہن رکھتے ہیں۔ اپنے اچھے اخلاق و صفات کی بناء پر لوگ ان کا گرم جوشی سے استقبال کرتے ہیں۔ دوسروں کی خوشیوں کے لئے۔ یہ لوگ بہت کچھ کرتے ہیں۔ بچہ ہو یا بڑا یہ ان سے محبت بھرے اور والہانہ انداز میں ملتے ہیں۔ اگر ان افراد پر مکمل طور پر بھروسہ کرلیا جائے۔ تو یہ افراد فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ یہ افراد نہ تو کسی کا نقصان کرتے ہیں۔ اور نہ ہی کسی دوسرے سے نقصان والے امور کی توقع رکھتے ہیں۔ یہ سفر کے بہت شیدائی ہوتے ہیں اور بہت زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے اچھی اور بری بات کا بہت جلد اثر لیتے ہیں۔ فیاضی رحم و محبت میں دوسروں سے سبقت لے جاتے ہیں۔ بے قاعدگی کسی امور پر بھی ہو۔ یہ پسند نہیں کرتے۔ لین دین میں پائی پائی کا حساب رکھتے ہیں اور روپیہ پیسہ جمع کرنے کا بہت شوق رکھتے ہیں۔ گھریلو ذمہ داریوں کو محسوس کرکے ان کو پورا کرتے ہیں۔ جنس مخالف کی خوبصورتی سے فوراً متاثر ہو جاتے ہیں۔ لیکن جیون ساتھی کے انتخاب میں سوچ سمجھ کر قدم اٹھاتے ہیں۔ یہ نہ تو دوسروں کے سامنے اپنی اہانت پسند کرتے ہیں۔ اور نہ ہی نکتہ چینی برداشت کرتے ہیں۔ ہدایت کے طور پر اگر یہ افراد برے کاموں یعنی جن کاموں کا شریعت نے منع کیا ہو۔ مت کریں اور روپے پیسے کو فضول خرچ مت کریں۔ امراض کے طور پر ان افراد کو جسم اور سردرد ہونے کے علاوہ دل کا تیز دھڑکنے کا مرض لاحق ہو سکتا ہے۔

(۳) برج جوزا

ستارہ عطارد، مزاج بادی، رنگ زرد، دن بدھ، اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد جلد بازاور فوراً غصے کی حالت میں قابو سے باہر ہو جاتے ہیں۔ ان افراد کے نزدیک آرام ایک بے مقصد سی چیز ہے۔ فطرتاً یہ معروف عمل زندگی کے مالک ہوتے ہیں۔ اکثر یہ افراد ہر مقصد یا معاملے میں کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ لیکن جب ان کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے یا نقصان پہنچتا ہے۔ تو یہ مفلوج الذہنی اور بے چینی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ دل کے گہرے نہیں ہوتے۔ دماغی لحاظ سے روشن دماغ، چست و چالاک اور ہوشیار ہوتے ہیں۔ لیکن ایک خاص نقص جو ان میں پایا جاتا ہے۔ وہ یہ کہ ان افراد میں ثابت قدمی نہیں ہوتی۔ جوزا افراد سے دوستی کرنا یا ان کا قرب حاصل کرنا خاصا مشکل ہوتا ہے۔ حقیقت میں ان کے دوست و احباب کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔ دوستی کی بنیاد دوسرے سے قائم رکھنے میں یہ ذہانت کی بنیاد پر دوست بناتے ہیں۔ یہ اپنے ہر معاملے میں کسی دوسرے کی مداخلت پسند نہیں کرتے۔ یہ سنجیدہ و پر تکلف گفتگو کرتے ہیں اور ہر بات کے ہر معاملے کے ہر پہلو کو فوری طور پر سمجھ جاتے ہیں۔ یہ آئیڈیل پسند ہوتے ہیں۔ اگر بعض اوقات اپنے خاص دوستوں یا قرابت داروں میں کوئی نقص دیکھیں۔ تو یہ ان سے قطع تعلق کر لیتے ہیں۔ بعض دفعہ یہ دوستی کے انتخاب میں بھی غلطی کرتے ہیں۔ لیکن یہ سلسلہ کافی دیر تک نہیں چلتا۔ غیبت کرنے والے افراد سے نفرت کرتے ہیں۔ اور عورتوں کے معاملے میں تنقیدی رویہ اختیار رکھتے ہیں۔ ظاہری نمود و نمائش سے متاثر نہیں ہوتے۔ اور طنز مزاحی پسند کرتے ہیں۔ ان افراد کو مرض کے طور پر سر و کان میں درد اور گھر یا کاروباری مقام پر سحر و جادو ٹونہ کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔

(۴) برج سرطان

ستارہ قمر' مزاج آبی' رنگ سفید' دن پیر- اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد باریک بین' دور اندیش' اور تجسس پسند ہوتے ہیں- اپنے کام میں ہر وقت مصروف رہتے ہیں- سفر کے شیدائی اور ہر جگہ دیکھنے کی تمنا رکھتے ہیں- اپنی رائے پر قائم رہتے ہیں- اور ہر شخص سے مختلف رہنے کے عادی ہوتے ہیں- یہ اپنی قوت ارادی پر مکمل بھروسہ و یقین رکھتے ہیں- اس کے علاوہ دوسروں کی آراء کو رد کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے- دوسروں کی خواہش ان افراد کے سامنے کوئی اہمیت نہیں رکھتی- بلکہ یہ صرف اپنی خواہشات کے آگے جھکنا جانتے ہیں- بدذوق لوگوں کی صحبت سے الجھن اور گھبراتے ہیں- شاعری و موسیقی سے شغف رکھتے ہیں- یہ افراد بڑی حیرت انگیز خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں- تلخ حقائق کو برداشت نہیں کر سکتے- جو خاص بات ان افراد میں دیکھی گئی ہے- وہ یہ کہ یہ افراد پچاس ساٹھ سال کی عمر میں اپنے کیریئر میں سختی سے گھر جاتے ہیں- جس کے نتیجے میں ان کی زندگی کا طرز عمل مکمل طور پر بدلنے کا امکان ہوتا ہے-

زندگی میں کامیابی و کامرانی حاصل کرنے کے لئے ان افراد کو قدم قدم پر چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے- غلطی میں یہ بعض دوست ایسے افراد کو بنا لیتے ہیں جو اگلے وقتوں کے لئے ان کے لئے تکلیف دہ ثابت ہو سکتے ہیں- ان میں اعلیٰ پایہ کے ادیب اور شاعر بننے کے صلاحیت موجود ہوتی ہے- اور مرض کے طور پر پیٹ میں ریح و بادی بواسیر کے علاوہ دشمن' بدگو' اور حاسد لوگ بھی ہو سکتے ہیں- ایسے افراد سے بچنے کے لئے- مذکورہ کتاب کے اندر دیکھ کر کوئی عمل کر لے- کامیاب ہو گا- دشمنوں پر ہر طرح کا غلبہ رہے گا-

(۵) برج اسد

ستارہ شمس، مزاج آتش، رنگ سرخ، دن اتوار، اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد نہ تو خود ہیر پھیر کی باتیں کرتے ہیں۔ اور نہ ہی دوسروں سے اس عادت کی خواہش رکھتے ہیں۔ یہ محبت سے بھرپور زندگی گزارنا چاہتے ہیں اور جس کو چاہنے لگتے ہیں۔ اس پر سب کچھ نچھاور کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی دلجوئی، ناز برداری کی خاطر دل کھول کر خرچ کرتے ہیں اور جس سے بھی محبت کرتے ہیں۔ اس سے بہت ساری توقعات وابستہ رکھتے ہیں۔ کامیابی کے طور پر رومان و کاروباری امور پر کامیاب ہوتے ہیں۔ پیدائشی طور پر لیڈرانہ قسم کے خیالات رکھتے ہیں اور ان لیڈرانہ خیالات میں اگر ان کو کامیابی ہوتی ہوئی نظر نہ آئے اور نہ ہی یہ کامیاب ہوں۔ تو پھر سفاکانہ ذہنیت سے کام لیکر برے طریقے اختیار کرلیتے ہیں۔ مقابلہ یا رکاوٹ کی صورت میں بے صبرے ہو جاتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں۔ کہ تمام کام عین وقت اور صحیح طور پر انجام پاتے جائیں اور چھوٹی چھوٹی پیچیدگیوں میں پھنسنے سے نفرت کرتے ہیں اور بعض اوقات یہی افراد بڑی بڑی مشکلات سے بھی نہیں گھبراتے اور جو کچھ کہہ دیتے ہیں۔ قطعاً اس بات کی پرواہ نہیں کرتے۔ چاہے وہ بات انہیں نفع دے یا نقصان یہ مضبوط ارادے اور ہار نہ ماننے والے ہوتے ہیں۔ پہلی ہی ملاقات میں دوسروں پر بہت اچھا اثر ڈالتے ہیں اور دوسروں کو اپنا ہم خیال کرنا ان کے آگے کوئی بڑی بات نہیں۔ ہدایت کے طور پر پیسہ کمانے کے ساتھ ساتھ زیادہ اخراجات کرنا ان کے لئے ٹھیک نہیں۔

(۶) برج سنبلہ

ستارہ عطارد' مزاج خاکی' رنگ گندمی' دن بدھ' اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد اچھے اخلاق و باوقار ہوتے ہیں۔ اور ایسی زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں۔ جو محبت سے یکسر خالی ہو۔ یہ افراد محبت سے بھرپور زندگی گزارنا چاہتے ہیں۔ یہ جس کو چاہتے ہیں۔ اس پر اپنا سب کچھ نچھاور کردیتے ہیں۔ مثلاً یہ اپنی محبوب یا محبوبہ کو ذہنی' روحانی اور جسمانی طور پر اپنی روح' ذہن اور جسم کا ایک حصہ تصور کرتے ہیں۔ یہ افراد اپنی بیویوں کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ یہ اپنی آزادی میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کرتے۔ اور ہمیشہ ہر کام میں اپنی مرضی کرتے ہیں جس سے اکثر زندگی میں نقصان بھی اٹھاتے ہیں۔ ذہین اور قابل ہونے کی بناء پر اپنے خیالات و نظریات سے دوسروں کو اپنے اتباع پر مجبور کرسکتے ہیں۔ یہ اپنی درمیانی عمر میں پہنچ کر کامیاب و پر مسرت زندگی گزارنا چاہتے ہیں۔ ان افراد کو ایک خاص مشورے کے طور پر اس بات پر عمل کرنا ہوگا۔ کہ یہ شادی تب کریں۔ جب بالکل مکمل طور پر اپنے پاؤں پر کھڑے ہوچکے ہوں۔ ان کی صحت جوانی میں قابلِ رشک اور بڑھاپے میں کوئی پرانا زخم ہرا ہوجاتا ہے۔ جو کہ ان کے لئے بڑی پریشانی کا سبب بن سکتا ہے۔ یہ اپنے دل کا راز کم ہی کسی کو بتاتے ہیں اور زندگی دوسروں سے جداگانہ طریقہ سے گزارنے والے ہوتے ہیں۔ ان کو نئے نئے نظریات اور نئے نئے خیالات میں بڑی کشش محسوس ہوتی ہے۔ ان نظریات اور خیالات کا تعلق سیاست سے ہو یا علم و مذہب سے ان کی منفرد سوچ ان کو دوسروں سے نمایاں رکھتی ہے۔ ان کی صحت ان کے موڈ کے تابع ہوتی ہے۔ لیکن ان کی صحت کو متعدی امراض کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ جھگڑے و فساد سے مکمل پناہ چاہتے ہیں۔ ان کی دوستی مفید و پائیدار ہوتی ہے۔ یہ دوسروں کو بہت جلد اپنا دوست بنا لیتے ہیں۔ دوسروں کے مسائل سننے اور انہیں حل کرنے میں اپنا قیمتی وقت اور وسائل کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ یہ اپنے دوستوں کو خوشگوار ماحول مہیا کرنے کی ہر حال میں کوشش کرتے ہیں اور ان کے دوست انہیں بہت پسند کرتے ہیں والدین کی صورت میں اپنے بچوں کو اپنی مرضی کے مطابق پروان چڑھتا دیکھنا چاہتے ہیں۔

(۷) برج میزان

ستارہ زہرہ' مزاج بادی' رنگ سفید' دن جمعرات' اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد کم گو' عمل پسند' اور سمجھدار ہوتے ہیں۔ اور دنیاوی کاموں کے علاوہ ہر کام میں محتاط طرز عمل اور ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھاتے ہیں یہ رومان و پیار میں جلد بازی نہیں کرتے۔ اور اپنے جیون ساتھی کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ یہ مخالف جنس کی خوبصورتی و انداز سے متاثر تو فوراً ہوتے ہیں۔ لیکن اس بات کا احساس نہ تو کسی دوسرے کو ہونے دیتے ہیں اور نہ ہی اس بات کی زبان سے تعریف کرتے ہیں۔ یہ اپنی محبوبہ یا بیوی کو قیمتی سے قیمتی ملبوسات و زیورات میں دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ یہ کسی سے بھی محبت سوچ سمجھ کر کرتے ہیں اور جس سے محبت کرتے ہیں اس کو کبھی بھی دھوکہ نہیں دیتے۔ اور نہ ہی دوسری لڑکیوں کو بیوقوف یا فراڈ نہیں کرتے۔ یہ خوابوں اور خیالوں کی دنیا میں نہیں بھٹکتے۔ اور زندگی کے اصل حقائق سے کبھی نظر نہیں چراتے۔ اگر یہ غصے میں ہوں۔ تو انہیں فوراً خوش کرنا یا ان کا غصہ ٹھنڈا کرنا آسان کام نہیں ہے۔ یہ حاکمیت پسندی بھی رکھتے ہیں۔ جس کی بناء پر اپنی محبوبہ یا بیوی کو کسی تقریب یا محفل میں اکیلے نہیں جانے دیتے۔ اور اگر ایسا ہو جائے اور ان کو ذرا بھی شک پڑ جائے۔ تو یہ فوراً لا تعلق ہو جاتے ہیں۔ اور اپنی محبوبہ یا بیوی کی کسی بھی دی ہوئی اپنے بارے میں صفائی سننا پسند نہیں کرتے۔ بس اپنے من کے ہاتھوں مجبور ہو کر طلاق یا چھوڑ دیتے ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے مرد کی عورت کو چاہئے۔ کہ اس قسم کی ہر بات سے پرہیز کریں۔ جو کہ ان کے مرد کو قطعی اچھی نہیں لگتی۔

برج عقرب

ستارہ مریخ' مزاج آبی' رنگ سرخ ہلکا' دن منگل اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد معصوم و محبت کے جذبات سے مالامال ہوتے ہیں۔ عملی نقطہ نظر کے حامل اور بہت چاق و چوبند ہوتے ہیں۔ ان کے خیالات کی اساس حقیقت پسندی پر ہوتی ہے۔ قوت ارادی ان افراد میں اس قسم کی ہوتی ہے۔ کہ لوہے کو پگھلا سکتا ہے۔ پہاڑ ہلا سکتے ہیں۔ اپنی ذات پر اتنا اعتماد و یقین رکھتے ہیں اور مسلسل طور پر کئے جانے والے اعمال میں یہ اپنی زندگی کے ہر ادھورے مقصد کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات اچھے بھلے ایک کام کو کرتے ہوئے چھوڑ کر اس کام کے بارے میں سوچنا شروع کر دیتے ہیں۔ جس کے متعلق پہلے سے کوئی پروگرام نہیں بنایا ہوتا۔ اور یہی سوچ ان کو زندگی میں کہیں کا بھی نہیں رہنے دی گی۔ مذہب سے لگاؤ رکھتے ہیں اور ایسی محفلوں میں خاص وقت گزارتے ہیں۔ جہاں دینی مسئلے یا مسائل بتا رہے ہوں۔ اس کے علاوہ ہر محفل میں ہی اپنی علیحدہ ہی سوچ رکھتے ہیں ان کو غصہ و غضب سے مکمل اختیار برتنی چاہئے۔ کیونکہ غصے میں جو کچھ یہ کر گزرتے ہیں بعد میں اتنا ہی سوچ سوچ کر پریشان و اداس رہتے ہیں۔ اور غصہ میں بولنے سے بھی گریز کیا کریں۔ کیونکہ غصے کی حالت میں جو کچھ کسی کو کہتے ہیں۔ اس وقت وہ شخص زبان نہیں ایک تلوار سمجھ رہا ہوتا ہے۔ جس کے یہ پے در پے وار کرتے چلے جاتے ہیں اور یہی حرکات ان کی زندگی کو ادھورا و بے مقصد بنا دیتی ہے۔ ان کو زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے ایسی حرکات سے پرہیز کرنا چاہئے۔

(۹) برج قوس

ستارہ مشتری' مزاج آتشی' رنگ ہلکا سبز' دن جمعہ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد میں مثبت خوبیاں اس قسم کی ہوتی ہیں۔ مثلاً خوش امیدی' خوش مزاجی' دیانتداری' جوشیلا پن' اور جرات مندی یہی افراد اپنی حقی خصوصیات کی بناء پر ہیرو سے زیرو بن سکتے ہیں مثلاً چڑچڑا پن' لاپرواہی' بہت زیادہ جذباتی اور پریشان حالی' یہ سچ کے اظہار میں کبھی مصلحت سے کام نہیں لیتے۔ اور اپنی سچائی و صاف گوئی کے پیش نظر اکثر اپنے دوستوں عزیز و اقارب کو ناراض و غمگین کر دیتے ہیں۔ جب کہ ان کی قسم میں بعض ملنسار بھی ہوتے ہیں۔ لیکن عزیز و اقارب سے دور ہی رہتے ہیں ان افراد کو پہچاننا بہت ہی آسان ہے اگر کسی محفل میں کوئی ایسا شخص دکھائی دے۔ جو کہ ہر کسی کی توجہ کا مرکز بنا ہو۔ اور اس شخص کی باتوں سے دوسرے لوگ لطف اندوز ہو رہے ہوں تو سمجھ لیجئے کہ یہ برج قوس سے تعلق رکھنے والا شخص ہے۔ ان کے متعلق چاہے کوئی جتنا بھی برا سوچے۔ لیکن یہ دوسروں کے جذبات و احساسات کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔ اور اپنے دل میں دوسروں کے لئے بغض و کینہ نہیں رکھتے اور یہ اندھے اعتقاد کو نہ ماننے والے ہوتے ہیں۔ ایسا اعتقاد یا مقصد جس کے سر' پیر کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو۔ یہ نہیں مانتے لوگوں کی باتوں کو ماننے کے لئے ان کو ثبوت و دلائل چاہئے۔ یہ بہت ذہین ہوتے ہیں اور اسی لئے اپنے ہر مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔

(۱۰) برج جدی

ستارہ زحل' مزاج خاکی' رنگ سیاہ' دن ہفتہ۔ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد عموماً قدامت پسند' مضبوط قوت ارادی کے مالک اور مہذب ہوتے ہیں۔ اور سب کا احترام کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ یہ جفاکش فرض شناس' قابل اعتماد' دیانتدار اور عمل پسند ہوتے ہیں۔ ہر انسان کا بدلہ چکانے میں بے چین و بیقرار رہتے ہیں۔ ان کی شخصیت ناقابل تسخیر خصوصیات کا مجموعہ ہوتی ہے۔ دولت' خوشی' و کامرانی ان کے قدم چومتی ہے۔ ان کے تحت یہ دنیا کے ہر کام و کاروبار میدان میں ریکارڈ قائم کرتے ہیں۔ ان کا تعلق خواہ ملازمت سے ہو۔ یا نجی زندگی سے یہ نہایت سنجیدگی و بردباری سے ہر کام کی ذمہ داری اٹھاتے ہیں۔ یہ افراد اپنی زندگی کا آغاز معمولی حیثیت سے کرتے ہیں۔ لیکن بعد میں اپنی انتھک محنتوں و کاوشوں کی وجہ سے ہر میدان میں کامیاب و کامران ثابت ہوتے ہیں۔ زیادہ تر یہ کاروبار سے زیادہ لگاؤ رکھتے ہیں۔ کیونکہ مالیات کے بارے میں ان کی معلومات بہت اچھی ہے۔ اور کاروبار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ناکامیوں سے یہ افراد نہ تو گھبراتے ہیں اور نہ ہی ناامید ہوتے ہیں۔ بلکہ ہر نتیجہ کے حصول میں خاموشی و دل لگی سے اپنے کام میں مگن رہتے ہیں اور آخرکار کامیاب ہوتے ہیں۔ ناکامی کا منہ ان افراد کو کم ہی دیکھنا پڑتا ہے کیونکہ یہ ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانے والے ہوتے ہیں۔ اور جب تک ہر کام کے ہر پہلو پر اچھی طرح غور و فکر نہ کریں۔ یہ کسی بھی کام کی خامی نہیں بھرتے۔ اور زندگی کے ہر شعبہ میں یہ افراد نمایاں کامیابی حاصل ضرور بر ضرور کرتے ہیں۔

(11) برج دلو

ستارہ زحل' مزاج بادی' رنگ گہرا سبز' دن ہفتہ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد دوسرے تمام لوگوں سے سب سے زیادہ قسمت کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں۔ ذہن میں جو پروگرام بناتے ہیں۔ وہ مختلف ہواؤں کی طرح آتے جاتے رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اکثر مایوسی اور حسرت ناک انجام سے یہ افراد دوچار ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ افراد اپنی آزادی اور آزادانہ رائے کا اظہار نہیں کر سکتے۔ ان افراد کے متعلق یہ کہنا بے جا نہ ہوگا۔ کہ یہ صرف اور صرف دوسرے تمام لوگوں کی خدمت گزاری کے لئے بنے ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ زندگی کے مختلف ادوار کی سیاہیوں میں بھٹکتے رہتے ہیں اور اجالے میں جانا یہ پسند نہیں کرتے۔ ان افراد کی سوچ یہ ہوتی ہے۔ کہ ہم دنیا میں کوئی کام' کاروبار' ملازمت' ترقی نہیں کرنے آئے اور نہ ہی ہمارے ذمہ کوئی کام ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو یہ مشہور پوزیشن حاصل کر سکتے ہیں اور نہ ہی کسی اعلیٰ مقام پر پہنچ سکتے ہیں۔ یہ منفی خصوصیات والے افراد ہیں۔ جب کہ مثبت خصوصیت رکھنے والے افراد بلاشک و شبہ عقلمند اور قابل عزت ہوتے ہیں۔ بہ حیثیت جذبات کی روانی کے یہ افراد ہمدرد اور مخلص ہوتے ہیں۔ اور حتی الامکان دوسروں کی مدد کا وسیلہ بن جاتے ہیں۔ مگر اپنے آخری ایام میں انہی لوگوں سے اور عزیزوں سے جن کے ساتھ اچھائی کی ہوتی ہے۔ رنج' دکھ' و مصیبت اٹھاتے ہیں۔ اگر ان افراد کی مالی مستحکم ہو تو پھر قریبی تعلق دار بھی ان کی تکلیف میں حصہ دار بن جاتے ہیں۔ ان افراد کا جذبات پر قابو اور مشکلات پر مسکرانا ادنیٰ طرز عمل ہوتا ہے۔

(۱۲) برج حوت

ستارہ مشتری' مزاج آبی' رنگ سفید' دن جمعہ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو زندگی میں کامیاب بنانے والے امور متانت و سنجیدگی' آزادروی' امید و یقین صادق' منطقی و ہردلعزیزی ہے ان تمام امور پر عمل کریگا۔ تو زندگی کے ہر شعبے میں کامیاب خوش و خرم رہے گا۔ اگر ان امور کو چھوڑ کر منفی امورات پر زیادہ توجہ دیگا۔ یا عمل کریگا مثلاً تکبر' غیرذمہ دار' مکاری' نفس پرستی' مبالغہ آمیزی وغیرہ تو ہر شعبے میں مار کھائے گا۔ ان افراد کو چاہیے۔ کہ زندگی کے مختلف ادوار کو چار چاند لگانے کے لئے۔ مثبت پہلو پر عمل کریں اور منفی خیالات کو ذہن سے جھٹک کر باہر کردیں۔ یہ افراد مالی مشکلات کا شکار ہو کر ہی منفی خصوصیات اپنائیں گے۔ کیونکہ ان کی فطرت سادہ' رحم و کرم' جود و سخا کے زیر اثر ہوتی ہے۔ اس لئے یہ اپنے دوستوں' عزیزوں' رشتہ داروں اور پریشان حالوں کو فوراً مدد دیتے ہیں۔ لیکن جب روپیہ واپس کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ تو یہ کبھی بھی اپنے عزیزوں' دوستوں' و رشتہ داروں سے کبھی بھی مطالبہ نہیں کرسکتے۔ کیونکہ ایسا کرنا ان کے لئے تقریباً ناممکن ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ان کے گھر کے حالات بگڑتے چلتے جاتے ہیں اور یہ اپنے من ہی من میں کڑھتے رہتے ہیں اگر ان افراد سے کسی دشمن کا پالا پڑ جائے۔ تو یہ دشمن کی خاطر تواضع کرتے ہیں اور اپنے حسن سلوک سے اپنے دشمن کو اس قدر گرویدہ بناتے ہیں۔ کہ دشمن بھی مخالفت ترک کرکے حمایت کرنے پر آمادہ ہوجاتا ہے۔

فالنامہ برائے خواتین

(ا) برج حمل

ستارہ مریخ' مزاج آتشی' رنگ سرخ' دن منگل اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین اپنے آپ کو خاندان کا سربراہ جانتی ہیں۔ اور گھر میں اپنی ہی حکومت دیکھنا پسند کرتی ہیں۔ گھر کے علاوہ' اگر دوسری ذمہ داریاں بھی ہوں۔ تو ہر کام کو اپنی مرضی کے مطابق دیکھنا پسند کرتی ہیں ان کی زندگی میں یہ خواہش ہوتی ہے۔ کہ یہ زندگی کے ہر میدان میں اول رہیں۔ کسی سے پیچھے رہنا' اور مقابلہ میں ہار ماننا اور کا شیوہ نہیں۔ اس کے علاوہ یہ زندگی کے ہر امور سے تعلقات رکھنے والے شعبہ کو اچھے طریقے سے نبھاتی ہین۔ ان میں اتنی جرات اور ہمت ہوتی ہے کہ بعض دفعہ ایسے کام سرانجام دیتی ہیں۔ جسے گھر کے دوسرے افراد نہ کر سکیں۔ اور کام بے حد مشکل ہو ان کے سوچنے اور وضع قطع کا انداز عورت کی بجائے مردانہ ہوتا ہے اور ہر مشکل و چیلنج کا مردانہ وار مقابلہ کرتی ہیں۔ ان کی قسمت میں خوشیاں' کامیابیاں' و کامرانیاں ہوتی ہیں۔ لیکن یہ اپنی دشمن آپ بنتی ہیں۔ یہ خواتین دوسروں کو مفید مشورے و صلاح ضرور دیتی ہیں۔ مثلاً آپ پریشان مت ہوں۔ غم نہ کریں۔ زندگی میں ایسے موڑ آتے ہیں۔ لیکن خود بے چین و بیقرار رہتی ہیں۔ اور کسی کی نصیحت ان پر کارگر نہیں ہوتی۔ یہ خواتین کامیابی کو اندرونی اور تصوراتی تجربے کا نام دیتی ہیں۔ ان کا انداز باغیانہ' ضدی' و سرکش قسم کو ہوتا ہے۔ ہر معاملے میں آزادانہ اور خود مختارانہ رویہ اپنانے کی کوشش کرتی ہیں ان کی ذات اور پیشہ وارانہ زندگی دوسروں کے لئے چیلنج ہوتی ہے۔ کسی بھی مرحلے پر یہ اپنی ہار یا شکست تسلیم نہیں کرتیں۔ ہمیشہ امیدوں کے چراغ روشن رکھتی ہیں اور اپنے مقاصد کے حصول کے لئے مشکلات و رکاوٹوں سے بھی نہیں گھبراتیں۔ یہ حرکت میں رہنا زیادہ پسند کرتی ہیں۔ یہ نسبت آرام سے بیٹھنے کو جذبات کی فراوانی کی وجہ سے یہ دوسروں کو خطروں میں ڈال سکتی ہیں۔

(۲) برج ثور

ستارہ زہرہ' مزاج خاکی' رنگ سفید' دن جمعرات' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین مادی وسائل پر قابو پا کر ہمیشہ کے لئے۔ عیش و آرام اور اپنے مستقبل کو محفوظ کرنا چاہتی ہیں۔ دنیاوی چیزوں اور افراد پر قابو پانے کی ان میں آرزو ہوتی ہے۔ یہ مادی نقطہ نظر سے اقتدار کی تشکیل تو چاہتی ہیں اور ایسے بے لچک اصول پسند کرتی ہیں۔ جو حقیقت ہونے کی بجائے خود غرضی پر متعلق ہوں۔ اور جب اللہ سے تعلقات قائم کرنے کا ان میں جذبہ پیدا ہو جائے۔ تو یہ اللہ کی طرف ہر وقت لگی رہتی ہیں۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اس ارادے کو ترک کر کے پھر مادی وغیرہ ضرور سوچوں میں پڑ جاتی ہیں۔ اگر یہ زندگی میں صرف ایک کام کی تکمیل کا مشن و پروگرام بنالیں۔ تو زندگی میں کامیاب ہوں گی۔ کیونکہ ان کو روحانی اقدار کے مجروح نہ ہونے کی وجہ سے بہت سی خواہشات کو دبانا پڑتا ہے۔ ان خواتین کی زندگی سادہ مگر الجھی ہوتی ہیں۔ لیکن ان کی زندگی گزارنے کی مکمل خواہش و ارادہ صاف ستھری و کشادہ زندگی سے متعلق ہوتا ہے یہ اچھی غذا' لذت' سرور' و لطف آمیز چیزیں پسند کرتی ہیں۔ یہ خواتین دولت حاصل کر کے اپنی من پسند اشیاء خریدتی یا حاصل کرتی ہیں زندگی گزارنے کے لئے جن سہولتوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ ان سب کو اکٹھا کرتی ہیں اور مختلف ممالک کی سیر کی غرض سے سفر کرتی ہیں۔ یہ محبت کو پابندی اور قید و بند سے الگ جذبہ سمجھتی ہیں اور آزادانہ محبت چاہتی ہیں۔ معمولی سے معمولی کے چیز کو بھی سنبھال کر رکھتی ہیں اور ضائع ہونے سے بچاتی ہیں۔ پر کشش ہونے کے ساتھ ساتھ جذباتی شدت بھی رکھتی ہیں۔ بظاہر یہ ٹھنڈی طبیعت کی نظر آتی ہیں۔ مگر اندر ہی اندر اپنے شوہر یا جس کو چاہتی ہیں۔ قابو میں رکھنے کے لئے۔ مختلف طریقے سوچتی رہتی ہیں اور ان کی تکمیل کے لئے۔ عمل بھی کرتی ہیں۔ بعض اوقات انتہائی جذباتی ہونے کی وجہ سے بار بار رونے لگتی ہیں۔ شادی' بیاہ یا تمام خوشیوں سے متعلقہ جشنوں پر جانے سے ان پر رقت طاری ہو جاتی ہے اور ان کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکل پڑتے ہیں۔

(۳) برج جوزا

ستارہ عطارد' مزاج بادی' رنگ زرد' دن بدھ' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین نئے نئے چیلنجوں و مقابلوں سے نہ گھبراتی ہیں اور نہ ہی مشکلات و پریشانی سے گھبراتی ہیں۔ ان خواتین کو مکمل طور پر یقین ہے کہ دنیا میں دنیاداری کا کوئی بھی کام ادھورا یا ناممکن نہیں بنا اور نہ ہی حقیقت میں کچھ ایسا ہے ان کا ذہن ہر مشکل کاموں کو سلجھانے کے لئے موزوں اور بہتر ہے۔ یہ ہر مشکلات لانے والے مراحل کو سوچتی ہیں کہ کونسا طریقہ اختیار کیا جائے۔ ہر کام کو الگ طریقے سے سرانجام دیتی ہیں اور کامیاب ہو کر مفاد اٹھاتی ہیں یہ کسی بھی فیصلے کو طول دینا پسند نہیں کرتیں۔ یہ ایک لمبی سی چھلانگ لگا کر سب سے آگے نکل سکتی ہیں اور کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ کس وقت اور کیا قدم اٹھائیں گی یہ آگے بڑھنے کی خاطر اپنی ذات کو بھی پیچھے چھوڑ سکتی ہیں اور کسی بھی وقت غیر متوقع کام کر سکتی ہیں ان خواتین کے نزدیک اگر مستقبل یقینی نہیں ہے تو یہ زندگی کو خوبصورت اور اپنے آپ کو مطمئن کرنے کے لئے مستقبل کو کامیاب و ناکام کرنے کی بجائے جو کچھ بھی میسر آئے مثلاً خوشگوار ماحول' مالی فائدے اور مختلف دلچسپیاں یہ اسی پر اکتفا کرتی ہیں۔ اور بعض اوقات طنزیہ انداز میں گفتگو کرنے لگتی ہیں۔ لیکن ان کے نزدیک ایسی گفتگو کرنے کا مقصد کسی کا دل دکھانا نہیں ہوتا۔ یہ دل کی گہری کم ہی دکھائی دیتی ہیں۔ یہ معلومات کا اظہار سب سے کر سکتی ہیں۔ ان کے دل کی بات کو پتہ لگانے کے لئے محنت بھی نہیں کرنی پڑتی۔ چونکہ یہ دل کی صاف ہوتی ہیں اور جو کوئی بھی ان سے بات اگلوانے کی کوشش کر رہا ہوتا ہے۔ یہ اسکی دل کی نیت سے بے بہرہ ہوتی ہیں۔ یہ اپنے حسن کا خاص خیال رکھتی ہیں اور اسکو برقرار رکھنے کے لئے ہلکی پھلکی ورزش بھی کرتی ہیں۔ تاکہ موٹی نہ ہوں اور لباس بھی اس طرح کا پہنا پسند کرتی ہیں جس سے ان کی عمر زیادہ نہ لگے۔

(۴) برج سرطان

ستارہ قمر' مزاج آبی' رنگ سفید' دن پیر' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین معمولی سی بات پر جذباتی ہو جاتی ہیں۔ اچھی خبر سن کر یا پڑھ کر اتنا محظوظ ہوتی ہیں کہ خوشی سے اچھل پڑتی ہیں اور اگر کوئی بری خبر سن یا پڑھ لیں تو غم کے مارے اتنی ہی غمگین ہو جاتی ہیں کہ رونا شروع کر دیتی ہیں۔ یہ جتنی جذباتی ہیں اتنا ہی اپنے جذبات پر پردہ ڈالنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہیں۔ اگر ان پر کسے ہوئے جملے' مذاق یا چبھتی فضول باتیں کی جائیں تو یہ فوری طور پر غصہ و طیش کے جذبات میں بھر کر آگ بگولہ ہو جاتی ہیں۔ اس کیفیت سے ان کے اعصاب کھنچ جاتے ہیں۔ معدہ بھی کھنچ جاتا ہے اور لرزنے والی کیفیت شروع ہو جاتی ہے۔ اس وجہ سے شدید الجھنوں اور پریشانیوں کا شکار بھی ہو سکتی ہیں۔ اگر یہی خواتین دوسری عملی دنیا سے زیادہ تصورات کی دنیا میں گم رہنا پسند کرتی ہیں۔ اگر یہی خواتین دوسری ان عورتوں جن کو یہ جانتی ہیں مثلاً عزیز و اقارب' دوست وغیرہ اپنے سے بہتر و برتر سمجھتی ہیں۔ تو یہ ان سے جلنے لگتی ہیں اور انھیں برا بھلا کہتی رہتی ہیں اصل بات یہی ہوتی ہے مگر پوچھنے پر یہ صاف مکر جاتی ہیں اور اس کیفیت کو کچھ اور نام دے دیتی ہیں۔ یہ ایسے افراد سے بغض و حسد کرتی ہیں۔ جو ان خواتین کے والوں سے جھوٹی ہمدردی جتا کر جائز مفادات حاصل کرتے ہیں۔ ان کا ذاتی نظریہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان کے چاہنے والوں کو نہ چاہے اور نہ ہی کوئی تعلق قائم کرنے کی کوشش کرے۔ یہ اپنی سہیلیوں' عزیز و اقارب اور ملنے جلنے والوں سے اس طرح گفتگو کرتی ہیں۔ کہ جیسے ان کے دل میں ان سب کیلئے مادرانہ جذبے موجود ہیں اور یہ انھیں نصیحت کریں گی اور ان سب پر ایسا ظاہر کریں گی جیسے یہ سب ان کی سرپرستی میں ہیں یا ان پر حکم چلانا اپنا فرض سمجھتی ہیں۔

(۵) برج اسد

ستارہ شمس، مزاج آتشی، رنگ سرخ، دن اتوار، اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین بے حد جذباتی ہوتی ہیں۔ یہ خواتین اس بات کو بے حد محسوس کرتی ہیں کہ محنت کو کس طرح بڑھائیں۔ یہ اپنی ذات پر مکمل اعتماد رکھتی ہیں۔ ان میں انتظامی صلاحیت ہوتی ہے اسلئے دوسروں کو مشورے دیتی ہیں۔ یہ اس وقت اطمینان محسوس کرتی ہیں جب تک سب لوگ انھیں خوبصورت و حسین سمجھ کر ان کی جانب متوجہ رہیں اس طرح یہ سمجھتی ہیں کہ ان کی حفاظت ہو رہی ہے۔ کبھی ان کی شخصیت بحرانی کیفیت کا شکار ہو جاتی ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے یہ اپنی شناخت کسی کے سہارے کے بغیر خود کروا سکتی ہیں یہ اپنی تمام تر خاصیتوں سے واقف ہیں۔ انھیں اپنی ذات کا احساس اور اپنی ذات سے محبت ہے۔ جب پریشان ہوں تو چاہتی ہیں کہ ان کے عزیز و اقارب اور سہیلیاں ان کے دکھ میں شریک ہوں اور سب ہمدردی کا اظہار کریں۔ یہ خواتین سخت بھی ہیں اور رحمدل بھی اگر ان کے احکامات کی تکمیل نہ ہو تو یہ بے حد سفاک، ظالم، و ستمگر بن جاتی ہیں اور یہ بھی نہیں چاہتیں کہ دوسرے سب ان کے احکامات کی بجاوری میں کوئی مصیبت یا رکاوٹ پیدا کریں۔ ضروری کاموں کو وہ دوسروں کے سپرد کر دیتی ہیں۔ اس طرح کرنے سے بعض اوقات خود ہی پریشانی و مصیبت میں پھنس جاتی ہیں۔ ان کو کنجوس افراد سے شادی نہیں کرنی چاہیے۔ جو ان کی محبت میں سرشار ہو کر ان کے ساتھ گھریلو کاموں میں ہاتھ بٹائیں۔ اس طرح یہ دونوں خوش رہ سکیں گے۔ یہ خواتین ہر کسی کی نقل بہت اچھے طریقے سے اتار لیتی ہیں کیونکہ انکی قوت مشاہدہ بے پناہ تیز ہوتی ہے۔

(۶) برج سنبلہ

ستارہ عطارد' مزاج خاکی' رنگ گندمی' دن بدھ' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی شخصیت ساحرانہ سی ہوتی ہے۔ اپنے چہرے پر ایک ایسی کشش رکھتی ہیں جس کو دیکھ کر ہر شخص متاثر ہوتا ہے۔ لیکن یہ خواتین مکمل اختیار برتتی ہیں۔ مثلاً لباس کی تراش خراش' حسن اور خوبصورتی کا بھی اچھی طرح خیال رکھتی ہیں۔ یہ اس طرح کے لباس جن میں شوخی بھری ہو پسند نہیں کرتی۔ اس لئے کہ ہر کس و ناکس کی نظریں نہ پڑیں انھیں یہ بات بری لگتی ہے کہ کوئی بھی غیر مرد ان کا بغور جائزہ لے۔ یہ خواتین بہت خوبصورت نہ بھی ہوں تو ہم قبول صورت ہوتی ہیں۔ لیکن ان کے حسن میں ایک خاص قسم کی کشش ہوتی ہے۔ یہ اس کشش کے تحت دوسروں کو اپنی جانب مائل اور راغب کرلیتی ہیں یہ ذہانت سے ہر کام و عمل کرتی ہیں اور کامیاب رہتی ہیں۔ انھیں آزادی اور خودمختاری میں کسی قسم کی رکاوٹ سے نفرت ہے۔ لیکن یہ نیک فطرت ہیں۔ ان پر بھروسہ و اعتماد کیا جاسکتا ہے۔ اصل میں کسی بھی قسم کی پابندیوں سے ان کی صلاحیتیں' خوبیاں اور صفات رنگ آلود ہو سکتی ہیں۔ تنقیدی مزاج کی وجہ سے کچھ لوگ انھیں پسند نہیں کرتے۔ جب ایسے لوگوں سے ان کا سامنا ہوتا ہے جو انھیں اچھا نہیں سمجھتے اور شک کی نظروں سے دیکھتے ہیں تو انھیں بے حد دکھ ہوتا ہے۔ جس وجہ سے یہ مغموم ہو جاتی ہیں۔ یہ خواتین سلیقہ پسند' قرینہ شعار' اور نفاست کو ترجیح دیتی ہیں۔ دوسرے لوگ شاید ان سے جلتے یا حسد کرتے ہیں۔ کیونکہ لوگ ان کی شرم و حیاء کو برا تصور کرتے ہیں۔ اور پھر بھی شک کی نگاہ سے دیکھنے سے باز نہیں آتے۔ جو کہ ایک غیر مناسب بات ہے۔ یہ بات کسی طرح بھی اخلاق کے دائرے میں نہیں آتی۔ ہدایت کے طور پر مخالفوں کی زبان بند رکھنے کے لئے۔ غیر مردوں سے مکمل اجتناب کریں۔

(۷) برج میزان

ستارہ زہرہ' مزاج بادی' رنگ سفید' دن جمعرات۔ اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین دل پھینک طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ ان پر بچپن کے تجربوں اور تاثرات پر گرفت ہوتی ہے۔ ان باتوں کے تحت یہ محبت چاہتی ہیں۔ اور دوسروں سے بھی یہی توقع رکھتی ہیں۔ یہ محبت ضرور چاہتی ہیں۔ ایسی محبت جس کا تعلق انسانیت' انسیت' ہمدردی اور احساس سے ہو۔ نہ کہ جذباتی وغیرہ' ان کے نزدیک محبت سارے دکھوں کا علاج ہے۔ اور اس میں طلسماتی اثر ہے۔ اس لئے یہ خواتین جلد ہی شادی کرلیتی ہیں۔ اور جلد ہی طلاق جیسی لعنت سے آشناء ہو جاتی ہیں۔ لیکن پھر بھی یہ اس قسم کے تجرباتی حادثے اور نشیب و فراز سے گزر کر محتاط انداز میں قدم بڑھاتی ہیں اور ازدواجی زندگی کو محسوس کرتے ہوئے۔ پھر دوبارہ شادی کرلیتی ہیں۔ پھر بھی اگر انہیں اپنا جیون ساتھی نہ ملے۔ جس کو پانے کی یہ خواہش رکھتی ہیں۔ تو محبت کے اس بحران سے دوچار ہو کر تلخیوں میں گھر جاتی ہیں۔ اس طرح کے حالات سے دوچار ہونے کے بعد جلد ہی اپنے بارے میں احساس کمتری کا شکار ہو جاتی ہیں اور ان میں اعتماد کی قوت کم ہو جاتی ہے اور یہ اپنی ذات کو کمزور سمجھنے لگتی ہیں اگر یہ خواتین ان تمام وحمات کو چھوڑ کر اپنی خوبیوں' صلاحیتوں اور صفات کو استعمال کریں اور شروع سے ہی اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کر کے قدم اٹھائیں۔ تو کبھی بھی یہ احساس کمتری کا شکار نہیں ہو سکتیں۔ یہ خواتین چاہتی ہیں کہ تمام لوگ انہیں پسند کریں۔ انہیں عزت دیں اور ان کی تمام خواہشوں اور تمناؤں کو اہمیت دیکر انہیں خوش کرنے کا باعث بنیں۔ لیکن اس کے ساتھ یہ اس شک میں مبتلا رہتی ہیں۔ کہ کہیں میں بدصورت تو نہیں لگ رہی۔ لوگ میری جانب متوجہ ہوں گے یا نہیں۔ مجھ میں کوئی کمی یا خامی تو نہیں رہ گئی۔ ان تمام باتوں کو سوچ کر یہ زیادہ خوفزدہ ہوتی ہیں اور پھر بعد میں سہمی سہمی نظر آتی ہیں۔

(۸) برج عقرب

ستارہ مریخ' مزاج آبی' رنگ ہلکا سرخ' دن منگل' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین اپنے حسن و صحت کو ہر طرح بر قرار رکھ سکتی ہیں۔ بیکار یا فضول بیٹھنا انہیں پسند نہیں۔ بلکہ مصروف بہ عمل اور محنت کرنا زیادہ پسند کرتی ہیں۔ ان میں وجدانی صلاحیت اور ثابت قدم رہنے کی خوبی موجود ہے۔ یہ مقدر و قسمت پر یقین تو رکھتی ہیں۔ لیکن اپنے تمام منصوبوں پر کامیابی دلواتی ہیں اور یہ ترقی کرتی چلی جاتی ہیں۔ اپنے منصوبے پوری طرح سوچ سمجھ کر اور دانشوری سے بناتی ہیں اور پھر محنت و مشقت سے ان منصوبوں پر کام کرتی ہیں پھر کامیابیاں و کامرانیاں ان کے قدم چومتی ہیں۔ یہ خواتین اپنے معیار پر پورا اترنے والے کو اپنا دوست یا شریک حیات بناتی ہیں۔ پل میں تولہ پل میں ماشہ ہوتی ہیں ان خواتین کو مکمل طور پر سمجھنا مشکل امر ہے۔ اور کئی قسم کے رنگ بدلنے کی صلاحیت اور خصوصیت رکھتی ہیں۔ چونکہ ان کا کردار ذرا پیچیدہ قسم کا ہوتا ہے۔ اس لئے دلچسپیوں کے ساتھ لوگ ان کی جانب اپنی ساری توجہ مزکور کر دیتے ہیں اور لوگ ان کی جانب کھنچے چلے آتے ہیں لیکن یہ ہر شخص امیدوار کو پسند نہیں کرتیں۔ ان خواتین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ سب سے زیادہ ان کو احترام و عزت کی نظر سے دیکھا جائے۔ اور جتنی عزت و مقام ان کو دیا جائے اتنا مقام و عزت ان کے دوستوں' سہیلیوں و عزیزوں کو بھی نہ دیا جائے۔ کیونکہ یہ تمام کے تمام کام اپنی ہی مرضی سے سرانجام دینا چاہتی ہیں۔

(۹) برج قوس

ستارہ مشتری، مزاج آتشی، رنگ ہلکا سبز، دن جمعہ، اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین متحرک رہنا پسند کرتی ہیں۔ یعنی انہیں حرکت میں رہنا اچھا لگتا ہے۔ ان خواتین میں غصے اور جوش بھرے جذبوں کی بہتات ہے۔ یہ ذرا سی بات پر مشتعل ہو سکتی ہیں۔ اور پھر قابو سے باہر اور بد کلامی پر اتر آتی ہیں۔ یہ دوسری خواتین، سہیلیوں، رشتہ داروں اور واقف کاروں سے ایک دم ناراض ہو کر ان کی جانب سے لاپرواہ ہو جاتی ہیں۔ پھر ان کی جانب متوجہ نہیں ہوتی۔ انہیں اپنی دل کی آواز پر مکمل بھروسہ و اعتماد ہوتا ہے۔ ان کے دل سے اٹھنے والی بات اکثر سچی ثابت ہوتی ہے۔ اور یہ مختلف النوع کاموں کو سرانجام دینے کی خوبی و صلاحیت رکھتی ہیں۔ ان میں شدید توانائی اور طاقت ہوتی ہے۔ جس کی بناء پر انہیں ہر چیز سے بہتری کی توقع ہوتی ہے۔ خوش امیدی ان خواتین کا تصور ہے اور خوش امیدی پسند کرتی ہیں۔ مایوس رہنا یا مایوس ہونے سے انھیں نفرت ہے۔ اپنی صلاحیت کی بناء پر اپنے اندر انقلابی تبدیلیاں لانے کا موجب بن سکتی ہیں اور انہیں دوسروں کے معاملات سے گہری دلچسپی ہوتی ہے۔ ان کا حلقہ احباب تو بہت زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن ان کی دوستی اپنی مرضی کے لوگوں اور سہیلیوں سے ہی ہوتی ہے جو کہ انہیں زندہ دل اور مشاہبت پسند بناتی ہیں اور انہیں سکون اطمینان دینے کا باعث بنتی ہیں۔ اپنی امنگوں اور ارمانوں کو مکمل دیکھنا انہیں اچھا لگتا ہے۔ اور یہ اس تکمیل کیلئے بہت کوششیں بھی کرتی ہیں۔ ان خواتین کا ذوق بہت بہترین ہے۔ یہ اپنے عزیزوں، ناداروں، ضرورت مندوں، مفلوک الحال لوگوں کی مدد کرکے خوشی محسوس کرتی ہیں اور انہیں بے پناہ سکون ملتا ہے۔ اور یہ تمام خریداری کسی بڑی سی دکان پر جاکر خریدنا چاہتی ہیں۔

(۱۰) برج جدی

ستارہ زحل' مزاج خاکی' رنگ سیاہ' دن ہفتہ' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین میں دونوں ہی قسم کی خصوصیات و صفات ہوتی ہیں منفی خصوصیات اور مثبت خصوصیات و صفات رویہ جب بھی دل چاہے۔ دونوں سے ہی کام لینے کا موجب بن سکتی ہیں۔ ان خواتین کی یہ خواہش ہوتی ہے۔ کہ تمام لوگ ان کی اہمیت کو تسلیم کر کے ان کی جانب متوجہ ہوں اور انہیں تحسین و تعریف بھری نگاہوں سے دیکھیں۔ یہ اپنے مستقبل کو سامنے رکھتی ہیں اور اس کی بہتری کے لئے کوشاں رہتی ہیں انہیں بچپن سے ہی سوچ بچار کر کے منصوبے بنانے کی عادت ہوتی ہے ان خواتین میں اتنی صلاحیت موجود ہوتی ہے کہ یہ زندگی کی ہر بازی کو جیت سکتی ہیں۔ یہ اپنی کامیابی کی لئے ہر قسم کا طریقہ اختیار کر سکتی ہیں۔ لیکن یہ اپنی نظروں کے سامنے ایک ہی مقصد رکھتی ہیں جسے یہ کسی بھی حال میں نہیں چھوڑتیں۔ اس مقصد کے لحاظ سے یہ عین موقع کی مناسبت سے ضرب لگانا پسند کرتی ہیں۔ ضرب لگانے میں اتنی پہچان و کمال رکھتی ہیں۔ کہ ضرب اسی وقت لگاتی ہیں۔ جس وقت صحیح وقت ضرب لگانے کا آجائے۔ یہ اپنے شوہر و چاہنے والوں کے لئے بہترین مد. گار بن کر انہیں مفادات دلوا سکتی ہیں اور انہیں اپنی بہترین خدمات سے نواز کر اسے بلند مقام تک پہنچا سکتی ہیں ان میں اس قسم کی خصوصیات اور صلاحیتیں موجود ہیں کہ یہ مصیبتوں سے بھی نہیں گھبراتی۔ برے حالات میں بھی ان کا ذہنی توازن نہیں بگڑتا۔ یہ ناساعد حالات کا مقابلہ کر کے انہیں اپنی مرضی کے مطابق حالات میں بدل سکتی ہیں۔ یہ ان خواتین کی بہترین صلاحیت و خوبی ہے۔ یہ اپنی زندگی کا ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا پسند کرتی ہیں اور حالات ےکے مطابق چلتی ہیں جب کوئی بھی ان کی مدد چاہتا ہے تو یہ اس کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتی ہیں۔

(II) برج دلو

ستارہ زحل' مزاج بادی' رنگ گہرا سبز' دن ہفتہ' اس برج کے تحت پیدا ہونے والی خواتین طوفان سے کھیلنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اگر ایک طرف یہ بالکل سیدھی سادھی عورت ہے تو دوسری طرف یہ انقلابی خاتون ہے۔ انہیں بے چینی اور اضطراب فطرت میں ملا ہے۔ یہ گھریلو عورت بھی ہین اور انقلاب بھی لا سکتی ہیں۔ لیکن بعض دفعہ یہ انتہا پسند بن جاتی ہیں۔ اگر یہ کتاب پڑھنے لگی ہیں۔ تو اس وقت تک ہاتھ سے نہیں چھوڑیں گی۔ جب تک مکمل طور پر پڑھ نہ لیں۔ چاہے کتاب پڑھتے ہوئے ساری رات گزر جائے۔ اگر کسی نے ان خواتین سے ہمدردی کرنی ہے تو ان خواتین کو ان کے حال میں چھوڑ دیا جائے۔ یہ جو کچھ بھی کریں۔ ان کی بازپرس نہ کی جائے۔ لیکن اس حالت میں ان کی حفاظت کی جائے۔ اگر یہ احساس کریں کہ یہ تنہا ہیں تو ان کی تنہائی کو ختم کرنے کی کوشش کی جائے۔ ان خواتین میں جو خاص ایک نقص یا عادت ہے کہ پہلے روز اپنے کسی بھی ملنے والے کو بڑے والہانہ' پرتپاک' اور اچھے طریقے سے ملیں گی۔ تو دوسرے روز اسی سے خشک سلوک کرنے کا موجب بنیں گی۔ کسی وقت یہ خواتین حاضر دماغ ہوتی ہیں۔ اور کسی وقت غیر حاضر دماغ اور جب یہ خوشگوار موڈ میں ہوں تو کسی سکالر کی طرح ذہانت آمیز باتیں کرتی نظر آئیں گی۔ یہ کبھی لکیر کی فقیر نہیں بنتی۔ بلکہ دوسروں سے ہٹ کر راستے اور روشنی کا طریقہ اختیار کرتی ہیں۔ ان خواتین کے متعلق چاہے کوئی کسی قسم کی رائے کا اظہار کرے۔ یہ کسی کی پرواہ نہیں کرتیں۔ اور اپنی مرضی کے راستوں پر آزادی سے قدم اٹھاتی چلی آگے ہی آگے بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ اس طرح کے کام کر کے پرسکون و اطمینان محسوس کرتی ہیں۔

(۱۲) برج حوت

ستارہ مشتری' مزاج آبی' رنگ سفید' دن جمعہ' اس برج کے تحت پیدا ہونی والی خواتین ماضی سے دلچسپی رکھنے کے باوجود ماضی سے بغاوت کرنے کا سبب بن سکتی ہیں۔ اور طویل مدت تک مرد کے بغیر زندگی گزارنے کی صلاحیت اور خصوصیت رکھتی ہیں۔ لیکن جب یہ مرد کی ضرورت محسوس کرتی ہیں تو یہ ان سے کچھ لمحات کے لئے بھی دور رہنا پسند نہیں کرتیں۔ انھیں اپنے مرد کی جدائی کسی حال میں گوارہ نہیں ہوگی۔ اگر یہ رنجیدہ و غمگین' افسردہ اور بے کیف ہوں تو ان کی ساری تمنائیں و خواہشات خاک پا ہو جاتی ہیں۔ ان کی زندگی نشیب و فراز سے مرتب ہے۔ ان میں اتار چڑھاؤ پیدا ہوتا رہتا ہے۔ یہ خوبصورت و حسین عورتوں سے میل جول رکھنا اور اس میں اضافہ کرنا پسند کرتی ہیں۔ یہ خواتین جذباتی لحاظ سے دو پہلو رکھتی ہیں۔ جب یہ معصوم اور ناتجربہ کار ہوتی ہیں تو ایک پھول کی پتی کے مانند نرم و نزاکت ماحول رکھتی ہیں۔ اس پتی کی خوشبو ایسے لوگوں کو اپنی جانب کھینچتی ہے۔ جو ان کے لئے مناسب حیثیت نہیں رکھتے۔ ان کا دوسرا پہلو ایک آزمودہ اور پختہ کار قسم کی عورت کا ہوتا ہے یہ اچھے اور برے میں تمیز کرنے کی صلاحیت اور خوبی رکھتی ہیں اور انھیں اپنی ذات پر مکمل اعتماد بھی ہوتا ہے پھر یہ آسانی سے دھوکہ کھانے کا سبب نہیں بن سکتیں۔ ان کے ساتھ کوئی بھی فریب کاری و دھوکہ نہیں کر سکتا۔ جب تک یہ خواتین اپنی ماں' یا کسی عزیزہ کی سرپرستی کے ماتحت ہوں تو یہ ایک فرمانبردار لڑکی کی طرح زندگی گزارنے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ اپنی ماں سے بے حد محبت کرتی ہیں۔ یہ خواتین جفاکش اور محنتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ کسی حد تک قابل اور رست بھی ہیں۔ دوسروں پر جان قربان کرنے کا جذبہ رکھتی ہیں۔ ان کو ایثار و قربانی کا موقع بھی کما جا سکتا ہے۔ ان خواتین میں جو خاص خاصیت ہے۔ کہ یہ اپنے مطلوبہ مقصد کو حاصل کرنے کے لئے اپنے بہت سے جذبوں کو ختم کر سکتی ہیں۔

کواکب سے متعلقہ سوالات جوابات مع حل المقاصد

آسمان میں سات ستارے' اور بارہ بروج ہیں۔ اب بروج و کواکب سے متعلق سوالات اور ان کے جواب مع مقصد کے حصول درج ہوں گے۔ جن کا تعلق مخفی رموز و اسرار سے ہے۔ ان کا تعلق ظاہری آنکھوں سے دیکھنے والا نہیں۔ جس طرح جسم پر زخم لگتا ہے۔ تو کوئی بھی زخم پر مرہم یا دوائی لگا دیتا ہے۔ لیکن اگر کسی بھی مرض کا تعلق باطن سے ہو۔ تو ان کے علاج کے طور پر کیا کرنا چاہئے۔ کیونکہ یہ روحانی امراض مخفی ہوتے ہیں اور ان کا روحانی مخفی علاج ہی اگر کیا جائے تو کامیابی ہوگی کیونکہ اگر کسی بھی مرد و عورت پر مخفی مرض چھا جائے۔ تو اس پر دنیاوی ڈاکٹروں و حکیموں کی کوئی دوا و علاج کارگر نہیں ہوتا۔ تمام سوالات کے جوابات ستاروں سے متعلق ہیں اور اس کا استعمال صرف فالنامہ تک ہے۔ اگر مرد و عورت کسی کا بھی فال نامہ پڑھا جائے تو اس سے آگے کوئی بھی سوال کر سکتا ہے۔ کہ میرا کاروبار ختم ہو گیا ہے۔ اس کو ٹھیک کرنے کے لئے کیا جائے؟ کوئی عورت پوچھتی ہے۔ کہ میرے اولاد نہیں ہے اور اولاد نہ ہونے کی کیا وجہ ہے۔ کوئی چوری کے متعلق پوچھتا ہے۔ اس لئے ان تمام باتوں کے سوال مع جواب اور علاج درج ہوگا۔ مثلاً پہلے درج شدہ فالنامے میں لکھا گیا ہے۔ برج حمل۔ اس کا ستارہ مریخ ہے۔ اب مریخ سے متعلق تمام باتوں کے جواب بتائیں جائیں گے۔ اب برج عقرب ہے۔ اس کا ستارہ بھی مریخ ہے۔ برج حمل و عقرب کا ستارہ مریخ ہی پڑھا جائے گا۔

بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
کواکب	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	زحل	مشتری

جدول میں دیکھئے ایک ستارہ دو برجوں پر حکومت کرتا ہے۔

ستارہ مریخ برج حمل اور عقرب پر حکومت کرتا ہے۔ ستارہ زہرہ برج ثور اور

میزان پر حکومت کرتا ہے۔ ستارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ پر ستارہ قمر صرف ایک ہی برج سرطان پر حکومت کرتا ہے۔ ستارہ شمس ایک برج اسد پر حکومت کرتا ہے۔ ستارہ مشتری دو برجوں جدی اور دلو پر حکومت کرتا ہے۔ اب تمام طریقہ کار کو سمجھتے ہوئے سوالات کے جواب اور ان کے مقصد کے لحاظ سے روحانی علاج کرے۔ انشاء اللہ کامیاب وکامران ہو گا۔

ستارہ مریخ، برج حمل و عقرب سے متعلقہ روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر سوال کرے کہ میرے گھر والے مجھ سے محبت رکھتے ہیں یا عزیزوں یا اپنے چاہنے والے لوگوں کے متعلق پوچھے کہ میرے متعلق ان کی کیا نیت ہے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تمہارے گھر والے تم سے محبت نہیں رکھتے اور عزیز و چاہنے والے اچھی نیت نہیں رکھتے۔ بلکہ تم کو مغلوب کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر تمہاری ہلاکت بھی ہو جائے تو ان سب کو کوئی رنج و تکلیف صدمہ نہیں پہنچے گا۔ اور کوئی بھی تمہاری قدر و قیمت نہیں جانتا۔ اس حالت و کیفیت سے بچنے کے لئے ہر نماز کے بعد یَاقَهَّارُ یَاقَادِرُ یَاغَنِیُّ یَاعَزِیْزُ یَاوَاحِدُ یَااَللّٰهُ یَاوُدُوْدُ اپنے نام کے اعداد کے مطابق تھے۔ تمہارے نہ چاہنے والے، دشمن، و بد خو مغلوب ہوں گے اور تم سے پیار و محبت کریں گے۔ اگر ان اسماء کو پڑھ نہ سکے۔ تو انہیں اسماء کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے تو فائدہ کثیر ہو گا۔ اگر باندھے گا تو باندھنے کے بعد ہر نماز کے بعد یَامَالِکُ یَاقُدُّوْسُ کا ورد کیا کرے۔ تب دوہرا اثر پہنچے گا۔

س:۔ اگر سوال کرے۔ کہ میں تجارت کا پیشہ اختیار کرنا چاہتا ہوں۔

ج:۔ تو جواب دے کہ اگر تجارت کا پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہو۔ تو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ بلکہ نقصان ہو گا۔ اب چونکہ تم نے کام شروع کردیا ہو اور چھوڑ بھی

نہیں سکتے۔ اب اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر دے اور جہاں پیسے رکھتا ہے۔ یہ وہاں رکھ دے۔ انشاء اللہ برکت ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضَاعِفْہُ لَکُمْ وَ یَغْفِرْلَکُمْ وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

س:۔ اگر سوال کرے۔ کہ میری چوری ہوگئی ہے اور کافی نقصان ہوگیا ہے؟

ج:۔ تو جواب دے۔ کہ جس نے چوری کی ہے۔ وہ چھوٹا قد' سینہ و چھاتی فراخ' منہ پر ایک نشان' بداخلاق و خراب آدمی ہے اور تمہارے گھر کے پاس ہی رہتا ہے۔ اب اگر اس کا مال واپس لانا ہو۔ تو اس طلسم کو لکھ کر دے اور جہاں آگ جلتی ہو۔ وہاں دفن کردے۔ یا نمدار جگہ کے پاس موم جامہ لپیٹ کر رکھے۔ چند دنوں میں چوری شدہ مال واپس آئے گا۔ اگر چور مال واپس نہیں کریگا۔ تو خود بیقرار و بے چین ہوتے ہوئے ضرور واپس کریگا۔

کٹٹٹٹ لطٹٹ لسلط۹ ۷و۶ھ
عطااا ٹٹٹ ۹۸لا ۴ ۱۱ ۴ ۴

س:۔ اگر سوال کرے۔ کہ میں نے نیا مکان خریدنا یا خرید لیا ہے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ اس کا انجام خیر نہ تھا۔ اب اگر خرید لیا ہے تو صدقہ دے۔ صدقے میں گندم' قندسیاہ' دال مسور' تانبہ و مونگا' پارچہ سرخ' ان سب میں سے چاہے ساری چیزیں یا ایک حسب توفیق لاکر منگل والے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد چوراہے میں رکھ دے۔ پھر چار مٹی کی ٹھیکریوں پر ان اسماء کو لکھ کر گھر کے چاروں کونوں میں دفن کردے۔ انشاء اللہ تمام تکالیف سے نجات ہوگی۔ اور انجام بخیر ہوگا۔ یَا قُوْسًا یَا سَلُوْسًا یَا طُوْسًا یَا نَمُوْسًا بِحَقِّ

اَهْيًا شَرَاهِيًّا

س:۔ اگر مرض کے متعلق سوال کرے اور علاج پوچھنا چاہے؟

ج:۔ تو جواب دے اس کا مرض ایک جن ہے۔ جس وجہ سے دل اور سر میں درد رہتا ہے۔ نیند کے اندر ڈرتا ہے اور ڈر سے چونکتا رہتا ہے۔ اس کو خواب گاہ کے اندر کوئی چیز بلاتی یا جھٹکے دیتی ہے اور اس تمام کیفیت کا قبضہ پیٹ پر ہو چکا ہے اور یہ مرض اپنی گرمی پیٹ میں چھوڑ چکا ہے۔ مریض کو نظر آتا ہے کہ کوئی چیز اس کی آنکھوں کے سامنے گھوم رہی ہے۔ اور ٹانگوں کے اندر سخت درد ہے۔ ناک اور منہ سے بدبودار ہوا خارج ہوتی ہے۔ ان تمام امراض یا اس کے علاوہ کوئی مرض ہو۔ اس کوکب سے متعلق ہر مرض کے لئے اسماء کو لکھ کر دے مریض ان اسماء کی دھونی لے۔

سَامِعًا بِعُلَاجٍ وَمِنْهُ وَمُلَّهُ وَاُسْقُهُ

اس کے ساتھ آب زمزم یا بارش کے پانی میں حل کر کے سورۃ حشر کی آخری آیات کو لکھ کر دھو کر پلائے۔ انشاء اللہ صحت کلی ہو گی۔

گلے میں نقش ڈالنے کے لئے۔ سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور اسمائے اصحاب کہف لکھ کر گلے میں ڈالے۔

اس کے علاوہ ایک مرغ کو ذبح کر کے اس کا گوشت کسی فقیر یا حاجت مند کو دے دے۔ اور اس کا خون گھر کے چاروں کونوں میں ڈال دے۔ یا جہاں مریض کی چارپائی ہو۔ اس کے چاروں طرف بکھیر دے۔ یہ کوکب کا ہر لحاظ سے روحانی علاج ہے۔

س:۔ اگر سوال کرے کہ میری شادی ہو جائے یا میں شادی کروں یا نہ کروں؟

ج:۔ تو جواب دے اگر کامیاب شادی کرنا چاہتے ہو تو چھ ماہ لگیں گے اور اگر انتظار نہ کیا اور ان چھ ماہ کے اندر شادی کر لی تو انجام بہت برا ہو گا۔ برات پر کوئی آفت نازل ہو سکتی ہے۔ برات پر آفت نازل نہ ہوئی تو تمہاری زندگی خراب ہو جائے گی۔ مثلاً جس سے شادی کریگا۔ انجام طلاق یا رسوائی ہو گا۔ اس لئے چھ ماہ انتظار کرنا پڑیگا۔

س:۔ اگر سوال کرے کہ میری شادی ہو چکی ہے اور مجھے اپنی بیوی پر کچھ شبہات ہیں؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تمہیں اپنی بیوی پر ٹھیک شبہات ہیں تم دونوں کی زندگی بہتر گزرنے کے لئے ایک بکرا سررنگ کالا ئے۔ اور صدقہ کے طور پر اس کو ذبح کروا کے اس کا گوشت یتیموں و مسکینوں میں بانٹ دے۔ دونوں کی اچھی زندگی گزرے گی۔

س:۔ اگر سفر کے متعلق سوال کرے؟ سفر کروں یا نہ کروں؟

ج:۔ تو جواب دے کہ اس سفر میں تمہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑیگا۔ اور انجام ٹھیک نہیں ہے۔ اس لئے سفر نہ کرے۔ اگر سفر کرنا ہے۔ تو صدقہ دے۔ پھر سفر کرے تو سفر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ کواکب سے متعلق اشیاء بانٹ دے۔

س:۔ اگر حمل و اولاد کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ کافی تکلیف کے بعد اولاد نرینہ پیدا ہوگی اور بچے و عورت کو ام الصبیان سے بچانے کے لئے یا وہ عورتیں جن کے بچہ پیدا ہو کر مرجاتا ہو یا پیٹ میں ہی مرگیا ہو۔ تو سرخ رنگ کا دنبہ لا کر ذبح کرے۔ اس کا گوشت مسکینوں و فقیروں کو کھلائے۔ صدقہ دینے سے دوبارہ اولاد صحیح و سلامت رہے گی۔

س:۔ اگر بانجھ عورت کے متعلق سوال کرے یا اولاد نہیں ہوتی؟

ج:۔ تو جواب د کہ اس کے پیٹ میں خون فاسد ہے۔ جو مقام رحم میں سڑ گیا ہے۔ اس طرح بچہ بیضہ رحم میں تیار نہیں ہوتا۔ اور اولاد صحیح و سلامت پیدا نہیں ہو سکتی ہے اسے صاف کروائے اور صدقے کے طور پر ایک سرخ رنگ کا دنبہ لا کر اس کو ذبح کر کے اس کا گوشت فقیروں و مسکینوں میں بانٹ دے۔ انشاءاللہ سب کام درست ہو جائیں گے۔

ستارہ زہرہ برج ثور و میزان سے متعلقہ امراض کا علاج

س:۔ اگر اپنے بھائی بہنوں یا عزیزوں کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ سب تمہارے حق میں ہیں اور تمہارے متعلق سارے اچھا سوچتے ہیں۔اور اچھی نیت رکھتے ہیں۔

س:۔ اگر تجارت سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تجارت کا میانہ حل رہیگا۔ نہ زیادہ فائدہ نہ زیادہ نقصان اگر جنرل سٹور' یا مرد و عورت کے کپڑوں سے متعلقہ کاروبار کرے۔ تو بہت زیادہ فائدہ کثیر ہو گا۔

س:۔ اگر چوری کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے۔ چور فراخ سینہ' سفید جلد' فراخ دل' خوبصورت فصیح الزبان اور حیادار ہے۔ اگر مال حاصل کرنا ہو۔ تو اس طلسم کو آتشی بادی' آبی و خاکی ترتیب سے استعمال میں لائے۔ چور بغیر نقصان کئے۔ مال اسی جگہ یا کسی اور جگہ رکھ جائے گا۔

[illegible]

[illegible]

س:۔ اگر خبر سے متعلق سوال کرے۔ کہ مجھے فلاں خبر آئی ہے۔ یہ سچی ہے یا جھوٹی؟

ج:۔ تو جواب دے کہ یہ خبر سچی ہے اور خیر و خیریت سے متعلق ہے اگر یہ خبر لانے والی عورت ہے۔ تو یہ خبر سچی ہے۔ اگر کوئی مرد لایا ہے تو خبر جھوٹی ہے۔

س:۔ اگر سفر کے متعلق سوال کرے؟ کہ انجام کیا ہو گا؟

ج:۔ تو جواب دے کہ سفر بخیریت ہو گا اور سفر کے دوران یا جہاں جانا ہے وہاں ایک

خوش شکل 'خوش رنگ 'فراخ چھاتی والی باحیا عورت سے ملاقات ہوگی اور تجھ سے محبت کریگی۔ لیکن یہ یاد رکھے کہ یا تو اس عورت کے دو بیٹے ہوں گے یا اس کے ساتھ پہلے دو مردوں نے شادی کی ہوگی۔ یہ واقعہ اگر وہ ہوائی سفر کے ذریعہ کرے تو واقعہ پیش آئے گا اور دوران سفر میں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوگی اور سفر اس کو سات دن سے لیکر سات ہفتوں تک پیش آئے گا۔

س:۔ اگر کسی کے ہاں شراکت کے متعلق سوال کرے اور کاروبار وجہ ہو اور کسی بھی قسم کے کاغذوں پر دستخط کرنے ہوں؟

ج:۔ تو جواب دے کہ شراکت میں شریک ہونا مبارک ہے عورت و مرد دونوں کی شراکت بھی فائدہ دیگی۔ کاروباری شراکت کے علاوہ کاغذوں پر دستخط کرنا اور معاہدہ کرنا بھی بہت مفید ہے۔

س:۔ اگر شادی کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ شادی میں کامیابی ہوگی۔ میاں بیوی دونوں میں اتفاق ہوگا اور کسی قسم کی کوئی رنجش پیدا نہ ہوگی۔ اور جس عورت سے شادی کرنا ہو وہ نیک صالح و پاکیزہ ہو اور اگر عورت نے مرد سے شادی کرنا ہو تو مرد نیک و صالح ہوگا۔

س:۔ اگر کسی غائب کے متعلق سوال کرے؟ کہ غائب گھر واپس آیگا

ج:۔ تو جواب دے کہ وہ کبھی بھی واپس نہیں ہوگا۔ لیکن واپس یا حاضر کرنے کے لئے رات کو کسی گوشہ تنہائی میں **یا معید** ستر مرتبہ پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ **یا معید رد علی** فلاں بن فلاں نام لیکر پڑھے۔ اس عمل کو ایک ہفتہ کرے۔ اسی ہفتے میں خبر ملے گی۔ یا خود واپس آئے گا۔

س:۔ اگر کسی بھی مرض کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ مرض مختلف قسم کی ہواؤں سے ہے۔ جس کا تعلق جن یا نظر بد ہو سکتا ہے اس وجہ سے جوڑوں میں درد 'سر اور پیر میں درد رہتا ہے۔ دل تیز دھڑکتا ہے

کمراور کان میں گرانی ہے سر میں زیادہ تکلیف رہتی ہے۔ علاج کے طور پر کالے رنگ کی گائے کا سینگ بقدر ضرورت لیکر اس کا برادہ بنا کر اس میں روئی 'بنولہ 'لوبان 'کیونی سیاہ ملالے۔ اور ان کو خوب میدہ کر کے روزانہ صبح و شام بدن پر مالش کرے۔ پانچ یا سات دن برابر مالش کرے۔ مالش کرنے کے بعد غسل کرلے۔ غسل کرنے کے لئے کسی کرسی یا تخت پوش پر بیٹھے۔ اس پر خاک سفید یا ملتانی مٹی رکھی ہو۔ غسل کے بعد یہ اسماء کاغذ پر لکھے۔(م ح م ح م) اور کیون سیاہ 'قسط 'اور لوبان کوٹ کر ان حروف کو ساتھ رکھ کر مریض کو دھونی دے اور مریض نے جس خاک سفید پر بلائے کرسی بیٹھ کر غسل کیا تھا۔ اس خاک سے جو پانی گرا ہو۔ اس خاک میں سے بقدر ضرورت بخور میں شامل کرلے۔ پھر حروف کے ہمراہ بخور جلائے۔ بقدرت الٰہی شفاء ہو گی۔

س:۔ اگر شادی کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ عورت میانہ قد ہے اور تمام کاموں میں کثیر الناس ہے اور اگر شادی کرنی ہو۔ تو مبارک ہے۔

س:۔ اگر حمل کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ حاملہ کو لڑکی پیدا ہو گی اور اس حمل کی برکت سے تمام افراد حاملہ کو قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔

س:۔ اگر بانجھ عورت کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو علاج کے طور پر (دح دروح واللہ) پینے کے لئے۔ بحکم خدا بانجھ پن دور ہو گا۔

س:۔ اگر دینی و دنیاوی کاموں پر فتح پانے کے لئے کوئی تعویذ یا فتح نامہ مانگے؟

ج:۔ ہر طرح کی تسخیر و فتوحات حاصل کرنے کے لئے زہرہ کی ساعت میں اس نقش کو تحریر کر کے دے۔ سوال کرنے والا اسے اپنے بازو یا گلے میں باندھ لے۔ ہر طرح کی تسخیر و فتوح ہو گی۔

اس کے علاوہ متعلقہ سوالات مختلف امورات سے دیکھ کر کتاب میں درج شدہ دوسرے عملیات و تعویذات کا استعمال کریں۔ لیکن بروج و کواکب کو صحیح طرح سے شناخت کرے۔ پھر جو عمل یا نقش کریگا۔ سوفیصدی کامیابی پائے گا۔

ستارہ عطارد، جوز، و سنبلہ سے متعلقہ روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر اپنے بھائی بہن یا ماں باپ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ ان کی ظاہری صورت میں محبت و اخلاص ہے۔ لیکن تمہاری غیر حاضری میں دشمنی اور دل شکنی کی باتیں کرتے ہیں۔ حل چغلخوری کے ان کی اس کیفیت کو درست کرنے کے لئے پانچ وقت نماز پڑھ کر دعا کیا کرے۔

س:۔ اگر اپنی چوری کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ اگر سائل دن کے بارہ بجے سے پہلے آئے۔ تو جواب دے کہ چور کا رنگ زردی مائل، کمزور اور ناک پر بھورا سا نشان رکھتا ہے اولاد اس شخص کی بہت ہے قد چھوٹا اور ٹانگوں پر بہت زیادہ بال ہیں۔ اگر بارہ بجے سے لیکر پانچ بجے کے درمیان یا ان مقررہ وقت پر آئے۔ تو پھر چور ایک بد خلق انسان ہے۔ آوارہ، چالاک اور حیلہ گر ہے اور وہ سائل کے گھر کے قریب ہی رہتا ہے۔ جیسے ملازم یا دوست ہو۔ اب چوری کا مال واپس لانے کے لئے اس طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر ہوا میں لٹکاء چند دنوں کے اندر مال دستیاب ہو گا۔

كَمَعَلَلَعَلَس لَهُ لَهُمَ اَحَرُ لَلعَطَعَسَص الكهم اا
صلا۱۳۶۱وس۳ولہ ۱۹ طلسك اَللّٰهُمَّ يَارَبِّ بِحَقِّ
هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَظْهِرْ مَتَاعِ عَبْدِكَ (نام مسروق سائل مع والدہ)
يَا اَمِتْكَ (نام ملزم مع والدہ) فَاِنَّكَ تَعْلَمُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى

س:۔ اگر اپنے دشمن کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے۔ کہ تمہارا دشمن بہت خلاف ہے اور وہ جان لینے سے بھی گریز

نہیں کریگا۔ اس کو منتشر و فساد میں مبتلا کرنے کے لئے سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ آخر تک۔ سرخ اینٹوں کے برادے پر دم کرکے اپنے دشمن کی طرف پھینک دے۔ خدا کی قدرت سے وہ خود حیران و پریشان اور ذلیل و خوار ہو کر واپس پلٹ جائے گا اور کسی بھی طرح کا نقصان نہیں کریگا۔

س:۔ اگر کسی خبر سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ خبر خیر کی ہو یا شر کی دونوں طرح کی خبریں صحیح ہیں۔ خواہ خبر دینے والا مرد یا عورت ہو۔

س:۔ اگر اپنے گھر میں جادو ٹونہ سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ گھر میں ایک زرد کپڑا ہے اس کے اندر کالی ڈوری ایک کتے کی ہڈی' اور کچھ سوئیاں ہیں اور جہاں تم سوتے ہو۔ ان اشیاء پر جادو کرکے دفن کی ہوئی ہیں۔ اس کے علاج کے لئے صدقہ دے۔ اور ذیل کا مربع لکھ کر دے۔ اسے انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر اپنی چھوٹی انگلی میں پہنے۔ اس سے نہ تو کچھ اثر ہو گا۔ نہ کوئی حملہ کریگا۔ اگر کوئی بھی حملہ کریگا۔ تو اس کی طاقت سے ہر وار خالی جائے گا۔

۷	۲	۵	۱
۴	۲	۷	۳
۳	۷	۹	۶
۱	۵	۴	۶

فلاں بن فلاں

س:۔ اگر سفر کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ سفر پورا نہیں ہو گا۔ اگر صدقہ دے کر پھر سفر کرے تو کوئی مضائقہ نہیں اور اس نقش کو سفر کرنے سے پہلے مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ سفر بہت جلد اور بخیر خیریت انجام پائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ

س:۔ اگر شراکت کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ توجواب دے کہ جہاں تم نے شرکت کرنی ہے۔ وہ ایک جھوٹا آدمی ہے اور اس کے علاوہ تمام لوگ جھوٹے و مکار ہیں۔ اس لئے تمہاری شرکت اور صحبت ایسے لوگوں سے ہوگی۔ جن کا قول و فعل جھوٹ پر ہوگا۔ اس جگہ تو شرکت نہ کرے۔ کیونکہ اس شرکت سے وہ تمہارے دوست بن جائیں گے اور آئندہ کے لئے ہر کام میں رکاوٹ ڈالیں گے۔

س:۔ اگر شادی و نکاح سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ نکاح نہیں ہوگا کیونکہ جس سے نکاح کا خواہشمند ہے۔ اس کو مشورہ دینے والا کوئی دوسرا آدمی ہے اور وہ غالب ہے اگر اس کے ساتھ نکاح کرنا لازم ہے۔ تو اس نقش کو جمعہ کے دن طلوع شمس کے وقت مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو پر باندھ لے۔ ہر طرح سے کامیاب ہوگا یا اھیل طیاھیل یَا اَللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ

س:۔ اگر مرد و عورت کے متعلق سوال ہو؟

ج:۔ توجواب دے کہ تمہارے ستارے نہیں ملتے۔ اور ان کے علاج کے طور پر اسماء کو لکھ کر دے۔ اگر عورت ہو تو اپنی الٹی بازو پر باندھے اگر مرد ہو تو سیدھی بازو پر باندھے۔ دونوں میں ناچاقی ختم ہوگی۔

کَعْلَلْ لَهْعَح تُحَبُّ فُلَانُ بِنْتُ فُلَانُ یَا اُوْر دُرْمِیَان فُلَانُ بِنْ فُلَانُ کے بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ لَهْسَکْ لَهْسَطْ مِنْ کَسْهَرْ سَاهَلْسَلْهَعْهَهْ سَعْلَحْ

س:۔ اگر مرد یا عورت طلاق کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب کے طور پر يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا لَا تَنْفُذُوْنَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ لکھ کردے۔ اگر بیوی طلاق مانگے مرد اسے گھر کے دروازہ پر لٹکا دے۔ اگر مرد طلاق عورت سے سے لے رہا ہو۔ تو عورت اپنی الٹی بازو پر باندھے۔

س:۔ اگر اپنا غلبہ سب پر قائم رکھنے کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب کے طور پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ وَ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ ○ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ وَ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ لکھ کردے۔ اسے مرد غلبہ حاصل کرنے کی خاطر اپنی سیدھی بازو پر باندھے اور اگر عورت نے غلبہ حاصل کرنا ہو تو الٹی بازو پر باندھے۔

س:۔ اگر گمشدہ یا گریختہ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ کافی عرصہ کے بعد امید پیدا ہوگی۔ وہ بہت دور چلا گیا یا چلی گئی ہے۔ اس کو واپس لانے کے لئے ان کلمات کو لکھے اور آگ کی حرارت پہنچائے۔ اگر سات سمندر پار بھی گیا ہوگا۔ واپس آئے گا رب ح رکٹ من لہ اَوَدْ مُوْلِهَا لَا اح وف رح ال رح رب ال وریا رب اُظْهُر مُتَاع عَبْدُكَ فلان بن فلان بِحَقِّ هٰذَا الْحُرُوْفِ ا م ی مر کٹ ع ر سودی سراع رع س وری فَاِنَّهٗ يُظْهِرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى

س:۔ اگر مرض کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے۔ کہ وہ آسیب زدہ ہے۔ علامات اس کی یہ ہے کہ مریض کا رنگ سفید پڑ گیا ہے۔ سر میں خبیث چیز کا اثر ہے۔ جو سوتے میں ظاہر ہوتا ہے۔ جس سے مریض ڈرنے لگتا ہے۔ اس سے بدن میں درد کی شکایت بھی ہے۔ شدت مرض میں ناف سے لیکر

ٹانگوں اور زانوں تک عایت دور ہو جاتا ہے۔ پھر ہٹ جاتا ہے۔ پھر ہوتا ہے۔ اس بیماری کا سبب یہ ہے۔ کہ کسی نے بد ظنی یا دشمنی کے سبب سے سحر کردیا ہے اور بعض لوگ صبح و شام اس کے لئے صبح و شام بد دعا و نحس عمل کر رہے ہیں۔ اس سے دماغ میں برا اثر پڑتا ہے۔ اس کے کامل علاج کے طور پر اس آیت کو مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے یا بازو پر باندھے۔ اور اسی آیت کا پانی پیئے۔ لَوْاَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۔ اس کے بعد سورۃ بروج آخر تک پھر انا انزلنا فی لیلتہ القدر آخر تک اگر حمل و اولاد سے متعلق سوال کرے؟

تو جواب دے کہ عورت کے معدے اور موضع رقم میں اثر ہے سب سے پہلے صدقہ دے اور اس حرز کو لکھ کر پہنے۔ انشاء اللہ تمام تکالیف سے نجات ہوگی اور آئندہ کے لئے بچہ بھی صحیح و سلامت رہے گا۔

ا۵ ا۵ ا۵ ا۵ ا۵ وَ سَهُوَ وَ يَلَيْهِ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحُ اَهْوَا يَهْوَا فَهُوَيْهِ بِنَا وَاٰلِهَةُ اِسْمِ رَبِّهٖ هٰذَا (نام والدہ مع حاملہ) حاملہ هذا الکتاب والدابحق هذه الاسماء فانها تحمل باذن اللہ تعالیٰ

ستارہ قمر برج سرطان سے متعلق روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر اپنے بھائی بہنوں و عزیزوں سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ وہ سب بظاہر محبت و صاف نیت سے پیش آتے ہیں اور بعض سامنے مطیع و فرمانبردار رہتے ہیں۔ لیکن باطن میں بد خو و مخالف ہی ہیں۔

س:۔ اگر کاروبار کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ جس وقت اس نے کاروبار شروع کیا تھا۔ اس وقت قمر منحوس برج میں دورہ کر رہا تھا۔ اس وجہ سے کاروبار میں دن بدن نقصان ہو رہا ہے۔ اب کاروبار کی بہتری کے لئے روزانہ کٓھٰیٰعٓصٓ وحٰمٓعٓسٓقٓ کو دو ہزار اکاون (۲۰۵۱) مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھا کرے۔ انشاء اللہ نقصان ختم ہو کر جلد نفع حاصل ہوگا۔ اگر قرضدار ہو چکا ہوگا۔ تو قرض ادا ہوگا۔ برآمدن حاجات و دفع دشمنان کے لئے بھی یہی پڑھائی پڑھے۔

س:۔ اگر چوری کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ چور سفید رنگ و سرخ مائل رنگ رکھتا ہے۔ بلند قد و ملیح آنکھیں ہیں۔ ایک آنکھ میں کچھ عیب ہے اور وہ تمہارے گھر کے قریب ہی رہتا ہے۔ مثل ہمسایہ کے۔ اس سے اپنی چوری کے اشیاء لینے کے لئے۔ اس طلسم کو ہوا میں لٹکا دے۔ چند دنوں کے اندر کوئی کسی طریقہ سے چوری کیا ہوا مال واپس کریگا۔

س:۔ اگر حمل و اولاد کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ حاملہ عورت لڑکا جنے گی۔ مگر کافی تکلیف کے بعد حفاظت حمل و

اولاد کے سلسلے میں اگر علاج مقصود ہو تو ایک دانہ نارجیل ایک ہی ضرب سے توڑے یا ایسی ضرب لگا کر مارے کہ ایک ہی جھٹکے سے ٹوٹ جائے۔ اب فوراً اس کا پانی حاصل کرلے۔ حاملہ کو دن میں تین مرتبہ یہ پانی پلائے۔ حاملہ کو حمل و ولادت میں آسانی ہوگی۔ اور اگر اسی حاملہ یا متعلقہ کو کب رکھنے والی عورت کو حمل ساقط ہونے کی تکلیف ہو۔ تو اس طلسم کو لکھ کر وہ عورت اپنی کمر میں باندھے۔ دوبارہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

ححححح بلدہ داح ح 7 ممم مجلہ مجلہ مجلہ

س:۔ اگر اپنے گھر میں دفین سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تمہارے ہمسایوں نے ہر کام بند کروانے کے لئے تمہارے نام کے جادو ٹونہ و سفلی علم کے تعویذات بڑے درخت کے نیچے دفن کئے ہیں اور درخت کا رخ مغرب کی طرف ہے۔ اس عمل سے تمہارا روز بروز چلتا ہوا کاروبار بند ہونے والا ہے اور گھر میں ناچاقی پھیلی ہوئی ہے۔ اس کے حل کے لئے (کٹ کٹ کٹ کٹ) کو مرغ کے گلے میں پہنا کر جس درخت کا رخ مغرب کی طرف ہو اور اس پر شک بھی ہو تو مرغ کو وہاں پر چھوڑ دے۔ مرغ بار بار وہاں پر چونچ مارتا رہے گا۔ اگر وہاں تھوڑی سے کھدائی کی جائے تو دفین مل جائے گا۔ اس کو نہر یا دریا کے چلتے ہوئے پانی میں بہادے۔

س:۔ اگر نکاح کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ نکاح ہوگا۔ مگر عورت بہ سبب حمل مرجائے گی یا خراب اور الٹی آنکھوں والا مولود پیدا ہوگا۔ بیوی اپنے شوہر کی ہر بات مانے گی۔ بہت زیادہ پیار و محبت بھی کریں گے۔ بعد میں جو مسئلہ درپیش آئے گا۔ وہ پہلے ہی بتادیا گیا ہے اس مسئلے سے بھی جان چھڑوانے کے لئے اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر دے۔ اسے عورت اپنی الٹی بازو پر باندھے۔ اور اسی کا پانی پیئے۔ انشاء اللہ

کوئی مسئلہ یا پیچیدگی پیدا نہیں ہوگی۔ یَاشَمَالِیْخَ یَا سَلْمَالِیْخَ یَا سَمْلَلِخْ عَلَیْکَ یَارَبِّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الْعَظِیْمَۃِ اِلَّا مَاکُنْتَ عَوْنَ عَبْدُکَ (نام عورت مع والدہ) وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَبِکُلِّ شَیْءٍ خَبِیْرٌ فَقَدْ فَازَ مَنْ اسْتَعَانَ بِکَ وَاھْتَدٰی مَنْ تَوَکَّلَ عَلَیْکَ وَ فَازَ مَنْ فَوَّضَ اُمُوْرَہُ اِلَیْکَ اِجْعَلْ لِعَبْدِکَ (نام مع والدہ) مِنْ کُلِّ مَایَشْغَلُہُ وَیُؤْذِیْہِ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا۔

س:۔ اگر اپنے دشمنوں کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تمہارے دشمن ضرور لڑیں گے۔ ایک دوسرے کو ماریں گے دشمنان کے ہر وار کو الٹنے کے لئے۔ اس نقش کو اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ تمام دشمنوں کی ایذارسانی ہوگی اور دشمن کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔ وَالصُّلْحُ خَیْرٌ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ سی خبیراتک۔ یُوَفِّقُ اللّٰہُ بَیْنَھُمَا اِنْ اَرَدْنَا اِلَّا اِحْسَانًا وَ تَوْفِیْقًا وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ یَا ھَسْلَعُلَعُ یَا ھَسْلَعُلَعُ یَا ھَسْلَعُلَعُ

س:۔ اگر گریختہ و گمشدہ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ وہ شہر کے قریب ہے۔ اگر مغرب کی طرف کوشش کرے۔ تو تم کو مل سکتا ہے اگر ہتانے کے آٹھ دن گزر جائیں اور تم کوشش نہ کرو تو وہ دوسرے شہر میں چلا جائے گا۔ اگر وہ کوئی مال وغیرہ ساتھ لے گیا ہے تو اس طلسم کو آگ کی حرارت بھی پہنچائے اور ہوا میں بھی لٹکائے اگر گریختہ خود نہ آیا تو مال ضرور واپس بھیج دیگا۔

س:۔ اگر مرض کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے جن' بھوت' آسیب کی نظر ہے۔ اس وجہ سے کان میں سر میں' سینہ و چھاتی میں درد رہتا ہے۔ شکم میں باد' اور بدن میں خشکی ہو جاتی ہے۔ تمام رگوں اور آنکھوں میں تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ اس کے علاج و حل کے لئے ایک مرغ کو ذبح کرے۔ اور گوشت غریبوں میں بانٹ دے۔ اب اس کے خون سے اس طلسم کو لکھ کر مریض یا مریضہ کے سیدھے پاؤں پر باندھ دے۔ ہر طرح سے شفاء ہوگی۔ حم س حم س بسم س بسم س بسم مں احرقنا فرعون وثمود وصهال ع ع ع واطوها۔ اس کے بعد اس طلسم کو لکھ کر مریض کے ناک میں جلا کر دھواں پہنچائے۔ صعم مدھرس مہرس مہرس فم یطرحم فمرحور

ستارہ شمس برج اسد سے متعلق روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر اپنے بھائیوں وعزیزوں سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے۔ کہ سب کی نیت تمہارے متعلق صاف ہے اور ہر مرد و عورت تمہارے حق میں ہے۔ اور نوکر بھی تمہارا باوفا ہے۔ سب کے سب افراد تمہاری لئے ظاہر و باطن میں پیار سے پیش آتے رہیں گے۔

س:۔ اگر چوری کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ چور کا حلیہ بلند قامت پنڈلی سخت اور بازوؤں پر بال ہیں۔ داڑھی پر بال کم ہیں۔ بدن کچھ موٹا ہے۔ رنگ سرخی مائل ہے۔ اس کی دائیں طرف کسی چیز کا داغ ہے۔ وہ کسی بڑے آدمی کے ساتھ رہتا ہے۔ طبیعت میں خیانت کاری' مکاری' خراب طبع' بہت جھوٹ بولنے والا' فاسق اور زانی ہے۔ وہ قتل کرنے سے بھی پرہیز نہیں کرتا۔ چوری شدہ مال یا چور کو حاضر کرنے کے لئے۔ ایک سرخ رنگ کی مرغی کا انڈا لے۔ اس انڈے پر اس عزیمت کو لکھ کر آگ کی حرارت پہنچائے۔ بحکم خدا مال واپس کریگا۔ یَااَسْمَا سُمْعُوْنَهٗ یَااَلْقُبُ اَلْمَدِیْنُ اَلْاَسْمِیْنُ یَامُالِکُ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَحْبِسُ السَّارِقُ الَّذِیْ سَرُقَ مُتَاعُ (جو سامان چوری ہوا ہے وہ تحریر کرے) اَهْیًا شَرَاهِیًّا اَدُوْنَایِ اَصْبَاؤُتُ اَلُ شَدَایِ

س:۔ اگر حمل واولاد سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ اولاد میں لڑکا ہوگا۔ اگر حمل میں تکلیف رہتی ہو۔ تو صدقہ دے۔ ایک مرغ سرخ رنگ کا لائے۔ اس کو ذبح کر کے گوشت فقراء و مساکین میں بانٹے۔ انشاءاللہ حمل بھی صحیح وسلامت رہے گا۔

س:۔ اگر بانجھ عورت سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ اس کو نظر بد ہے۔ اس وجہ سے یا تو بچہ پیدا کرنے کے قابل نہیں ہے اور اگر بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ زندہ نہیں بچتا۔ اس عورت کے علاج کے طور پر اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر وہ اپنی الٹی بازو پر باندھے اور اسی کو دھو کر پیا کرے۔ اس کا بانجھ پن ختم ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ حَاسِدٍ اللّٰهِ يَشْفِيْكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ اُعِيْذُ كُلَّمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَاتِ وَاَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا عَامَّةٍ مِنْ شَرِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدٍ

س:۔ اگر نکاح و شادی کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ نکاح تھوڑی مصیبت و پریشانی کے بعد ہوگا اور اگر شادی بالکل ہی نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اگر مرد ہو تو اپنی سیدھی بازو پر اگر عورت ہو تو الٹی بازو پر باندھ لے۔ شادی میں تمام حائل شدہ رکاوٹیں دور و ختم ہو جائیں گی۔ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

س:۔ اگر مرد و عورت ایک دوسرے کے متعلق سوال کریں؟

ج:۔ تو جواب مرد کو بتائے کہ عورت نیک و شریف ہے اور اپنے خاوند کے ساتھ مخلص ہے اور اپنے خاوند کی قدر کرنے والی ہے اگر یہی سوال عورت مرد کے متعلق پوچھے۔ تو اس کو اسی مناسبت سے جواب دے۔

س:۔ اگر گریختہ و گمشدہ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ مشرق کی طرف گیا ہے اس کی واپسی بہت دیر سے ہوگی۔ اگر اس کو جلد واپس لانا ہو۔ تو اس حرز کو لکھ کر آدمی رات کے وقت آسمان کے

نیچے کھول کر رکھ دے۔ چند دنوں کے اندر حاضر ہوگا۔ هَطُوسْ هَطُوسْ وَالِلهٖ قَادُسْ مَاسْ رِیْحَانَ الْاُطْبَالِ آلِ شَدَایِ اِسْلَامِ اُمَّ مُوسٰی اَهَیُکَلَاتِ دَائُودُ وَ حِرْزِ جُولُ عَظِیْمَ فَلُعَلُعَحُ الْعُمْبَلَخْ بِسُیِرِهَوُهٗ عَبُوسِ عَبُوسِ کَمَالُ الُحَا اِجُیْبُوْا اللّٰہ

س:۔ اگر مرض کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ مریض کو نظرید و جن کی ہے۔ مریض کے بدن میں خشکی و حرارت ہے۔ مرض کا زیادہ زور سر اور دل کی طرف ہے ہر دو پنڈلیوں میں بھی تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ جس سے تمامبدن میں تکلیف ہے۔ اس لئے سفید بکری کا صدقہ دے۔ پھر زعفران، کیوڑی سفید، اور قدرے عنبر، ان سب ادویات کو خوب باریک کوٹ کر باہم آمیز کرلے اور مسلسل دو تین دنوں تک جسم پر مالش کرے اور پینے کے لئے۔ آیت الکرسی کو زعفران و مشک اسے لکھ کر دے اور آخر میں یہ حروف بھی لکھے۔ پھر تین دن پیئے۔ ا و ۸ ۸ و ۸ و م اور نجور کے لئے ان تین اسماء کو کاغذ پر لکھ کر مرچ سیاہ لوبان کے ساتھ تین دن تک مریض کو نجور دے۔ **الاسطومھا، سطوبہ، سطون** پھر اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائے۔ انشاء اللہ ہر طرح کی بیماری سے شفاء ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ

س:۔ اگر سفر کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ سفر دو ماہ تک ہوگا۔ لیکن سفر میں جانے سے پہلے اس نقش کو لکھ کر آدھا گھر میں محفوظ جگہ پر رکھ جائے۔ اور آدھا اپنے ساتھ لے جائے۔ انشاءاللہ ہر طرح سے محفوظ و حفاظت میں رہے گا۔

ستارہ مشتری برج قوس وحوت سے متعلق روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر اپنے گھر کے افراد کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ وہ سب تمہارے متعلق ٹھیک واچھی نیت رکھتے ہیں۔

س:۔ اگر چور کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ چور ایک نو عمر کمسن نوجوان ہے۔ بلند قامت، زرد رو، نمکین صورت، نرم گو، بظاہر اچھا آدمی معلوم ہوتا ہے۔ پیشہ کے لحاظ سے طالب علم معلوم ہوتا ہے۔ اس کے کان اور منہ پہ نشان ہے اور چوری کا سامان برآمد کرنے یا چور حاضر کرنے کے لئے اس حرز کو لکھ کر ہوا میں لٹکائے۔ دونوں صورتوں میں تمہارا ہی فائدہ ہے۔

سففها سلح سفيفها سعها سلح بلح بسللح يا مسح يا ملسح ملسلح (یہاں مطلب تحریر کرے) سعهها سلح یا مسح

س:۔ اگر حمل واولاد کے لئے سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ حاملہ عورت لڑکا جنے گی وہ حلیم اور نرم طبع ہوگا۔ عالم وعاقل ہوگا۔ شروع شروع میں بیمار رہیگا۔ آخر عمر میں قوت پکڑیگا۔ حاملہ وبچہ کی اچھی نگہداشت کی خاطر اس طلسم کو سفید مرغی کے خون سے لکھ کر دے۔ وہ حاملہ عورت اپنے گلے میں پہنے بعد ولادت یہ بچے کے گلے میں پہنادے ماں وبچہ دونوں سلامت رہینگے۔

مَ ١٨٣٦١١٦٢ مُلَ صاد ٩ طـ ٣ کمُ ١٢٧١٥٤ ١٤١ لل

س:۔ اگر گھر میں دفین کے متعلق سوال کرے؟

ج:- تو جواب دے کہ جادو سے متعلق کوئی کاغذ یا سحر دفن ہے۔ وہ دروازہ کی چوکھٹ کے نیچے دفن کیا ہوا ہے۔ اس کے خاتمہ اور اس جادو کا اثر ختم کرنے کے لئے ان اسماء کو لکھ کر پانی میں گھول کر اس کا پانی وہاں چھڑک دے۔ ہر طرح سے حفاظت رہیگی۔ یَامَلِهِیَا یَامَلِهِیَا سَلِبُطهَا یَاظَطهَا

س:- اگر سفر سے متعلق سوال کرے؟

ج:- تو جواب دے کہ سفر عنقریب پیش آئے گا اور یہ سفر تمہارے لئے مبارک ہے ہر ہر مقام سے فائدہ اٹھائیگا۔ ہر جگہ خیریت سے رہیگا اور سفر کے دوران اس کی لوگوں سے میل و محبت بڑھے گی۔ بڑے بڑے لوگوں سے ملاقات ہو گی۔ اشراف سے مدد ملیگی۔ سفر کے دوران لوگ محبت و اخلاص سے پیش آئینگے۔ اگر سفر کرنے سے پہلے اس حرز کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے تو سونے پر سہاگہ ہو گا۔
یَاشَهِیشَا یَارَبَّ كُلِّ شَیءٍ وَوَارِثَهُ وَرَازِقَهُ

س:- اگر شراکت سے متعلق سوال کرے؟

ج:- تو جواب دے کہ تمہاری شراکت کرنا بہت بہتر ہے۔ تم کو اس شراکت میں ایسے آدمیوں سے فائدہ و منافع ہو گا۔ جو عمر میں بڑے ہوں۔ ویسے شراکت کے طور پر ایسی جگہ پر شریک ہو۔ جو کہ مالی و کاروباری کاموں سے متعلق ہو۔

س:- اگر شادی کے متعلق سوال کرے؟

ج:- تو جواب دے کہ اس کا رشتہ دار شادی میں رکاوٹ کھڑی کرنے کا سبب بنے گا۔ وہ اپنے شیطانی فعل سے رکاوٹ ڈالنے کی ہر ممکن کوشش کریگا۔ اس کے ہر برے ارادے کو ضائع کرنے کی خاطر اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر دے اور حکم دے کہ مرد ہو تو اپنے گلے میں اور اگر عورت کی شادی ہو تو اپنی الٹی بازو پر باندھے۔
یَامَلِطِیَاهَا یَا هَلِطِیَاهَا الَّذِیْ تَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ سَالَكَ اَنْ تَنْصُرَ حَامِلَ كِتَابِی هٰذَا وَتَقِیَهٗ شَرَّ

(فلان بن فلاں نام دشمن) حتیٰ ان (فلان بن فلان شادی کرنے والا) یَبۡلُغُ مُقۡصُوۡدَہٗ وَیَتَزَوَّجُ (فلان بن فلان نام مطلوبہ) اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر

س:۔ اگر سوال مرد و عورت سے متعلق ہو؟

ج:۔ توجواب دکہ عورت نیک سیرت وصالح ہے۔وہ ہر صورت میں اپنے شوہر کی قدر کریگی اور اس کی ہر بات مانے گی۔ اگر عورت مرد کے متعلق پوچھے۔ تو اس کو اسی مناسبت سے جواب دے۔

س:۔ اگر غلبہ سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ تیرے دشمن بہت قوی الاثر ہے۔اب تک وہ تمہارا نقصان نہیں چاہتے۔اگر وہ صلح کا کہیں تو ان سے صلح کرلو۔ صلح کرنے میں ہی بہتری ہے۔اگر صلح کا موقع نہ ملے۔ تو اس طلسم کو گھوڑے کی نعل پر لکھ کر آگ پر رکھ دے۔دشمن اس کے خود ہی آفت میں پھنس جائیں گے۔ اور تم پر ذرہ برابر بھی آنچ نہیں آئیگی اور غلبہ بھی تمہارا ہی ان پر رہیگا۔

ڡ۹۹۲۳ ط ح ااا۴ ۶۵۶ ل ااا۴۶۹۴ ااااااا ح ۵

س:۔ اگر مرض سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ مریض کو جن کی ہوا لگی ہے۔ علامت اس کی یہ ہے۔ کہ بعض اوقات پیٹ میں درد ہوجاتا ہے اور دیوانگی جیسی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ اس سے رعد جیسی آواز پیدا ہوتی ہے۔ جو کہ مریض کے ورثاء کو رلادیگی۔ وہ جن جائیگا۔ پھر آئیگا۔ بیماری ختم نہیں ہوگی۔ کبھی بھی عود کر آئیگی۔ مریض خواب میں ڈرتا رہیگا۔ مرض کا زیادہ زور سر کی طرف ہے اور مریض کا رنگ زرد ہوگیا ہے اس کا کامل علاج کرنا ہو تو کبوتر کا بچہ حلال کرے۔ مرچ سیاہ' رائی' سفید کیونی'

زعفران، لہسن کے سات دانے ملا کر روغن زیتون کے ساتھ پکائے۔ اگر کبوتر کا بچہ نہ ملے۔ تو نو عمر مینڈھا لیکر کبوتر والا عمل کرے اور مریض کو کھلائے۔ باقی خیرات کردے اور ذبح شدہ کبوتر کے پروں کو لیکر اس کی دھونی مریض کو دے۔ اگر مینڈھا ذبح کرے تو اس کے قدرے بال لیکر مریض کو دھونی دے۔ اس دھونی میں دریا کا پانی یعنی میل کائی سبز ملا کر جلائے۔ اور ذیل کے اسماء کا ایک فتیلہ لکھ کر اس کا دھواں بھی نجور کے ساتھ مریض کو دے۔ **طَرُوْس اَحْرُوْس هَرُوْسِهَا هَوِمَّا سَمَائِيْلُ كَبْرَطُوْس حَرُوْس هَوَوْلُهَاهَلُ سَلُ سَمَاس كَلَوَطُوس**

اس کے بعد اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ پھر کبھی بھی عارضہ میں مبتلا نہیں ہوگا۔

يَاسُلْحُوْثَا يَا سُلْحُوْثَا يَاسُلْحُوْثَا پھر سورۃ اخلاص معوذتین مع بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَبِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ يَااَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ وَاَكْرَمُ الْمُتَفَضِّلِيْنَ اَشْفِ عَبْدِكَ الْفَقِيْرِ (فلان بن فلان) نام مریض مع والدہ **اَنْتَ الشَّافِىْ وَالْمُعَافِىْ لَاشِفَاءُ وَكَ اَشْفَهُ شِفَاءً لَايُغَادِرُ سَقَمًا وَلَا الْمَاءِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَشِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ هُوَالَّذِيْ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَاءٌ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَيَشْفِيْنِ ○**

س:۔ اگر گمشدہ و گریختہ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ گریختہ و گمشدہ بخیر خیریت ہے اس کے پاس بہت مال ہے۔ خوشی میں ہے۔ عنقریب آئیگا۔ اگر بہت جلد واپس لانا مقصود تو اس طلسم کو لکھ کر ہوا میں لٹکائے۔ (فلاں بن فلاں جلد واپس آئے)

س:۔ اگر اپنے دشمنوں کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ توجواب دے کہ ان کے دفعیہ کے لئے ایک مشت خاک سفید پر سورۃ والعادیات اور سورۃ والعصر پڑھ کر دم کرکے دشمن کی طرف مارے بحکم خدا وہ سب لاچار واپس ہوں گے اور تم کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

ستارہ زحل برج جدی و دلو سے متعلق روحانی امراض کا علاج

س:۔ اگر گھر کے افراد سے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ اس کے گھر والے اور عزیز و اقارب بظاہر اس کے ساتھ صلہ رحمی کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ مگر باطن میں بہت زیادہ مخالف ہیں۔

س:۔ اگر چوری کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ ایک بد اخلاق کالے رنگ کا آدمی ہے اس کا پیٹ بڑا اور باہر کو نکلا ہوا ہے۔ صاحب مکر و حیلہ ہے۔ فریب کار ہے۔ بائیں بازو پر زخم یا کسی جلے ہوئے کا نشان ہے۔ جھوٹا اور بے شرم ہے۔ اس وقت اس نے چوری کئے ہوئے مال سے کافی برباد کر دیا ہے اور کافی موجود ہے۔ اگر صحیح طور پر اس کو قابو میں کرنا ہو۔ تو اس طلسم کو بروز ہفتہ ہوا میں لٹکا دے۔ تین دنوں کے اندر حاضر ہو کر اپنی غلطی کا اعتراف کریگا۔

وب س ۹ ع ۹ ع ال اہ س ری ط و ک اَلّذِیُ اُمُ حِیمَا صُمْ
ول س د ع ہ ال اہ س ی ط و ک ل ب ا ۴ ا صَمَّا اُجُو
۶۱۹ ۱۱۱ ۹۴ ط ۸ ل ۱۱۱ ۸

س:۔ اگر اپنے دشمن کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ جنگ و جدل کا امکان ہے اور دشمن بہت قوی الاثر ہے۔ اس کے دفعیہ اور ہر برے ارادے سے باز رکھنے کے لئے سورۃ اخلاص، سورۃ فلق، سورۃ ناس کو ایک مشت خاک سفید پر دم کر کے دشمن پر یا دشمن کی طرف پھینک دے۔ دشمن نقصان پہنچانے کی حالت میں نہیں رہیگا۔ بلکہ خود اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس جائیگا۔

س:۔ اگر گھر میں دفینہ کے متعلق سوال کرے؟

ج:۔ تو جواب دے کہ گھر میں سحر و جادو ہے اور سحر سائل کی موت یا ہلاکت کے لئے کیا گیا ہے اس کے علاوہ جو افراد اس گھر میں رہتے ہیں ان سب کو پریشان کرنے کے لئے تمام جادو کا عمل گھر میں دفن کیا گیا ہے تاکہ مختلف بیماریاں و پریشانیاں اُن کو تنگ کریں اور یہ سب گھر چھوڑ کر بھاگ جائیں۔ اس کے علاج کے لئے اس عزیمت کو کپڑے پر لکھے اور نہر یا پانی پینے والے مٹکوں کے نیچے دفن کردے۔ اس سے تمام جادو و سحر ختم ہو گا اور اگر جنات یا بھوت بھی ہوں گے۔ تو وہ بھی بھاگ جائینگے۔

س:۔ اگر سفر سے متعلق سوال کرے؟

جن افراد کو ذہنی مرض ہو۔ مثلاً کوئی بات کر کے بھول جانا یا مرض مرگی، مختلف قسم کے دورے، زخم یا زخمی حالت میں ہونا، نظر کی کمزوری اور جن کاموں کا شریعت نے منع کیا ہے۔ ان کاموں کا زندگی میں پایا جانا مثل جھوٹ، بے نمازی، دغا، فریب، شراب، زنا، جوا کے۔ ایسی حالت رکھنے والے افراد قطعی طور پر عمل ہمزاد نہ کریں۔ عمل کے دوران جائز مجامعت تو دور اپنی بیوی کے نزدیک بھی نہ جائے۔ لوگوں سے ملنا جلنا قطع تعلق کر لے۔ پرہیز جلالی و جمالی پر کاربند رہے روزانہ تازہ غسل کرے۔ اگر رات کو عمل کرے تو دن میں ۲۴ گھنٹے ہوتے ہیں۔ صرف ایک یا دو گھنٹے آرام کر لیا کرے۔ صوم و صلوۃ پر ہمیشہ ڈٹا رہے اور یہ ضرور یاد رکھے۔ کہ عمل کے دوران پڑھائی پڑھتے وقت اونگھ بھی نہ آنے پائے۔ عمل میں اونگھ آجانے سے عمل باطل ہو جاتا ہے۔ عمل کو یاد رکھنے کے علاوہ دوسرے تمام شک و شبہات کو اپنے دل میں بھی جگہ نہ دے۔ اپنے عمل کی حفاظت کا مکمل انتظام کرے۔ عمل کے دوران نہ تو کوئی ملنے آئے اور نہ ہی خود کسی سے ملنے جائے۔ دوران عمل کوئی عزیز یا رشتہ دار نہ ٹوکے اور نہ ہی گفتگو کرے۔ عمل کے دوران جن اشیاء کی ضرورت پڑتی ہے۔ وہ عمل سے پہلے ہی متعلقہ جگہ رکھ دے۔ عمل کے دوران کسی سے بھی حسد، بغض، غصہ، کینہ وغیرہ نہ رکھے اور نہ ہی ان کے متعلق سوچے۔ اگر سوچے گا۔ تو عمل باطل ہو گا۔ کیونکہ اس عمل میں یکسوئی کی اشد ضرورت ہے۔ اس طرح کے توہمات یا خیالات آنے یا لانے سے یکسوئی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ دوران عمل بغیر سلا ہوا کپڑا استعمال کرے۔ اگر مثل چڈی کے اپنی شرم گاہ کو ہی چھپا لے تو بہت بہتر ہے۔ عمل کرنے سے پہلے اور بعد میں جو سب سے بڑی رازداری کی بات ہے۔ اس عمل کے متعلق کسی بھی دوست و دیگر عزیز و اقارب کو کانوں کان خبر بھی نہیں ہونی چاہئے۔ ورنہ نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ نہایت ہی پر استقلال اور حوصلہ کے ساتھ اس عمل کو کرے۔ دوران عمل بعض اوقات ڈراونی قسم کی شکلیں بھی دکھائی دیتی ہیں۔ اس

کے علاوہ اور بہت سی عجیب عجیب باتیں رونما ہوتی ہیں۔ ان چیزوں سے نہ ڈرے اور نہ ہی گھبرائے۔ کیونکہ ان چیزوں کا حقیقت سے کوئی بھی تعلق واسطہ نہیں ہوتا۔ صرف روحانی طور پر اس طرح کی کیفیت بن جاتی ہے۔ کہ عامل اپنے عمل کو ترک کردے۔ یہی وقت یکسوئی' حوصلہ و بہادری کا ہوتا ہے۔ اس چیز پر سب سے زیادہ غور کرے۔ کہ میں عمل ہمزاد کر رہا ہوں۔ یا کرنے والا ہوں اور ضرور بر ضرور کرے۔ کہ میں عمل ہمزاد کو تسخیر و مسخر کر لونگا۔ یہی سوچ انسان کو ہر میدان میں کامیابی ضرور بخشتی ہے ان چیزوں کو پڑھ کر غور کرے۔ پھر پکا ذہن بنا کر عمل ہمزاد کرے۔ انشاء اللہ کامیاب ضرور ہوگا۔ ہمزاد کو تابع مطیع و فرمانبردار کرکے اسے خلق خدا کے کاموں میں لائے گا۔ تو زمانے کی کامیابیاں و کامرانیاں اس کے قدم چومیں گی۔ اگر ہمزاد کو تابع کرکے اس سے خلاف توقع و شریعت کام لیگا۔ تو اس کا ازالہ بہت منگے داموں عامل کو بھگتنا پڑیگا۔ مذکورہ کتاب میں جو ہدایات درج ہیں اور ان کا ضروری بھی قرار دیا ہے۔ تو صرف اس لئے کہ ہمزاد کو ہر انسان تسخیر و مسخر کر سکتا ہے۔ یہ کوئی عملیات سے ہٹ کر عمل نہیں اور ناممکن نام کی کوئی چیز نہیں۔ دنیا میں ہر چیز و ہر کام ناممکن نہیں۔ یہ انسان نے اپنی سوچ سے کسی کو ممکن اور کسی کو ناممکن خود بنایا ہے۔ لیکن محنت و صدق دل سے ہر کام کیا ہوا۔ کامیابی ضرور لاتا ہے۔ پھر ناممکن خود بخود ممکن ہو جاتا ہے۔

ہمزاد کی اقسام

ویسے تو ہمزاد کی اقسام بہت زیادہ ہیں۔ لیکن مذکورہ کتاب میں صرف چار طبائع پر منحصر ہمزاد کے متعلق بتایا جائیگا۔ کیونکہ تفصیل وار لکھنے سے کتاب کا حجم بڑھ جائیگا۔ یہ قدرت قانون ہے۔ کہ کوئی بھی ذی روح' آگ' مٹی' پانی' ہوا کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ ہر ذی روح ان چاروں عناصر کا محتاج ہے۔ اس طرح کئی اقسام سے ہٹ کر ہمزاد ان چار عناصر پر مشتمل ہوتا ہے۔

(1) آتشی ہمزاد :۔ کو تابع و مطیع کرنے کے لئے۔ چراغ جلا کر اپنی پشت پر رکھ کر سائے کی گردن پر نظر جما کر عزیمت یا کوئی اور شے پڑھتے ہیں۔ یا دھوپ کے سائے میں کھڑے ہو کر پڑھتے ہیں۔ لیکن دھوپ میں عمل کرنے کے لئے۔ اس بات کا خاص خیال رکھے۔ کہ

کوئی اور سایہ درمیان میں خلل پیدا نہ کرے۔

(2) بادی ہمزاد :- بادی ہمزاد کو مطیع و فرمانبردار کرنے کے لئے۔ ایک علیحدہ کھلے میدان میں جاتے ہیں۔ جہاں کسی اور انسان یا دوسروں کی گزرگاہ نہ ہو۔ جو عزیمت پڑھنا ہوتی ہے۔ وہ پڑھ کر سایہ پر سے نظر اٹھا کر آسمان کی طرف نظر کرتے ہیں۔

(3) آبی ہمزاد :- آبی ہمزاد کو مطیع و فرمانبردار کرنے کے لئے۔ پانی میں کھڑے ہو کر عمل کرتے ہیں۔ اگر نہر یا دریا میں نہ جا سکے۔ تو آبادی سے دور کہیں علیحدہ عمل کرنے کے لئے ٹب یا کسی گہری چیز میں اتنا پانی لے۔ جس میں باسانی کھڑا ہو اور ناف کے نیچے پانی رہے۔ پھر متعلقہ دن و مدت تک عزیمت پڑھتے ہیں۔

(4) خاکی ہمزاد :- خاکی ہمزاد کو مطیع و فرمانبردار کرنے کے لئے۔ آبادی سے دور علیحدہ کسی جگہ پر مٹی سے لیپ کرے۔ پھر اس کے اوپر بیٹھ کر عمل پڑھے۔ ان تمام ہمزاد کی قسموں کو اس لئے درج کیا گیا ہے۔ کہ مزاج' عنصر' طبائع سے ہر انسان کا گہرا تعلق ہے۔ ہر انسان کا مختلف مزاج و عنصر ہوتا ہے۔ اس لئے جو طریقہ آگے درج ہو گا۔ اس کے مطابق عمل منتخب کر کے عمل کرے۔ انشاء اللہ ضرور بر ضرور کامیابی ہو گی۔

آتشی ہمزاد

جن افراد کے ناموں کی ابتداء ا' ف' ش' م' ط' ز' ھ' سے ہو۔ آتشی ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کر سکتے ہیں۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل پرہیز ہو گا۔ صرف چنے استعمال کرے۔ بلکہ روزہ رکھے۔ چنوں سے ہی سحری و افطاری کرے۔ خوشبو عطر و مشک استعمال کرے۔ ۲۱ دنوں کے چلے کی نیت عمل ہمزاد کرے۔ اور جتنی دھاتیں باسانی مل سکیں۔ ان کو ملا کر ایسا چراغ تیار کروائے۔ جس میں آسانی سے آدھ کلو تیل آ سکے۔ اور موٹی سی روئی کی بتی بنا کر جلائے۔ چراغ کو اپنی پشت پر رکھے۔ اور گردن کی جگہ پر نظر جما کر بعد نماز مغرب اس عمل کو (۳۶۳۲) مرتبہ پڑھے۔ ۲۱ دنوں کے اندر اندر ہمزاد حاضر ہو گا۔

اُوْرُو ثَارِیْ کَصَاصَاتِ کَشْبُنْرُ طَوُرْ بَاشِیَاثَا ھَلُو یَسَاقَا

قَبْقِی کَبُوکَرَااُدْفِیَایَا قَومِ ہَمْزَادِ خَوَیْش ہَمْزَاد حَاضَرْ شُو
حَاضَر حَاضَر شُو

بادی ہمزاد

جن افراد کے ناموں کی ابتداء و' ب' ص' ن' ت' ض' ی سے ہو۔ وہ افراد عمل ہمزاد بادی کریں۔ عنصر و مزاج کے لحاظ سے ہمزاد مطیع و فرمانبردار ہو گا۔ لیکن اس عمل میں چراغ استعمال نہیں ہو گا۔ بلکہ عامل علیحدہ کھلے میدان میں چلا جائے۔ اور عمل پڑھتے ہوئے۔ ہر ایک ہزار کے بعد آسمان کی طرف دیکھے۔ کیونکہ بادی ہمزاد کی تسخیر کے لئے ہمزاد آسمان سے نیچے اترتا ہے۔ ۲۱ دنوں کے چلے کی نیت تسخیر ہمزاد کرے۔ اور پرہیز جلالی و جمالی پر مکمل کار بند رہتے ہوئے۔ صرف چنے استعمال کرے۔ ۲۱ دنوں کے اندر ہمزاد حاضر ہو گا۔ فجر کی نماز سے پہلے اور عشاء کی نماز کے بعد اس عمل کو (۷۷۳۱) مرتبہ پڑھے۔

اُشُرَاغَاتُ رِنیْلَاتَالَاشْ تَاھَانُورَاشْ کَطُوَاطُلُبَاشْ
دُرْغَاطَابَاتُ دُرْغَاخَوَیْش کَنَاھُو نُورْ شَایَا قَومِ ہَمْزَادِ
خَوَیْش ہَمْزَاد حَاضَرْ شُو حَاضَرْ شُو

آبی ہمزاد

جن افراد کے ناموں کی ابتداء ج' س' ق' ث' ظ' ک' ز سے ہو۔ وہ حضرات اپنے متعلقہ سر حرف اسم کے نام کے مطابق عنصر و مزاج کا لحاظ رکھتے ہوئے عمل کرے۔ اس عمل میں نہ چراغ استعمال ہو گا۔ اور نہ ہی کھلے میدان میں جانا ہو گا۔ بلکہ اس عمل کو دریا' ندی' یا نہر کے کنارے اتنا پانی کے اندر چلا جائے۔ کہ صرف ناف سے نیچے کا دھڑ پانی کے اندر رہے۔ بازوؤں والے حصے کو پانی سے باہر رکھے۔ یا اگر ندی' دریا' یا نہر نہ مل سکتی ہو۔ تو آبادی سے دور چلا جائے۔ کہ کسی انسان کی آواز کان میں نہ پڑے۔ اور اتنا بڑا برتن حاصل کر لے۔ جس میں وہ با آسانی جتنا بتایا گیا ہے۔ اتنا کر سکے تو یہ طریقہ بھی ٹھیک ہے۔ اس عمل کو بھی مغرب کی نماز کے بعد پڑھے۔ اور ۲۱ دنوں کے چلے کی نیت

کرے۔۲۱روز تک اس عمل کو(۲۵۲۶) مرتبہ پڑھے۔

اَھُوَاھِیُر وَرُطِی ھِیمطِیُشَاتَا رَھِیطُو طُو سَمِیسطُوقَا مُوطھَاتِی یَا قَوِم ھُمَزَاد خَوِیش ھُمَزَاد حَاضَر شُو حَاضَر شُو حَاضَر شُو۔

خاکی ہمزاد

جن افراد کے ناموں کی ابتداء ع' ل' ر' خ' غ' ح' د' سے ہو۔ وہ علیحدہ کسی حجرے میں پاک مٹی حاصل کر کے لیپ پوت کرے۔ جہاں عمل کرنے کا ارادہ ہو۔ اس عمل میں نہ چراغ جلایا جاتا ہے۔ نہ باہر جایا جاتا ہے۔ اور نہ ہی پانی میں کھڑے ہوتے ہیں۔ جو مٹی حاصل کی ہوتی ہے۔ اسکے اوپر بیٹھ کر ۲۱ دنوں کے چلے کی نیت کرے۔ اور بعد نماز عشاء عمل کو ۲۱ دنوں تک (۲۹۲۴) مرتبہ پڑھے۔ ۲۱ دنوں کے اندر اندر ہمزاد حاضر ہو گا۔

دَھُنَاھِی مَالَا مَالَاثِیَا تَبُولَا رِکُیشَیَا طَاھُلَا طَافُوطُوشَ مَھلِیُستَا مَامَا اَمُبَطِی طُوِیَا قَوِم ھُمَزَادِ حَاضَر شُو خَوِیش ھُمَزَاد حَاضَر شُو حَاضَر شُو

تسخیر ہمزاد نورانی عمل اول

یہ عملیات تسخیرات ہمزاد نورانی ہیں۔ ان عملیات میں پرہیز کرتے ہوئے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق عمل میں لائے۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ اور چلے کی نیت ۴۱ دنوں کی ہوگی۔ پھر ایک چراغ لے اور اس میں بتی کے اندر فتیلہ لکھ کر جلائے۔ اور چراغ کو پشت پر رکھ کر گردن کی جگہ پر نظر جما کر پڑھے۔

اس عمل کو بعد نماز عشاء (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔

اَلَمْ تَرَاِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْهِ دَلِیْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَیْنَا قَبْضًا

يَسِيْرًا سورۃ فرقان ۱۹ زیر و زبر قرآن سے دیکھ کر درست کرلے۔ اور روئی میں رکھ کر جلانے والا فتیلہ **جمہروت جمہرات یا ابلیس الاسماء والارض والناروا سقرالی یوم القیمتہ احضرا احضرا احضرا یا هویش همزاد العجل العجل العجل الساعتہ الساعتہ الوحا الوحا الوحا۔**

عمل دوم

یہ عمل بھی ۱۴۱ دنوں کا ہے۔ اور آبی ہے۔ جن حضرات کا تعلق بروج و کواکب کے لحاظ سے آبی ہو۔ وہ حضرات بہت جلد سے جلد ہمزاد پر قابو پا سکتے ہیں۔ سب سے پہلے سورت یس میں ایک آیت ہے۔

ونفخ فی الصور سے محضرون تک۔ اتنا زبانی حفظ کرلے۔ پھر علیحدہ ندی یا دریا میں بتائے ہوئے طریقے کے مطابق پڑھے۔ اگر علیحدہ دریا یا نہر نہ ملے۔ تو چمڑے کے علاوہ کسی پلاسٹک یا لوہے کا بڑا سا برتن حاصل کر کے عمل کرے۔ جو زبانی حفظ کیا ہو۔ اسے روزانہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل دن کو کرنا ہوگا۔ اور ۱۲ راتوں کی نیت کرے۔ دوران عمل ہر سو کی تعداد پڑھنے کے بعد اس کو سو مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا اَعْظَمُ فَاِنَّهُ يُدِلُّ يَقَاهِرُوْ الْاٰيَاتِ اَنْصُرْنَا يَا قَوْمِ هَمْزَادِ اُحْضُرُوْا خَوِيْش هَمْزَاد

عمل سوم

اس قرآنی آیت کو (۳۰۷۱) کی تعداد سے روزانہ ۴۱ دنوں تک پڑھے۔ چراغ کو اپنی پشت پر رکھے۔ اور اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر پڑھے۔ آتشی طالع رکھنے والے افراد بہت جلد ہمزاد کو قابو کر سکتے ہیں۔ پڑھنے والی آیت (قُلْ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ) فتیلے کے طور پر جلانے کے لئے۔ اس کو روئی میں لپیٹ کر جلائے۔

(یَا بُدُّوحُ تَبْدُو مِنَ الْبُدُّوحِ فِی الْبُدُّوحِ بُدُّوحِکَ یَا بُدُّوحُ اُحْضُرُ اُحْضُرُ اُحْضُرُ خَوَیْش ہَمْزَاد وَبِحَقِّ مُدقَائِیلُ) ٭

عمل چہارم

یہ عمل ۴۱ دنوں کا ہے جو نقش آگے درج ہو گا۔ روزانہ ۴۱ عدد مشک، زعفران و گلاب سے لکھے۔ اور آٹے میں گولیاں بنا کر ڈالے۔ اور یاد رہے۔ جہاں نقش کو ڈالے۔ وہاں مچھلیوں کا پایا جانا شرط ہے۔ اگر تالاب، دریا یا نہر میں مچھلیاں موجود نہ ہوں۔ تو عمل مکمل نہیں ہو گا۔ یا رجعت واقع ہو گی۔ تعویذ پانی میں ڈالتے ہوئے یا عزیمت پڑھتے ہوئے کسی سے گفتگو نہ کرے۔ اور اپنا کام ختم کر کے گھر لوٹ آئے اور واپس پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھے۔ اب اس عزیمت کو نقش کو پانی میں ڈالنے کے بعد وہی کنارے پر کھڑے ہو کر (۱۷۶۴) مرتبہ پڑھے۔

وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا قَومِ ہَمْزَادِ خَوَیْش ہَمْزَاد اُحْضُرُوْا وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ

سلہ	سلہ	سلہ	سلہ	سلہ	سلہ
	E قلہ	E قلہ	E قلہ	E قلہ	
	E قلہ	E قلہ	E قلہ	E قلہ	
سلہ	سلہ	سلہ	سلہ	سلہ	سلہ

عمل پنجم

اس عمل کو روزانہ ۲۱ دنوں تک علیحدہ پاک و صاف کمرے میں پڑھے۔ ۲۱ دنوں تک کے لئے۔ ۲۱ عدد نئے چراغ لائے۔ روزانہ نیا چراغ استعمال کرے اور استعمال شدہ چراغ کو بحفاظت سنبھال کر رکھ دے۔ چراغ میں صرف سرسوں کا تیل استعمال کرے اور چراغ کو پشت پر رکھ کر بتائے ہوئے طریقہ کار کو سمجھے۔ خود زمین پر بیٹھے اور عزیمت کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر وہی سو جائے۔ ۲۱ دنوں کے اندر ہمزاد حاضر ہو کر تابعداری قبول کریگا۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَا الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَانُ بِنْ دَائُودْ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَاضِرْ شُوْ يَا قَوْمِ هَمْزَادُ اُحْضُرُوْا خُوَيْشْ هَمْزَادْ وَبِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ عمل کو عشاء کی نماز کے بعد اپنی سہولت دیکھ کر وقت مقرر کرلے۔

مسلط ہمزاد

اگر خدانخواستہ ہمزاد تسخیر و مسخر ہونے کی بجائے۔ الٹا عامل پر مسلط ہو جائے۔ یا عمل میں رجعت ہو جائے اور خاص عمل ہمزاد میں اپنی کوتاہی و غلطی کے سبب عمل غلط کر بیٹھے۔ تو علاج کے طور پر اور عامل پر مسلط ہمزاد کا پیچھا چھڑوانے کے لئے سات دن تک علیحدہ پاک و صاف کمرے میں جو کہ خوشبو سے معطر ہو۔ اس کمرے میں اس امر کی نیت کرے۔ کہ میں نے عمل ہمزاد شروع کیا تھا۔ اب میری ہی غلطی و کوتاہی کی وجہ سے مجھے ہر طرح کے نقصان سے دو چار ہونا پڑا۔ اس لئے میں توبہ کرتا ہوں۔ اللہ مجھے معاف کرے اور مجھے اس تکلیف و نقصان جس میں پھنس چکا ہوں۔ اللہ مجھے نجات کے ساتھ فتح و نصرت عطا فرمائے۔ پھر حسب توفیق شرینی لائے۔ اس پر عزیمت کو (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ بلکہ افضل و اکمل طریقہ کار یہی ہے۔ کہ عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق عزیمت پڑھے۔ اور شرینی کے ساتھ تازے پھول یا ہار بھی منگوالے۔ پھر یہ عزیمت پڑھے۔ لاالہ

کی کوٹھڑی الا اللہ کی کھائی چھوٹے عمل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دھائی، ہم سے چھوٹے جگ سے چھوٹے سب پیغمبروں کی دھائی وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اس عزیمت کو عصر کی نماز کے بعد پڑھے۔ اگر ڈر کی وجہ سے خود نہ پڑھ سکتا ہو یا بیہوش رہتا ہو۔ یا دورے کی کیفیت میں رہتا ہو۔ تو کوئی بھی اس عمل کو کر سکتا ہے۔ اس کے بعد شرینی، پھول پر متعلقہ عزیمت پڑھ کر دم کرے اور دریا میں ڈال دے۔ اور مسلسل سات روز تک اسی عمل کو دھراتا رہے۔ پھر آٹھویں دن حسب توفیق مٹھائی، شرینی و پھولوں کے ہار لا کر تمام پیغمبروں شہدا، صالحین و اولیاء اللہ کی نیت سے نیاز کے طور پر تمام اشیاء بچوں و غریبوں میں تقسیم کر دے۔ اس کے بعد نانویں دن سے لیکر اگلے مہینے کے نانویں دن تک اس نقش کو تین مرتبہ سعد ساعت میں لکھے۔ پھر ایک نقش سیدھے بازو پر دوسرا نقش الٹی بازو پر اور تیسرا نقش گلے میں باندھ لے۔ پھر روزانہ متعلقہ دن تک مشک و زعفران سے نقش تازہ لکھ کر طشتری یا پاک کاغذ پر پیتا رہے۔ انشاء اللہ یہ عمل کرنے سے ہر طرح کا مسلط ہمزاد پیچھا چھوڑ دیگا اس کے علاوہ اگر کسی اور عمل میں بھی رجعت ہو جائے تو یہی عمل کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ نماز و روزہ اور دوسرے دینی کاموں پر ڈٹا رہے اور ہر وقت توبہ و استغفار کرتا رہے۔

فلاں بن فلاں سے مسلط ہمزاد دفع شود دفع شود دفع شود
وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ

دعوت مندرہ شریف

کامل

یہاں جو مندرہ میں درج کر رہا ہوں۔ اب تک دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہو گا۔ اور نہ ہی تمام عملیات و تعویذات ہوں گے۔ کیونکہ کامل پیر و مرشد یہ چیزیں اپنی مرضی سے بتاتے ہیں۔ درج نہ کرتے ہیں اور نہ ہی کرواتے ہیں۔ یہ سینہ بہ سینہ عمل چلتا ہے۔ جس شخص نے بھی اپنی زندگی میں دعوت مندرہ پڑھی ہو۔ اس کو ماسوئی اللہ دنیا کی کوئی بھی طاقت خائف نہیں کر سکتی۔ کسی بھی زہرزدہ کو ایک دم کرے۔ تو زہر بدن سے فوراً کافور ہو۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے جنات 'آسیب' نظر بد' جادو ٹونہ 'کالے علم' سفلی علم کی کاٹ کا ایسا عامل بنتا ہے۔ کہ کوئی اس کے عامل کی کاٹ کو جوڑ نہیں سکتا۔ دنیا کا ہر شخص اس کے عامل کے مطیع و فرمانبردار رہتا ہے اور عملیاتی میدان میں مندرے کے عامل کا کوئی بھی مقابلہ نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی طاقت اس کا نقصان کر سکتی ہے۔ چلہ کبیر کرنے کے لئے پہلے اپنے گرد حصار کرے اور ۴۱ دنوں تک روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر چلہ کبیر پورا کر لے۔ پھر مندرہ کا مزہ لے کالے علم و ہر کسی علم و عمل کو باندھ دے۔ چھ سے چھتیس راگ و راگنی باندھ دے۔ جنات کو مطیع و فرمانبردار کرے یا قید کرے۔ اس کا عامل عملیات کی دنیا کا بادشاہ ہے۔ اگر چلہ کبیر نہ کر سکتا ہو۔ تو زکات صغیر کے طور پر روزانہ جنگل و بیابان جگہ پر چلا جائے اور ۴۱ دن تک بعد نماز عشاء ۴۱ مرتبہ ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر پڑھے۔ عامل ہو گا لیکن کسی دوسرے کو اجازت نہیں دے سکے گا۔ دعوت چاہے کبیر دے یا صغیر عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ بعد نماز عشاء ۴۱ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ عمل رواں و قابو میں رہیگا۔

مندرہ کامل

مردان شاہ علی ضرب زور سے لگا۔ گئے بات پر سوار ہوئے آپ شہنشاہ کردا چڑت مدینیوں شاہ علی مردان۔ اللہ لاالہ کو پڑھاں پیر مرتضیٰ پوندا اندر فقر دے شاہ علی مردان۔ سنجو اللہ کی اتاں آپ لئی لگا

مردان اوپر حق دے حضرت شاہ علی۔ چوتھا یار رسول دا سی برحق ولی
جو سن حضرت علی ول جاتا حق علی۔ اپنے دل دی ڈھونڈ وچ سی برحق ولی
اندر عرب عراق دے رہیا شیرخدا۔ التحیات للہ کی ڈھال ہوئی عطا
بیٹھا اوپر تخت دے شاہ علی مردان۔ الم ترکیف فعل ربک شمشیر لئی لگا
ابوطالب دے گھر جمیا علی شیرخدا۔ لایلاف قریش کی کٹار سان لگا
آیتاں حضرتؑ دے حق وچ بہت پچھان۔ قل ھواللہ احد کا نیزہ دست میں پکڑا
فتح پاون وچ نہروان حضرت شاہ علی۔ قل اعوذبرب الناس کی کمان ہے صفا
دے ڈھنڈورا آکھدا اندر گلی گلی۔ یاایھاالمزمل ترکش میں تیرپاء
اوہ شیرخدا دا ڈاڈا وچ جہاں۔ والتین والزیتون کا گرز آپ کی الا
اوس جیاںہ جگ دے اندر ہے مردان۔ کمر باندھ کر مومن طیار ہو کھڑا
خیبر مار گوایا کیتا کفر زبون۔ ان لاالہ کو پڑھکر جبرائیل کو بلا
پھمن مار گوایا پسم جیا ھردن۔ ماوزرا الا انت میکائیل بھی تھا
عرب عجم وچ نا کوئی اوس جیا مردان۔ سبحانک اسرافیل جلدی سے پھیرایا
تیرے نال اڈنیا خیبردالقمان۔ انی کنت عزرائیل یا علی ولی دم دھا
قوت چودہ طبق دی جس دے وچ کمال۔ من الظالمین یا کلکائیل یا تکفیل آ
خطبہ پڑھدا جمعہ دا ممبر شیرخدا۔ محمد جی اسم اعظم پڑھ کر پشت میں ہوا تھا
حکم خدا رسول دے کردا کل ادا۔ علی ولی سب نبیوں کا یار تھا۔
سن تو شاہ حسین ہے عالم دا بادشاہ بیٹا حضرت علی دا دنیا دین پناہ
پیارا نبی ﷺ کریم دا فاطمہ دا فرزند۔ وچ جنات الہ دی جو ہے قدر بلند
کہندا حسن حسین پیرشاہ علی۔ جاؤ روضے نبیا ﷺ دے اندر دوویں ولی
جاندے روضے نبی ﷺ دے شہزادے حسن حسین۔ جگر پیارے نبی ﷺ دے دونویں نوراعین
والذی جسدے حق وچ آیت دیکھ قرآن۔ واتقواللہ ورضو دوجی آیت جان
من یطع اللہ داناں دے حق وچ آیت آ۔ واذجاء ک دیکھ لے آیت ہور جدا
صفت ثناء الہ نوں قدر بے پرواہ۔ بعد دورد رسول ﷺ نوں عالم دا ہے شاہ

خواج خضر آئے ہیں جو بحروں کے ملاح۔ آدم تھے نبی نوح ذکر شیس کا بھی تھا
یعقوب تے ادریس حضرت یوسف بھی نال تھا۔ موسیٰ توریت شتر میں عصاء کو پکڑا
عیسیٰ انجیل نال لائے حضرت یونس بھی نال تھا۔ چڑھے ہیں سب مرسل محمد [illegible] کا علم تھا
دلدل پر سوار ہوئے آپ شاہ لافتی۔ کفروں کے بل ست ہوئے رستم بھی ساتھ تھا۔
محمود دیو کو قید کیا جو تھا جنوں کا بادشاہ۔ چہل کاف پڑھے تاں دور ہوئی بلاء
کالا علم پکڑ باندھ چلی منھ کو پکڑا لا۔ وہ سر کو کیا قید جو لنکا میں رہتا تھا۔
بارہ امام نال کے حضرت الیاس چڑھا تھا۔ جوگی اسماعیل رام چندر کو قید کردیا
دھنت بھیم سین میسر ماھو کو پکڑا لا۔ لونا چماری کالکاں پکڑ دھرت میں دبا
جو اللہ کو نہ مانے اس کو مار دھا۔ نانک تے مردانہ پکڑ دیویاں کولا
نارو کو سبھی جوگناں کل کو زنجیر زندان پا۔ سپاں کی زہر قبض کر بچھو کی طرف جا
سب پری، جن، بھوت، چڑیلوں کو باندھ لا۔ سایہ جو بے باندھ کر خود لا
جو غیبوں میں ہزار جڑیاں ایک پل میں ہٹا۔ سٹین چندرا فریادی پھوک سے ہٹا
بھیروں سب کو قید کردیا۔ چھ راگ چھتی راگنی حضور میں بلاء
جنتر کی تاربن سبھی نارتھیں ہٹا۔ جادو مسان کیل سب جڑیاں کولا
کالے علم نوں بن سبھی تتھمر نوں پیچ پاؤ۔ جادو جل نوں وی مڑیاں دی خاک پا
باشک دی دس بن زور گھگے والا۔ کھیل سارے کھیل بن مداریوں مدار دا
جنید پیرتاپ سبھی کیتا قید۔ پھن اس دا پکڑ بن ڈنگ ساری چیز دا
سلیمان بیٹھا تخت سب پریاں ول آ۔ دیو، جن، بھوت، پری، سب چڑیلاں نوں بن آ
سائے میں سب کو باندھ جو گئے بات میں رہا۔ نظر اور بٹار اک پلک میں ہٹا
بیماری سب دفع کرو ورد کرو بسم اللہ۔ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ
غوث الاعظم جگدی اندر میرا پیر۔ بمت غلام جناب دے شاہ امیر وزیر
مشکل جس نوں ہوندی اندر ایس جہاں۔ زنداں کردا مردیاں سید محی الدین
پیر پیراندان پیر ہے جگ دے وچ متین۔ مدد میری پیر بادشاہ دستگیر
بندوق اور توپ سبھی باندھ دے کلا۔ نیزہ اور تلوار گرز سب باندھوں کو باندھ لا

ہتھیار جو زمین میں رہا۔ نعرہ مار حق مولا مشکل کشاء کا
لَافَتیٰ اِلَّاعَلِی سَیْفُ ذُوْالفقار

دعوت تبع تابعین موکلات

یاد رہے ابھی تک واضح طور پر موکلات کو تابع و مطیع فرمانبردار کرنے کے متعلق دلیلانہ طور پر نہیں لکھا گیا۔ جیسا کہ پہلے واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ یہ چیزیں سینہ بہ سینہ چلتی ہیں۔ اس لئے موکلات کو مطیع کرنے کا صحیح و ٹھیک طریقہ درج کرتا ہوں۔ موکل کو تابع و مطیع کرنا اسی صورت میں ممکن ہے۔ جب انسان اپنے اندر کامل یکسوئی و طاقت رکھے۔ نہ کہ الٹا ڈرتا رہے۔ ڈرنے والے اشخاص عملیات تو دور دنیا میں بھی کہیں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ موکل سے زیادہ خطرناک ہمارا ہم جنس انسان ہے۔ جس سے ہم روزانہ دکھوں و مصیبتوں کا شکار ہوتے رہتے ہیں۔ انسان ہی انسان کو قتل کر رہا ہے۔ کوئی موکل آ کر انسان کو نہیں آ گھیرتا انسان خود اپنے ہی طریقوں و اصولوں سے دنیاداری کے کاموں میں کہیں نفع اور کہیں نقصان کما رہا ہے۔ موکلات کے سلسلے میں سب سے پہلے ہمت باندھے۔ پھر مذکورہ طریقہ مجوزہ کو عمل میں لائے۔ عمل کوئی بھی ہو۔ پرہیز سب میں ہوتا ہے۔ اس لئے پرہیز جلالی و جمالی کرے۔ پھر صاف ستھرے حجرے میں فضاء کو خوشبو سے معطر کرے۔ سفید لباس پہنے اور عطر سے معطر کرے۔ جو لباس پہنے شروع سے آخر تک وہی لباس استعمال کرے۔ اور جہاں پر عمل پڑھے اور جس مصلے کو استعمال کرے۔ وہی پر سوئے۔ پھر اپنے سر حرف اسم کے مطابق مذکور طریقہ مجوزہ کو (۱۲۵۰۰۰) سوا لاکھ مرتبہ ۴۱ دنوں میں پڑھ کر ختم کرلے۔ اگر ۴۱ دن میں بھی موکل حاضر نہ ہوا۔ تو عمل میں کوئی نقص نہیں ہے۔ پھر اپنے آپ کو دیکھے۔ کہ کوئی خامی تو نہیں رہ گئی۔ بعض اوقات موکل عمل شروع کرنے کے تیسرے ہی دن حاضر ہو جاتا ہے اور میرے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق اگر عمل کرے۔ تو ۴۱ دن سے زیادہ ایک گھنٹہ بھی نہیں بڑھتا اور حاضر ہو جاتا ہے۔ یہ تمام موکلات روحانیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لئے خلاف شرع کام نہ کرے۔ نہ خود کرے اور نہ ہی کسی کو کرنے دے۔ صوم و صلوۃ کا ہمیشہ پابند رہے۔ جب موکل حاضر ہوتا ہے تو جب عامل اپنے اس عمل کی ابتداء کرتا ہے۔ تو عمل کے

دوران ہی عامل جو بھی پڑھتا ہے وہ ایک نور کی شکل میں ہوا میں اڑتا ہوا۔ دائرہ موکلات یعنی (ملیطرون) کے سامنے حاضر ہو جاتا ہے اور موکلات کے سردار حضرت سید ناجرائیل علیہ السلام اس عمل کے متعلقہ موکل کو اس شخص کے تابع و مطیع کرتے ہیں۔ جس کا نور ان کے دئرے تک پہنچتا ہے اور نور تک نور پہنچانے کے لئے۔ پہلے خود نور بننا پڑتا ہے۔ اپنے اچھے اخلاق و افعال اور پرہیزگاری والا طریقہ اس مانند نور کو چمکاتا ہے۔ جیسے ایک جنگل ہے۔ ویرانہ و گھپ اندھیرا اور دور سے ایک چمکدار شے نمودار ہو اور یہی چمکدار شے اس وقت اندھیرے و گھپ اندھیرے کا احساس نہیں دلاتی۔ بلکہ چمکدار شے خود توجہ کا مرکز بن جاتی ہے۔ اسی طرح عامل جب اپنا عمل پڑھتا ہے۔ تو موکلات کے سامنے اک وہی توجہ کا مرکز ہوتا ہے اور موکل روحانی افعال کے پسندیدہ اعمال سے عامل کے پاس حاضر ہوتا ہے اور عامل کا گرویدہ و مطیع اس کے کردار سے بنتا ہے۔ جس طرح تمام انسانوں کی فطرت ہے کہ دوستی کرنے سے پہلے آزماتے ہیں یا دوستی کرنے کے بعد آزماتے ہیں۔ وہ دونوں جو آزمائش پر پورا اترتے ہیں۔ اگر ایک دوسرے کی عادتوں پر بھروسہ د اعتبار کرتے رہینگے تو دونوں کامیاب د پر زندگی گزارینگے۔ اور اگر دھوکہ دہی سے کام لینگے۔ تو دونوں کی ہی زندگی عذاب بن جائیگی۔ اسی طرح یہ انسان کی ایک روحانی فرشتہ سے دوستی اور قول و اقرار کا عمل ہے۔ چونکہ فرشتہ روحانیت رکھتا ہے اور نفسانی خواہشات سے پاک ہوتا ہے۔ اس لئے ایسی مخلوق سے رشتہ جوڑنے کے لئے اس طرح کا پہلے خود بننا پڑیگا۔ پھر رشتہ جوڑا جائیگا۔ موکل کو تابع و مطیع کرنا ایسا ہے جیسے کسی شے کو دیکھا ہی نہیں لیکن اگر سامنے آئے تو کس طریقہ سے مطیع و فرمانبردار کیا جائے۔ موکل کی دوستی و قرابت حاصل کرنے کے لئے۔ پہلے اپنے آپ کو ظاہری و باطنی طور پر صاف کرے۔ اگر گندگی و نفسانیت دل و دماغ میں رکھ کر موکل کا عمل کریگا۔ تو ضرور الٹ جائیگا۔ اور ایسے کیفر کردار تک پہنچ جائیگا۔ کہ جہاں سی واپس لانا ایک انسان کے بس کی بات نہیں۔

دعوت طریقہ مجموع تبع تابعین موکلات

اسمائے الٰہی و حروف ابجد کے ذریعے موکلات کو اپنے قابو میں کرنے اور ان پر حکم چلانے کے لئے۔ اچھی طرح پہلے بتائی ہوئی باتوں کا علم حاصل کرے۔ مثلاً پرہیز، طہارت،

بخورات' متعلقہ آغاز و اختتام دن کا خیال رکھے۔ پھر عمل شروع کرے۔ تمام تر شرائط کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے۔ اپنے ہر حرف اسم کے مطابق عمل کرے۔ مثلاً میرا نام علی ہے۔ میں اَجِبْ یَا لُومَائِیْلُ یَا عَائِیْلُ بِحَقِّ عَیْن یَا عَیْن یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبَ شَیْئٌ مِنْ حِفْظِہٖ یَا عَالِمُ پڑھونگا۔ یہ ضرور یاد رکھے کہ تمام موکلات روحانی ہیں۔ یہ شرع کے خلاف کام نہیں کرتے۔ اس لئے عامل کو بھی چاہئے۔ کہ دعوت دیتے وقت یہ نہ سوچے کہ موکل مجھ ڈرائے دھمکائے گا۔ موکل صرف اسے ڈرائے گا۔ جس کے دل میں کھوٹ ہوگا۔ یا وہ جس کو اپنا نفس قابو میں نہیں کرنا آتا۔ ظاہری و باطنی طور پر اپنے اپ کو پرہیز گار بنائے اور سوالاکھ کی تعداد ۴۱ دنوں میں پوری کردے۔ آگے اللہ تبارک و تعالیٰ مسبب الاسباب ہے۔ موقع کی مناسبت سے موکل کے ساتھ عہد و پیمان کی شرطین پہلے رکھ لے۔ پھر بعد میں نہ بدلے۔

(الف) اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا آئِیْلُ بِحَقِّ اَلْف یَا اَلْف یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ

(ب) اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا بَائِیْلُ بِحَقِّ بَا یَا بَا یَا بَارُّ فَلَا شَیْئٌ کُفُوُہٗ یُدَانِیْہِ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِہٖ یَا بَارُّ

(ج) اَجِبْ یَا کَلْکَائِیْلُ یَا جَائِیْلُ بِحَقِّ جِیْم یَا جِیْم یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَنْ کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ

(د) اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا دَائِیْلُ بِحَقِّ دَالُ یَا دَال یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا دَائِمُ

(ھ) اَجِبْ یَا دُوْرِیَائِیْلُ یَا ھَائِیْلُ بِحَقِّ ھَا یَا ھَا یَا ھَادِیُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْدِیْ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِہٖ عَظَمَتِہٖ یَا ھَادِیُ

(و) اَجِبْ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا وَائِیْلُ بِحَقِّ وَائو یَا وَائو یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَاٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ

(ز) اَجِبْ یَا شَرْفَائِیْلُ یَا زَائِیْلُ بِحَقِّ زَا یَا زَا یَا زَاکِیُّ

اَلطَّاہِرُ مِنْ کُلِّ آفَتِہٖ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیْ تَّی زَکِی

(ح) اَجِبْ تَنْکَفِیْلُ یَا حَائِیْلُ بِحَقِّ حَایَا حَایَا حَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِی دِیْمُوْمَتِہٖ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ

(ط) اَجِبْ یَا اَسْمَائِیْلُ یَا طَائِیْلُ بِحَقِّ طَایَا طَایَا طَاہِرُ مُطَہَّرًا الْمُطَہِّرُ النُّفُوْسِ مِنَ الرِّجْسِ وَالذَّنْبِ وَالْجَوْرِ وَالْکُرُبَتِہٖ یَا طَاہِرُ

(ی) اَجِبْ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ یَا یَائِیْلُ بِحَقِّ یَایَا یَایَا یُحْیِی وَیُمِیْتُ وَھُوَحَیٌّ لَایَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا یَا یُمِیْتُ

(ک) اَجِبْ یَا حَرُوزَائِیْلُ یَا کَائِیْلُ بِحَقِّ کَافْ یَا کَافْ یَا کَافِیُّ الْمُوسِعُ لِمَا خُلِقَ لَہُ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُّ

(ل) اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ یَا لَائِیْلُ بِحَقِّ لَامْ یَا لَامْ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَالِہٖ بِالْلَطَافَتِہٖ یَا لَطِیْفُ

(م) اَجِبْ یَا رُوْیَائِیْلُ یَا مَائِیْلُ بِحَقِّ مِیْم یَا مِیْم یَا مَنَّانُ ذُوْالْاِحْسَانِ قَدْعَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مِنْہُ یَا مَنَّانُ

(ن) اَجِبْ یَا حَوْلَائِیْلُ یَا نَائِیْلُ بِحَقِّ نُوْنْ یَا نُوْنْ یَا نَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَّمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یَخَالِطْہٗ فِعَالُہٗ یَا نَقِیُّ

(س) اَجِبْ یَا ھَمْوَاکِیْلُ یَا سَائِیْلُ بِحَقِّ سِیْن یَا سِیْن یَا سُبْحَانَکَ یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ وَالْدَّرْجَاتِ یَا سَامِعُ

(ع) اَجِبْ یَا لَوْمَائِیْلُ یَا عَائِیْلُ بِحَقِّ عَیْن یَا عَیْن یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ شَیْئٌ مِنْ حِفْظِہٖ یَا عَالِمُ

(ف) اَجِبْ یَا سَرْھَمَاکِیْلُ یَا فَائِیْلُ بِحَقِّ فَایَا فَایَا فَاتِحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَا رَحِیْمُ وَیَا فَرْدُ یَا فَتَّاحُ

(ص) اَجِبْ یَا اَھْجَمَائِیْلُ یَا صَائِیْلُ بِحَقِّ صَایَا صَایَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْہٖ فَلَاشَیِٔی کَمِثْلِہٖ یَا صَمَدُ

(ق) اَجِبْ يَا عُطْرَائِيْلُ يَا قَائِيْلُ بِحَقِّ قَافْ يَا قَافُ يَا قَاهِرُ ذُوالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِىْ لَايُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ

(ر) اَجِبْ يَا اَمْوَاكِيْلُ يَا رَائِيْلُ بِحَقِّ رَا يَا رَا يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ غِيَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

(ت) اَجِبْ يَا عِزْرَائِيْلُ يَا تَائِيْلُ بِحَقِّ تَا يَا تَا يَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ كُلَّ كُنْهِ جَلَالِ مُلْكِهٖ يَا تَامُّ

(ث) اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا ثَائِيْلُ بِحَقِّ ثَا يَا ثَا يَا ثَابِتُ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ يَا ثَابِتُ

(خ) اَجِبْ يَا مَهْكَائِيْلُ يَا خَائِيْلُ بِحَقِّ خَا يَا خَا يَا خَالِقُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ اِلَيْهِ مَعَاذُهٗ يَا خَالِقُ

(ذ) اَجِبْ يَا اَهْرَائِيْلُ يَا ذَائِيْلُ بِحَقِّ ذَالْ يَا ذَالْ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذُوالْجَلَالِ

(ض) اَجِبْ يَا عَطْكَائِيْلُ يَا ضَائِيْلُ بِحَقِّ ضَادْ يَا ضَادْ يَا ضَارُّ لَايَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ يَا ضَارُّ

(ظ) اَجِبْ يَا لُوْزَائِيْلُ يَا ظَائِيْلُ بِحَقِّ ظَا يَا ظَا يَا ظَاهِرُ سُبْحَانَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الظَّاهِرُ الْمُظْهِرُ يَا ظَاهِرُ

(غ) اَجِبْ يَا لُوْخَائِيْلُ يَا غَائِيْلُ بِحَقِّ غَيْن يَا غَيْن يَا غِيَاثُ يَا غِيَاثِىْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَتِهٖ وَمُجِيْبِىْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمُوْنِسِىْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَتِهٖ وَمَعَاذِىْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِىْ حِيْنَ يَنْقَطِعُ حِيْلَتِىْ يَا غِيَاثِىْ

دعوت نادِ علی کبیر

نادعلی شریف حضرات امیرالمومنین کی طرف منسوب ہے۔ تمام مومنین و آئمہ معصومین، مطہرین، بزرگان دین، وعلماء نے وررد رکھی ہے۔ کلمات نادعلی شریف میں اسم اعظم مندرج و پوشیدہ ہے۔ ہر مومن کو لازم ہے کہ نادعلی کا ورد ضرور رکھے۔ اور ہمیشہ ہی اس پر کاربند رہے۔ جو کوئی بھی اس کو جائز نیت و مقصد کی خاطر پڑھے گا۔ انشاء اللہ اس کی ہر جائز حاجت و مقصد برآئیگا۔ اور اللہ پاک ضرور بر ضرور اس کلام کے صدقے حاجت روائی، مشکل کشائی و دستگیری فرمائینگے۔

برائے حصول علم و حکمت :۔ میں اپنا ایک علیحدہ و نمایاں مقام حاصل کرنے کے لئے۔ ہر روز فرض نماز کے بعد ستر مرتبہ کھڑا ہو کر پڑھے۔ اپنے مقصد و نیت کا کامل تصور رکھ کر پڑھے۔

کشف اسرار :۔ کی نیت سے ہر نماز کے بعد (۱۱۱) مرتبہ چاہے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر پڑھے۔

دفع امراض :۔ اگر ایسا مرض لاحق ہو گیا ہو۔ جس سے ڈاکٹر و حکماء عاجز ہو چکے ہوں۔ تو بارش کے پانی پر (۱۱۰) مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور مریض کو وہ پانی پلائے۔ انشاء اللہ لاعلاج امراض فوراً کافور ہونگے۔

رد سحر :۔ اگر کوئی اس اذیت میں گرفتار ہو گیا ہو۔ اور کسی طریقہ سے بھی تلافی نہ ہو۔ تو پانچ کنوؤں یا پانچ نلکوں کا پانی لا کر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور سحرزدہ مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ ہر طرح کا سحر دور ہو گا۔ اس کے علاوہ حقے کا پانی لا کر اس پر ستر مرتبہ دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دے۔

نظر بد :۔ اگر کسی کو بار بار نظر بد لگنے کی شکایت رہتی ہو۔ تو تین دنوں میں (۱۱۱) مرتبہ نادعلی پڑھے۔ اور شیشے کے گلاس میں پانی ڈال کر دم کرے اور نظر بد لگنے والے کو پلائے۔ اور نقش نادعلی مشک و زعفران سے لکھ کر اس کے سیدھے بازو پر باندھے۔

حصول دولت :۔ دست غیب، حصول عزت، دولت و غنا کے لئے روزانہ تا حصول مقصد تک (۹۹) مرتبہ اس نیت سے پڑھے۔ لیکن اس کا ذکر کسی سے بھی نہ کرے اور دوران عمل اس کا نقش لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے۔ انشاء اللہ ہر طرح سے حاجت بر آری ہوگی۔

دشمنوں سے نجات کے لئے :۔ اگر کوئی بلاوجہ تنگ و پریشان کرے اور دوسرے تمام مسلمانوں کے لئے مہلک و خطرناک ثابت ہو اور کسی بھی اصلاح یا اچھی بات پر دھیان نہ دے۔ تو مسجد سے پاک مٹی لاکر اس پر (۷۰) مرتبہ نادعلی پڑھے اور دشمن کے تمام برے انداز کے خاتمے کا مکمل تصور رکھے۔ پھر مٹی پر دم کرکے دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ انشاء اللہ اپنے برے ارادوں سے کسی مسلمان کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔ اور چند دنوں میں ہی علاقہ چھوڑ کر چلا جائیگا۔

دشمن مطیع ہوں :۔ اگر دشمن کا نقصان کرنا مقصود نہ ہو۔ بلکہ وہ دشمن خود ہی اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آنے کے لئے۔ ہر روز تاحیات ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا ورد بنالے۔ تمام کے تمام دشمن مطیع و فرمانبردار و سرنگوں رہینگے۔ اور نقش کو سعد ساعت میں مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو میں ڈالے۔

دفع تہمت :۔ اگر کسی پر ناجائز تہمت لگائی ہو اور کسی طرح بھی کوئی اس کی بات کو اہمیت نہ دے۔ تو تمام تہمت و بہتان باندھنے والوں کے منہ باندھنے کے لئے نادعلی روزانہ عشاء کی نماز کے بعد (۴۰) مرتبہ پڑھے۔ تہمت و بہتان باندھنے والوں کے منہ ہمیشہ ہی بندھیں رہینگے اور اس کا نقش گلے یا بازو میں باندھے۔

رنج و غم دور ہو :۔ اگر کسی مرد یا عورت کو ایسا غم لگ جائے۔ جو دن بدن بڑھتا رہے اور اس وجہ سے صحت گرتی جا رہی ہو۔ دماغی امراض میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو یا ایسا عارضہ لاحق ہو چکا ہوں۔ تو روزانہ (۱۱۰) مرتبہ کھڑے ہو کر سٹیل یا لوہے کے گلاس میں پانی بھرے اور کھڑے کھڑے ہی دم کردے۔ پھر اس دم شدہ پانی میں نقش کو زعفران سے لکھ کر اسی پانی میں ڈال دے۔ صبح نہار منہ اسی پانی کو پیئے۔ جتنا پانی پیئے۔ اتنا ہی پانی

اس میں اور ڈال دے۔

فتح ونصرت :- ترقی اور اونچے عہدے پر فائز ہونے کے لئے تا حصول مقصد روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور نقش کو اسی نیت سے لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے۔

عزت و شوکت :- روزانہ دس مرتبہ اسی نیت سے پڑھ لیا کرے۔ اگر کوئی کسی کی جائز عزت نہ کرتا ہو۔ تو اس کلام کی برکت سے روز بروز عزت و شوکت میں اضافہ ہوتا چلا جائیگا۔ اس کا نقش بھی گلے یا بازو میں ڈال لے۔

حب :- مرد ہو یا عورت اگر جائز شادی کے خواہشمند ہوں۔ لیکن مطلوب نہ مانتا ہو۔ تو روزانہ نادعلی دس مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرکے اپنے منہ و جسم پر پھیر لیا کرے اور نقش کو اسی نیت سے لکھ کر گلے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ مطلوب خود شادی کا پیغام بھیجے گا۔ لیکن ناجائز جگہ یہ عمل نہ کرے۔

عداوت :- اگر کسی سے جائز بغض و عداوت ہو۔ یعنی مخالف نے ہر طرح سے نقصان پہنچانے کی ٹھان لی ہو۔ تو اس کو برے فعل داراداوں سے باز رکھنے کے لئے۔ روزانہ ہر فرض نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھ کر دشمن کا تصور رکھ کر دم کردیا کرے۔ مخالف یا دشمن خود اپنے ہی بنائے ہوئے جال میں پھنس جائیگا۔ اور کسی پر کوئی بھی حرف نہیں آئیگا۔

زبان بندی :- اگر کسی مرد و عورت کی خاطر خواہ زبان ضرورت سے زیادہ تیز چلتی ہو اور وہ اپنی زبان سے ہر وقت دوسروں کی عزت اچھالتا ہو۔ تو اس مقصد و نیت کا کامل تصور رکھ کر روزانہ (۱۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ پھر وہ کبھی بھی اپنی زبان کا غلط استعمال نہیں کریگا۔ جو عمل پڑھے۔ وہ نادعلی کا نقش لکھ کر اپنے گلے یا بازو میں ڈال لے۔

پرہیز، طریقہ وہدایت، دعوت نادعلی کبیر بلاموکل

اگر صرف موکلات کے بغیر دعوت دینے کا ارادہ ہو۔ تو مکمل طور پر پرہیز جلالی و جمالی ہوگا۔ صرف جو کی روٹی خود پکا کر کھائے۔ کپڑا ان سلا استعمال کرے۔ اگر جیڈی پہن

کر اپنی شرم گاہ کو ہی چھپالے تو بہت بہتر ہے۔ آبادی و مکانات میں اس کی دعوت نہ دے۔ بلکہ آبادی سے کہیں دور ویرانے میں اس کی دعوت دینے کا قصد کرے۔ صوم و صلوۃ پر قائم رہتے ہوئے۔ شریعت پر مکمل طور پر ڈٹا رہے۔ چلہ کی نیت ۱۴ دنوں کی کرے اور روزانہ نادعلی شریف (۳۳۰) مرتبہ پڑھے۔ دعوت سے پہلے اعتصام پڑھے۔ پھر اختتام پڑھے۔

اعتصام

یَااَللّٰہُ صَمَدِیُ مِنْ عِنْدَکَ مَدَدِیُ وَعَلَیْکَ مُحَمَّدْ (پانچ مرتبہ) کہے پھر درمیان میں نادعلی شریف (۳۳۰) مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد

اختتام

یَااَبَاالْغَیْثُ اَغِثْنِی یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِی فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ (پانچ مرتبہ) کہے۔ اس طرح یہ چلہ اگر تکمیل تک پہنچ گیا۔ تو پھر کبھی بھی کسی اور چلے کی حاجت نہیں رہیگی اور نہ ہی اس کا عامل کسی کا محتاج رہیگا۔ جس کے لئے بھی دعا کریگا۔ وقت سے پہلے قبول ہوگی۔ اگر بد دعا کریگا تو وہ بھی فوراً قبول ہوگی۔ دعوت دینے سے پہلے نادعلی کا نقش حرفی سعد ساعت میں تحریر کرکے اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ اس سے عمل و دعوت میں ایک زبردست تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

نادِ علی کبیر بلا موکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ
كُلَّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ اِلَى اللّٰهُ حَاجَتِي وَعَلَيْهِ مُعَوَّلِي
كُلَّمَا رَمَيْتَ مُتَقَاضِيًا فِي اللّٰهُ وَيَدُ اللّٰهُ لِي وَلِي اللّٰهُ لِي
اَدْعُوكَ كُلَّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللّٰهُ وَ
بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ وَ
بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ اللّٰهُ اَكْبَرُ
اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَائِكَ بَرِيٌّ بَرِيٌّ بَرِيٌّ اَللّٰهُ
صَمَدِيٌّ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا اَبَا الْغَيْثِ
اَغِثْنِي يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ يَا قَاهِرُ الْعَدُوِّ وَ
يَا وَالِيُّ الْوَلِي يَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ يَا مُرْتَضٰى يَا عَلِيُّ يَا
قَاهِرُ تَقَهَّرْتَ يَا الْقَهْرُ وَالْقَهْرُ فِي قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ يَا ذَا
الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ مُهْلِكُ الْمُنْتَقِمُ
الْقَوِيُّ الَّذِي لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ وَاُفَوِّضُ اَمْرِي اِلَى اللّٰهُ اِنَّ
اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ
النَّصِيْرُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِي يَا رَاحِمُ
الْمَسَاكِيْنَ اِرْحَمْنِي يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي يَا
عَلِيُّ اَدْرِكْنِي بِرَحْمَتِكَ وَمِنِّكَ وَجُوْدِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

دعوت نادعلی کبیریا موکل

اگر دعوت نادعلی کبیریا موکل پڑھنی ہو۔ تو اس میں موکلات کی حاضری ہوتی ہے۔ اگر ویسے بھی دعوت دے تو اللہ و مولا مشکل کشاء کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ آگے عامل کی اپنی مرضی ہوتی ہے۔ اس دعوت کا طریقہ 'پرہیز' و ہدایت پہلے والا ہی ہوگا۔ لیکن اس دعوت میں پہلے اور بعد میں موکلات کے نام کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔ اس چلہ کی نیت بھی ۴۱ دنوں کی کرے۔ اور روزانہ (۶۶۰) مرتبہ پڑھے۔ اس دعوت میں اعتصام و اختتام اور طریقے کا ہے۔

اعتصام

يَااَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَااَللّٰهُ الصَّمَدِيُّ الْمَدَدِيُّ وَعَلَيْكَ مُحَمَّدِيُّ (۵ مرتبہ) پڑھے پھر درمیان میں (۶۶۰) مرتبہ پڑھ کر اختتام پڑھے۔

اختتام

يَااَبَاالْغَيْثِ اَغِثْنِيْ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَاعَلِيُّ الْمُرْتَضٰى اَدْرِكْنِيْ وَاَمْدُدْنِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ (۵ مرتبہ) پڑھے۔

نادعلی کبیریا موکل

نَادِعَلِيًّا يَا حَوْلَائِيْلُ مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ يَا رُوْيَائِيْلُ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ يَا عِزْرَائِيْلُ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ يَا سَرْهَمَاكِيْلُ اِلَى اللّٰهِ حَاجَتِيْ يَا اِسْرَافِيْلُ حَاجَتِيْ وَعَلَيْهِ مُعَوَّلِيْ يَا تَنْكَفِيْلُ كُلَّمَا رَمَيْتَ مُتَقَاضِيًا يَا حَرُوْزَائِيْلُ فِي اللّٰهِ يَا سَرْهَمَاكِيْلُ وَيَدُاللّٰهِ يَا رُفْتَمَائِيْلُ لِيْ وَلِيَ اللّٰهُ يَا طَاطَائِيْلُ لِيْ اَدْعُوْكَ كُلَّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ يَا

اِسْرَافِیْلُ سَیَتَجَلِّی بِعَظْمَتِکَ یَاهَمُوَاکِیْلُ یَااَللّٰهُ وَ
بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ یَا
رُفْتَمَائِیْلُ وَبِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَا رُفْتَمَائِیْلُ اَدْرِکْنِی بِحَقِّ
لُطْفِکَ یَااِسْرَافِیْلُ الْخَفِیُّ اللّٰهُ اَکْبَرُ اللّٰهُ اَکْبَرُ اللّٰهُ اَکْبَر
یَااِسْرَافِیْلُ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَائِکَ یَااِسْرَافِیْلُ بَرِیٌّ بَرِیٌّ بَرِیٌّ
یَا جِبْرَائِیْلُ اللّٰهُ صَمَدِیْ یَااِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ
وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَااِسْرَافِیْلُ یَا اَبَاالْغَیْثِ اَغِثْنِی یَا عَلِیُّ یَا
سَرَاکِیْتَائِیْلُ اَدْرِکْنِی فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا
قَاهِرُ الْعَدُوِّ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ وَیَاوَالِیُ الْوَلِیِّ یَا رُفْتَمَائِیْلُ
یَا مَظْهَرُ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی یَا عَلِیُّ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ یَا
قَاهِرُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِی قَهْرِ قَهْرِکَ یَا قَهَّارُ یَا
سَرَاکِیْتَائِیْلُ یَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ اَنْتَ
الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِکُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِیُّ یَااِسْرَافِیْلُ
الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَااِسْرَافِیْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ
یَا رُفْتَمَائِیْلُ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ یَااِسْرَافِیْلُ وَاِلٰهُکُمْ
اِلٰهٌ یَا رُفْتَمَائِیْلُ وَاحِدٌ لَااِلٰهَ اِلَّاهُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یَا
رُفْتَمَائِیْلُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ یَاتَنْکَفِیْلُ نِعْمَ
الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ یَا حَوْلَائِیْلُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ
اَغِثْنِی یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ یَا
سَرَاکِیْتَائِیْلُ اِرْحَمْنِی یَاعَلِیُّ اَدْرِکْنِی یَا اِسْرَافِیْلُ
وَجُوْدِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

نادِ علی صغیر بلا موکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ

تَجِدْهُ عَونًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلَّ ہَمٍّ وَّ غَمٍّ وَبِعَظْمَتِکَ یَااَللّٰہُ ہُوَالْقَاہِرُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ وَ بِنُبُوَّتِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَبِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ

نادعلی صغیر باموکل

نَادِعَلِیًّا یَا حَولَائِیْلُ مُظْہِرَالْعَجَائِبِ یَا رُوْیَائِیْلُ تَجِدْہُ عَونًا یَا عِزْرَائِیْلُ لَکَ فِی النَّوَائِبِ یَا طَاطَائِیْلُ کُلَّ ہَمٍّ وَ غَمٍّ یَا حُرُوْزَائِیْلُ وَ بِعَظْمَتِکَ یَااَللّٰہُ یَارُفْتَمَائِیْلُ ہُوَالْقَاہِرُ یَا دُوْرِیَائِیْلُ الْعَزِیْزُ یَا اسْرَافِیْلُ الْجَبَّارُ یَا اِسْرَافِیْلُ وَبِنُبُوَّتِکَ یَا رُفْتَمَائِیْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ یَا سَرَاکِیْتَائِیْلُ وَبِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَارُفْتَمَائِیْلُ

نقوش نادعلی شریف حرفی وعددی

نقش نادعلی بلاموکل حرفی

ناد	علیا	مظھر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل ھم
علیا	مظھر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل ھم	وغم
مظھر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل ھم	وغم	سیتجلی
العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل ھم	وغم	سیتجلی	بنبوتک
تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل ھم	وغم	سیتجلی	بنبوتک	یا محمد
عونالک	فی النوائب	کل ھم	وغم	سیتجلی	بنبوتک	یا محمد	وبولایتک
فی النوائب	کل ھم	وغم	سیتجلی	بنبوتک	یا محمد	وبولایتک	یا علی
کل ھم	وغم	سیتجلی	بنبوتک	یا محمد	وبولایتک	یا علی	یا علی

نقش ناد علی بلاموکل عددی

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

نقش ناد علی حرفی باموکل

کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل	تجدہ / عزرائیل	العجائب / اسرافیل	مظہر / روبائیل	علیا / لومائیل	ناد / جبرائیل
وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل	تجدہ / عزرائیل	العجائب / اسرافیل	مظہر / روبائیل	علیا / لومائیل
سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل	تجدہ / عزرائیل	العجائب / اسرافیل	مظہر / روبائیل
بنبوتک / جبرائیل	سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل	تجدہ / عزرائیل	العجائب / اسرافیل
یا محمد / سراکیائیل	بنبوتک / جبرائیل	سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل	تجدہ / عزرائیل
وبولایتک / رفھائیل	یا محمد / سراکیائیل	بنبوتک / جبرائیل	سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل	عونا لک / لومائیل
یا علی / سراکیائیل	وبولایتک / جبرائیل	یا محمد / سراکیائیل	بنبوتک / جبرائیل	سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل	فی النوائب / سرھمائیل
یا علی / لومائیل	یا علی / سراکیائیل	وبولایتک / جبرائیل	یا محمد / سراکیائیل	بنبوتک / جبرائیل	سینجلی / ھموائیل	وغم / رفمائیل	کل ہم / حروزائیل

نقش ناد علی عددی باموکل

م ۱۱۲۱ و ۵ ھ	م ۱۱۳۵ و ۱ ھ	م ۱۱۳۲ و ۲ ھ	م ۱۱۲۸ و ۴ ھ
م ۱۱۳۳ و ۶ ھ	م ۱۱۲۷ و ۲ ھ	م ۱۱۲۲ و ۶ ھ	م ۱۱۳۴ و ۳ ھ
م ۱۱۲۶ و ۲ ھ	م ۱۱۳۰ و ۶ ھ	م ۱۱۳۷ و ۳ ھ	م ۱۱۲۳ و ۶ ھ
م ۱۱۳۶ و ۴ ھ	م ۱۱۲۴ و ۳ ھ	م ۱۱۲۵ و ۹ ھ	م ۱۱۳۱ و ۱ ھ

ناد علی شریف کے تمام نقوش درج کردیئے گئے ہیں۔ جو کہ اب تک کسی بھی عملیاتی کتب میں نہیں ملینگے۔ چونکہ یہ چیزیں سینہ بہ سینہ چلتی ہیں۔ اس لئے صرف میں درج کررہا ہوں۔ ان تمام نقوش میں سے جو کوئی بھی کسی بھی نقش کی زکواۃ دیگا۔ وہ نقش نادعلی کا عامل بن جائیگا۔ پھر جس کسی کو بھی جس مقصد کے لئے دیگا۔ فوری طور پر وہ مقصد حل ہوگا۔

کلام کی طرح نقوش نادعلی میں بہت زیادہ تاثیر ہے اور یہ دینی و دنیاوی تمام مصائب سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے تاثیرالاثر ہیں۔ ویسے یہ نقش زکواۃ کے بغیر ہی پر تاثیر ہیں۔ لیکن زکواۃ دیتے وقت جو عامل محنت کرتا ہے۔ وہ ضائع نہیں جاتی جہاں ویسے ہی بغیر محنت کے نقش درج کیا جائیگا وہاں اگر اس کا اثر پچاس فیصد ہوگا۔ وہاں زکواۃ دینے سے سو فیصد کامیاب ہوجائیگا۔ موقع کی مناسبت سے نقش کو تحریر کرے۔ آتشی طالع نکلنے پر آتشی استعمال کرے۔ بادی ہو تو بادی طریق پر استعمال کرے۔ جس طرح کا طالع نکلے اسی طرح موقع کی مناسبت سے نقش کو تحریر کرے۔ اور تاثیر کا اثر دیکھے۔

طریق کار

ان میں سے کسی بھی نقش کی زکواۃ دینی ہو۔ تو روزانہ ۴۱ دنوں (۲۷) نقش لکھے۔ انہیں آٹے میں رکھ کر گولیاں بنائے اور ۴۱ مرتبہ روزانہ نادعلی باموکل یا بلاموکل پڑھ کر دریا میں ڈال آئے۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کرے۔ اگر نقش نادعلی باموکل ہوگا۔ تو ۴۱ مرتبہ نادعلی باموکل پڑھے۔ اور اگر زکواۃ نقش نادعلی بلاموکل تحریر کریگا۔ تو ۴۱

مرتبہ نادعلی بلاموکل پڑھیگا۔ ۱۴۱دنوں تک نقش کا عامل بن جائیگا۔ پھر موقع کی مناسبت سے نقش کو استعمال کرے۔

کامل عمل مجاور ومسافر

سب سے پہلے یہ یاد رکھے۔ کہ عمل مجاور ومسافر خاص حکم ربی کے تحت ہوتا ہے۔ اس لئے کسی کو بھی مجال نہیں کہ وہ بتا سکے کہ کب عمل مکمل ہوا اور کسی وجہ سے مکمل نہیں ہوا۔ لیکن اگر سچا طالب ایک مرکز پر استقلال سے جمار ہے۔ تو آخر ایک دن کامیابی ضرور ہوتی ہے۔ اور خصوصا اس عمل ایسا مخص ہی کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ جو سچی نیت' اعتقاد و استقلال کے ساتھ جان کی بازی اس عمل پر لگادے۔ اگر ایسی نیت کسی کی بھی ہو۔ تو یہ عمل قطعی طور پر مشکل نہیں ہے۔ اب ایک اٹھنی اور ایک روپیہ حاصل کرے۔ لیکن یہ یاد رکھے کہ اٹھنی اور روپیہ دونوں ایک ہی سن کے ہوں۔ پھر ان دتوں کو پاک صاف پانی سے دھو کرپاک کرے اور اٹھنی پر یہ حروف لکھے۔ دس ااول ک ال ر ک م م اورل ی ق ل ھ وای ل ل ام دل ل ھ ۔اس کے بعد روپے پر یہ حروف لکھے۔
ح ب ام ف ل ھ ھ ن ل ی ح ل ن ول و ح م م ول ل دم ل دھ ص ح اال۔

ان حروف کو لکھنے کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں۔ البتہ حروف کو اچھی روشنائی سے تحریر کرے۔ تاکہ واضح طور پر دکھائی دے سکے۔ جب حروف تحریر کرلے۔ تو دونوں اٹھنی اور روپے کو عطر سے معطر کرے۔ لکھتے وقت باوضو ضرور ہو۔ جب یہ عمل تیار کرلے۔ تو سورج طلوع ہونے سے پہلے دریا پر پہنچ جائے۔ اب سورج کے نکلنے کا انتظار کرے۔ جب سورج آہستہ آہستہ نکلنا شروع ہوجائے۔ تو چاہے اٹھنی کو یا روپے کو کنارے سے تین گز کے فاصلہ پر گڑھا کھود کر دفن کردے۔ دونوں میں سے جس کو بھی پہلے دفن کرے۔ دفن کرکے اسی گڑھے کے اوپر بیٹھ کر تینتیس (۳۳) مرتبہ سورۃ انا اعلینا پڑھے۔ اول و آخر تین مرتبہ دورد شریف ضرور پڑھے۔ پھر شام کو دریا کے دوسرے کنارپر پہنچ جائے اور سورج کے غروب ہونے کا انتظار کرے۔ جب آہستہ آہستہ سورج غروب ہورہا ہو۔ تو دوسرے سکے یا روپے کو عین پہلے سکے کے مدمقابل دفن کرے۔ دفن کرتے وقت پیائش کی کوئی ضرورت نہیں۔ صرف نظر سے ہی اندازہ

کرلے۔ ٹھیک طرح سے اندازہ کرلینے کے بعد سکے یا روپے کو گڑھا کھود کر دفنا دے۔ دفنانے کے بعد اس گڑھے کے اوپر بیٹھ کر (۳۳) مرتبہ لایلٰف قریش اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ عمل میں سمتوں کا بھی کوئی لحاظ نہیں ہے۔ صرف اتنا اندازہ ضرور رکھے۔ کہ دونوں چیزیں دریا کے آرپار بالمقابل دفن کرے۔ اب روزانہ دفن کرنے والی جگہوں پر صبح و شام جا کر اسی طرح سورۃ انا اعطینا اور لایلٰف قریش اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پہلے والی تعداد کے مطابق پڑھا کرے۔ جب سات دن گزر جائیں۔ تو آٹھویں دن سورج نکلنے کے وقت سورۃ انا اعطینا پہلے والی تعداد و طریقہ کے مطابق پڑھ کر گڑھے کو کھودے۔ گڑھا کھودنے کے بعد تین صورتیں واضح ہوں گی۔

پہلی صورت = جو سکہ دفن کیا تھا۔ وہ موجود ہے۔ اگر یہ صورت واقع ہو۔ تو جان لے کہ عمل بیکار ہو گیا ہے۔ اب کوئی اثر نہیں ہوگا۔ چونکہ عمل بیکار ہو گیا ہے۔ دوسری طرف جا کر سکہ نکال لے۔

دوسری صورت = اگر دفن کیا ہوا سکہ موجود نہ ہو۔ تو عمل مکمل ہو گیا ہے۔ اب فوری طور پر دوسری طرف جا کر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور سورۃ لایلٰف قریش (۳۳) مرتبہ پڑھ کر گڑھا کھودے۔ اب دونوں سکے یعنی پہلے والا سکہ اپنی جگہ موجود نہیں تھا یہ بھی اسی جگہ موجود ہوگا۔ اب عامل دونوں سکوں کو اپنے قبضے میں کرلے۔

تیسری صورت = دونوں سکے ایک ہی جگہ موجود ہوں گے۔ اب نہ تو دوسری جگہ جانے کی ضرورت ہے۔ اور نہ ہی کسی اور شے کی۔ یعنی پہلے دفن کیا ہوا سکہ نکالے دونوں سکے اکٹھے وہاں موجود ہوں گے۔ عامل ان دونوں کو اپنے قبضے میں کرلے اور قدرت الٰہی کا تماشہ دیکھے۔

مجاور و مسافر کیا ہے؟

اب عمل مکمل ہونے پر جس سکے کو عامل ہمیشہ اپنے پاس رکھے گا۔ وہ مجاور کہلائے

گا۔ عامل زندگی میں کبھی بھی اس کو خرچ کرنے کی غلطی نہ کرے۔ اسے حفاظت سے ہمیشہ بحفاظت اپنے پاس رکھے اور جو سکہ اپنی جگہ چھوڑ کر دوسرے کے پاس چلا جائیگا۔ وہ مسافر کہلائے گا۔ عامل مسافر سکے کو ہی بازار میں استعمال کریگا اور اسی سے اپنی زندگی کی ضروریات پوری کریگا۔ عامل یاد رکھے کہ صرف مسافر سکے کو ہی استعمال کرے کسی بھی دکاندار یا کسی بھی جگہ دے کر اپنی ضرورت پوری کر لے۔ اب دوکاندار یا کوئی اور اسے جہاں مرضی رکھ لے۔ وہ اڑ کر یا کسی بھی طریقہ سے مجاور کے پاس ضرور آئیگا۔ چاہے اس کا فاصلہ مشرق سے مغرب تک کا ہی کیوں نہ ہو۔ یہ انسان سوچتا ہے۔ کہ ایسا نہیں ہو سکتا۔ لیکن عملیات کی دنیا میں یہ سب سے کم درجہ کا عمل ہے۔

تصرفات عالم دینی و دنیاوی

اگر کسی شخص کو دینی و دنیاوی تصرفات کا عالم بننا ہو۔ تو وہ منقبت حضرت مولا مشکل کشاء کی میرے طریقہ سے پڑھے۔ چونکہ آقا نامدار ختم المرسلین محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ میں علم کا شہر ہوں۔ اور علی اس کا دروازہ ہے۔ جو شخص علم کے دروازے پر پہنچ جائے۔ وہی عالم بنتا ہے اور اگر طریقہ کار بھی صحیح طور پر درج ہو۔ تو تصرفات عالم بن جاتا ہے۔ اس لئے نوچندی اتوار سے اس منقبت کی زکواۃ شروع کرے۔ شب اتوار جس کی صبح کو اتوار ہو گا۔ کھانا صرف شیرنی (دودھ و چاول کھائے) پھر رات بھر اور اتوار کا دن بھر کچھ نہ کھائے۔ رات بھر جاگتا رہے۔ درود شریف و استغفار میں رات گزارے۔ خلوت میں مکمل طور پر رہے۔ کسی کو بھی اپنے پاس نہ آنے دے۔ پھر شام کو افطار کے وقت ایک روٹی جو کی بغیر نمک کے اپنے ہاتھ سے پکا کر کھائے۔ پانی بھی اپنے استعمال کرنے کے لئے خود بھرے۔ پاکی و پاکیزگی میں ہر وقت رہے۔ دن کو بقدر ضرورت و صحت سو سکتا ہے۔ نماز باجماعت کی اس عمل میں اجازت ہے۔ بشرطیکہ کہ کسی سے بھی گفتگو نہ کرے۔ نماز تہجد بھی ضرور ادا کرے۔ اتوار کا دن گزرا اب پیر کی رات آئی۔ صبح کو پیر کا دن ہو گا۔ شام کو وہی جو کی روٹی خود پکا کر کھائے۔ اب پیر کی رات میں بعد نماز عشاء منقبت مولا مشکل کشاء کو ۲۱ دنوں تک روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھے۔ اور جب عمل پڑھنا شروع کرے۔ تو دیا جلائے عمل اگر ختم بھی کر لے۔ تو دیا کو نہ بجھائے۔ وہ خود

بند ہو جائیگا۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۲۱ دنوں کے اندر تصرفات عالم بنے گا۔ اس محنت کے عوض میں عامل کو جو پھل بھی ملیگا۔ عامل اس سے خود شناس ہو جائیگا۔ اسی عمل کے ذریعے جو کہ سب سے بڑی انسان کی سعادت مندی ہے۔ وہ یہ کہ اس منقبت سے مولا علیؑ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ اس سے آگے لکھنا یا کہنا ہی کیا ہے۔

منقبت مولا علی کرم اللہ وجہہ

تعالیٰ اللہ زہے شانِ امیر یثرب و بطحا۔ فروغ شرع پیغمبر چراغ ملت بیضا
علی جنۃ جبہ قسیم النار والجنۃ ۔ امام الانس والجنہ وصی مصطفیٰ حقا
نوید وال من والاہ از بہر محب او ۔ وعید عاد من عاداہ گردد از پئے اعداء
بحث در معنی من کنت مولاہ روی ہرسو ۔ علی مولا بہ ایں معنی کو پیغمبر بود مولا
علی افضل علی اکمل علی اجمل علی عادل ۔ علی عالی علی والی علی معلو ولا معلی
علی حیدر علی صفدر علی داور علی یاور ۔ علی ایمانِ علی قرانِ علی سلطان علی آقا
علی صابر علی قاہر علی ذاکر علی شاکر ۔ علی عابد علی ساجد علی طاہر علی تقوی
علی حادی علی مہدی علی قاضی علی مفتی ۔ علی سرور علی برتر علی بہتر علی اولی
عبادت دیدن سہ شی بہ ارشاد نبی آید ۔ یکی کعبہ دوم قرآن سوم روئے شہ والا
بروز حشر آں سرور پئے کوثر بود ساقی ۔ لوائے حمد را حامل کلید جنت الماوی
احب الخلق عنداللہ جناب مستطاب او ۔ حدیث طیبہ رابر خوان اگر شک می برواز جا
درآن دم بود نور اوبنور مصطفیٰ توام ۔ کہ بودہ بانشان عرش جلیل و کرسی اعلی
علی دربطن مادر بوددر ذکر خدا ہردم ۔ عبادت رابر اوتازے فدائش عالم جان ہا
بوقت زادن عیسی صدا از آسمان آید ۔ کہ بیرون حضرت مریم روداز مسجد اقصیٰ
ورائے حیدر صفدر کرا ایں منزلت حاصل ۔ کہ شد در خانہ پاک خدائے لم یلد پیدا
علی باب مدینہ مصطفےٰ شہر علوم آمد ۔ دخول بیت بی دروازہ کے ممکن بود حاشا
برائے سد ہر باب از پیمبر حکم نافذ شد ۔ مگر دروازہ حیدر بحکم خالق دانا
ز تفسیر کلام اللہ اگر پرسی شود ناطق ۔ کہ سہ صد آیہ نازل شد بہ شان شوہر زہرا
منم سنی و لیکن از تعصب الامان گویم ۔ پسند خاطرم انصاف از دنیا و مافیہا

سخن سنجیدہ می گویم فضائل چیدہ می گویم۔ کتب را دیدہ می گویم چہ باک از طعنہ اعداء

خموش اے احسن ناداں کہ در مدح شہ مرداں
دبیر آسماں گوید ندارم طاقت املا

حصول مرادات ختم شریف

۱۔ جو اس ختم شریف کو ہمیشہ ورد رکھے۔ اس کے دل کے تمام مقاصد پورے ہوں گے۔

۲۔ جو صبح اٹھتے ہی روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ہمیشہ خوش و خرم رہے۔

۳۔ ختم شریف کو روزانہ پڑھنے والا شخص کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ اس کے رزق میں دن بدن اضافہ و برکت ہو۔

۴۔ ختم شریف پڑھنے والوں کے تمام دشمن ذلیل و رسوا ہو اور ختم شریف پڑھنے والا ہمیشہ ہی دشمنوں پر غالب رہے۔

۵۔ اگر کسی کو سخت سے سخت مشکل و مصیبت گھیر لے۔ یا کسی اور دنیاوی معاملے میں گھر جائے۔ کسی کا قرضدار ہو گیا ہو اور قرض چکانے کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہو۔ یا ایسے لاعلاج امراض میں گھر گیا ہو۔ کہ دن بدن بیماری طول ہی پکڑتی جائے۔ تو ختم شریف کو ان میں سے کسی بھی خاص مقصد کی خاطر پڑھے۔ انشاء اللہ بیماریاں دفع ہوں۔ اور قرض کا سبب خود غیب سے اللہ تبارک وتعالیٰ پیدا فرمائے۔

